★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 16 جمادی الثانی 1446ھ 19 دسمبر 2024ء 2 پوہ 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 64

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

کسانوں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے
مریم نواز

کسان بھائیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں، کسان دن رات زمین کے سینے سے اناج اگا کر ہماری غذائی ضروریات پوری کرتے ہیں، کسان کی ترقی اور آسانی کیلئے حکومتِ پنجاب زراعت کے شعبے کو بہتر کر رہی ہے

کسانوں کی خوشحالی کیلئے کسان کارڈ کا اجرا کیا ہے، کاشتکاروں کو پیداواری قرضے دیئے جا رہے ہیں، کاشتکار، کسان کارڈ سے اربوں روپے کے کھاد، بیج اور دیگر زرعی مداخل خرید چکا ہے

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ کسانوں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کسانوں کے قومی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ کسان بھائیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں، کسان دن رات زمین کے سینے سے اناج اگا کر ہماری غذائی ضروریات پوری کرتے ہیں، کسان کی ترقی اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف انتظامی افسران کی کارکردگی جانچنے کے لئے کے پی آئی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف ڈی ۔8 سربراہی اجلاس میں شرکت کیلئے مصر چلے گئے

وزیر اعظم نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور ان کی معاشی ترقی کیلئے حکومت پاکستان کے اقدامات پر بھی روشنی ڈالیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف قاہرہ میں ''آئندہ کل کی معیشت کیلئے نوجوانوں، چھوٹے و درمیانے طبقے کے کاروبار میں سرمایہ کاری'' کے موضوع پر منعقدہ ترقی پذیر ممالک (ڈی ۔8) کے 11 ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کیلئے تین روزہ سرکاری دورے پر مصر روانہ ہو گئے۔ بدھ کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم سربراہی اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے روزگار کی فراہمی، جدت کے فروغ اور مقامی کاروبار کی ترویج کی بنیادوں پر مضبوط اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

رواں سال ترسیلات زر 35 ارب ڈالر سے زائد رہنے کی توقع ہے، محمد اورنگزیب

معاشی میدان میں کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے، ٹھوس اقدامات سے معیشت بہتر ہو رہی ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ رواں سال ترسیلات زر 35 ارب سے زائد رہنے کی توقع ہے، معاشی میدان میں کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے، ٹھوس اقدامات سے معیشت بہتر ہو رہی ہے۔ کابینہ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

نیشنل فورنزک ایجنسی بل 2024 قومی اسمبلی نے بھی منظور

بل وزیر داخلہ محسن نقوی نے پیش کیا، سینیٹ سے نیشنل فرانزک بل 2024 منظور ہو کر آیا ہے، اچھا بل ہے مگر کچھ کمی پھر بھی رہ گئی ہے، اس بل میں لوگوں کو جیلوں میں ڈالنے کا راستہ بہت زیادہ کھول دیا گیا ہے۔ شازیہ مری

شازیہ مری کی ترامیم آج ڈراپ کر دیں یا وہ واپس لے لیں آج بل منظور ہونے دیں جو کچھ کمی ہوگی بعد میں شازیہ مری ترامیم لے آئیں حکومت مخالفت نہیں کرے گی، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کے بعد قومی اسمبلی نے بھی نیشنل فورنزک ایجنسی بل 2024 کی منظوری دے دی جبکہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ فورنزک سائنس تکنیک کا ہونا بہت ضروری ہے، فورنزک سائنس لیبارٹری کی سہولت اسلام آباد میں ہوگی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس بدھ کو منعقد ہوا جس میں قومی فورنزک ایجنسی بل 2024ء سینیٹ سے منظوری کے بعد ایوان میں پیش کر دیا گیا۔ یہ بل وزیر داخلہ محسن نقوی نے پیش کیا۔ پیپلز پارٹی کی رکن شازیہ مری نے کہا کہ سینیٹ سے نیشنل فرانزک بل 2024 منظور ہو کر آیا ہے، اچھا بل ہے مگر کچھ کمی پھر بھی رہ گئی ہے، اس بل میں لوگوں کو جیلوں میں ڈالنے کا راستہ بہت زیادہ کھول دیا گیا ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ اس بل میں سرکاری افسر کو جانتے بوجھتے غلط اختیار کے استعمال پر ایک لاکھ روپے جرمانہ اور ایک سال قید رکھی گئی ہے، جانتے بوجھتے بھی سرکاری افسر کو اختیار کے غلط استعمال پر اتنی کم سزا نہیں ہونی چاہیے، جرمانہ 10 لاکھ تو ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس بل میں ایک جگہ پر وزیر اعظم کا لفظ ہے باقی جگہوں پر وزیر اعظم کا لفظ استعمال نہیں کیا گیا، اس سے آگے جا کر مسائل پیدا ہوں گے، اگر آفیشل غلطی کرتا ہے تو جرمانہ صرف ایک لاکھ ہوگا، اس جرمانے کی حد کو 5 لاکھ تک کرنا چاہیے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ فرانزک سائنس تکنیک کا ہونا بہت ضروری ہے، فرانزک سائنس لیبارٹری کی سہولت اسلام آباد میں ہوگی، شازیہ مری کی ترامیم آج ڈراپ کر دیں یا وہ واپس لے لیں آج بل منظور ہونے دیں جو کچھ کمی ہوگی بعد میں شازیہ مری ترامیم لے آئیں حکومت مخالفت نہیں کرے گی۔ بعد ازاں وزیر قانون کی یقین دہانی کے بعد پیپلز پارٹی کی شازیہ مری نے بل سے متعلق اپنی ترامیم واپس لے لیں جس کے بعد ایوان نے نیشنل فورنزک ایجنسی بل 2024 منظور کر لیا جبکہ قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) جمعرات کی صبح 11 بجے تک ملتوی کر دیا۔

پنجاب بار کونسل نے شمشاد احمد باجوہ کو ممبر جوڈیشل کمیشن مقرر کر دیا

21 دسمبر کو جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں بطور ممبر جوڈیشل کمیشن شمولیت اختیار کر کے مثبت کردار ادا کریں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے شمشاد احمد باجوہ کو ممبر جوڈیشل کمیشن مقرر کر دیا۔ اس سلسلے میں پنجاب بار کونسل کا ہنگامی جنرل اجلاس وائس چیئرمین چودھری بابر وحید کی سربراہی میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر سابق صدر سپریم کورٹ احسن بھون، ایڈووکیٹ جنرل وسیم ممتاز ملک، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل راؤ فضل الرحمن، سیکرٹری پنجاب بار کونسل رفاقت علی سوہل، پاکستان بار کونسل کے سابق وائس چیئرمین طاہر نصر اللہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں تیزی، ایک لاکھ 16 ہزار پوائنٹس کی حد بحال

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 16 ہزار 165 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کرنے لگا

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں مثبت رجحان کا سلسلہ برقرار ہے۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر زبردست تیزی دیکھی گئی، 1300 سے زائد پوائنٹس اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 16 ہزار 165 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس 1308 پوائنٹس کی کمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

یونان کشتی حادثہ: لاکھوں روپے ایجنٹوں کو دیکر پیاروں کو بھیجنے والے راہیں تکنے لگے

پیاروں کی تلاش کے لیے وہاں کی حکومت سے رابطہ کریں، حکومت سے دہائی

اسلام آباد (این این آئی) یونان کے ساحل پر کشتیاں الٹنے کے واقعے میں جاں بحق ہونے والے پاکستانی نوجوانوں کے عزیز و اقارب کا کہنا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف مصر کے دو روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہو رہے ہیں

لانس نائیک محمد محفوظ شہید کا 53 واں یوم شہادت، مسلح افواج کا خراج عقیدت

پنڈ ملکاں میں مزار پر اعلیٰ فوجی افسران کی حاضری دی، دستے کی سلامی، مزار پر پھول چڑھائے گئے 'فاتحہ خوانی اور دعا

شہید کی قربانی پاکستان کی مسلح افواج کے ناقابل تسخیر جذبے کی مظہر ہے' آئی ایس پی آر

پنڈ ملکاں، راولپنڈی (این این آئی) لانس نائیک محمد محفوظ شہید نشان حیدر کا 53 واں یوم شہادت بدھ کو عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا، اس موقع پر پنڈ ملکاں میں ان کے مزار پر اعلیٰ فوجی افسران نے حاضری دی، فوج کے ایک چاک و چوبند دستے نے سلامی دی، مزار پر پھول چڑھائے گئے اور ان افسران نے فاتحہ خوانی اور دعا کی۔ چیئرمین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے چیئرمین شوریٰ کونسل آف سعودی عربیہ ڈاکٹر عبداللہ بن محمد ملاقات کر رہے ہیں

حکومت اپوزیشن مذاکرات کے لیے میرا دفتر اور گھر ہر وقت حاضر ہے

تلخیاں ختم کرنے کے لیے مذاکرات ضروری ہیں، اسپیکر سردار ایاز صادق کی پیشکش سامنے آگئی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے لیے قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق نے پیشکش کر دی۔ ایک بیان میں ایاز صادق کا کہنا ہے کہ حکومت اپوزیشن مذاکرات کے لیے میرا دفتر اور گھر ہر وقت حاضر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

پی ٹی آئی رہنما ملک دشمن عناصر کے اشاروں پر چل رہے ہیں: شرجیل میمن

بانی پی ٹی آئی جب سے جیل میں ہیں ایک ہی بات کی جاتی ہے آگ لگا دو، سڑکیں بند کر دو، گفتگو

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنما ملک دشمن عناصر کے اشاروں پر چل رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی رہنما اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

پی ٹی آئی کی سول نافرمانی کی تحریک بھی ناکام ہوگی، قیصر احمد شیخ

لوگ اپنے عزیزوں کو رقوم نہیں بھیجیں گے تو ان کے گھر کیسے چلیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی احتجاج کے موڈ سے باہر نہیں آرہی، سول نافرمانی کی تحریک بھی ناکام ہوگی۔ وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کہا کہ لوگ اپنے عزیزوں کو رقوم نہیں بھیجیں گے تو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

سرکاری اسکولز کو آؤٹ سورس کرنے کیخلاف دائر درخواستیں خارج

آؤٹ سورس اسکولز بھی پنجاب حکومت کے زیر اہتمام رہیں گے، سرکاری وکیل کا موقف

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری اسکولز کو آؤٹ سورس کرنے کے خلاف دائر درخواستوں کو خارج کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اعتزاز احسن سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

قوم افواج پاکستان کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کرے گی، وزیر اعظم

لانس نائیک محمد محفوظ شہید نے دشمن کے طاقت اور عددی برتری کے نشے کو خاک میں ملا دیا' خراج عقیدت پیش

لانس نائیک محمد محفوظ شہید کا وطن سے عہد وفا اور ملک کے دفاع کی خاطر اپنی جان تک قربان کر دینے کا جذبہ نسل نو کیلئے مشعل راہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ قوم افواج پاکستان کی دفاع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

اسلام آباد، وفاقی وزیر میاں ریاض حسین پیرزادہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ذوالفقار علی بھٹو کو شفاف ٹرائل سے محروم رکھا گیا
چیف جسٹس

ضابطہ فوجداری کے تحت قتل کا ٹرائل براہ راست ہائیکورٹ نہیں کر سکتی، جسٹس یحییٰ آفریدی

جسٹس دراب پٹیل، جسٹس محمد حلیم اور جسٹس صفدر شاہ اس وقت کے ماحول کے باوجود اپنے موقف پر کھڑے رہے، اضافی نوٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ذوالفقار علی بھٹو کیس میں اضافی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ای سی سی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضلع کرم میں 70 ویں روز بھی حالات کشیدہ، معمولات زندگی درہم برہم

فائرنگ کے مختلف واقعات اور روڈ بندش نے عوام کا جینا اجیرن کر دیا، عوام مشکلات کا شکار

کرم (این این آئی) خیبر پختونخوا کے قبائلی ضلع کرم میں 70 ویں روز بھی حالات کشیدہ ہیں، جہاں معمولات زندگی درہم برہم ہونے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ قبائلی ضلع کرم میں 12 اکتوبر کو گاؤں کنج علیزئی میں ایک کانوائے پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

یونان کشتی واقعے کی جوڈیشل انکوائری کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

وفاقی حکومت و دیگر فریق' عدالت حکومت کو واقعے کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا حکم دے، استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ میں یونان کشتی واقعے کی جوڈیشل انکوائری کے لیے درخواست دائر کر دی گئی جس میں کہا گیا کہ کشتیاں ڈوبنے سے پہلے بھی اسی طرح پاکستانی مر چکے ہیں۔ یونان کشتی واقعے کی جوڈیشل انکوائری کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سپیشل اکنامک زون کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونا ضروری ہے، رانا مشہود احمد خان

لیپ ٹاپ سکیم میں بلوچستان کا حصہ 14 بڑھا کر سے 18 فیصد کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ دنیا میں کوئی شارٹ کٹ نہیں ہے نوجوانوں کو اپنے لئے سنجیدہ ہونے کی ضرورت ہے، بلوچستان میں استحکام کیلئے ہم سب کو کردار ادا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

عازمین حج دوسری قسط کے اخراجات (آج) سے بینکوں میں جمع کرا سکیں گے

لاہور (این این آئی) سرکاری سکیم کے تحت کامیاب عازمین حج دوسری قسط کے اخراجات آج (جمعرات) سے 27 دسمبر تک بینکوں میں جمع کرا سکیں گے۔ کامیاب ریگولر سکیم عازمین حج دوسری قسط کی رقم کے 4 لاکھ روپے بینک میں جمع کرائیں گے۔ شیڈول سے کم درخواستیں وصول

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

اسلام آباد، وزیر داخلہ کی ہدایت پر انڈر پاس کی تعمیر کا نیا ریکارڈ قائم

صرف 42 روز میں مکمل ہونے کے بعد آئندہ ہفتے ٹریفک کے لئے کھول دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر اسلام آباد میں انتہائی تیز رفتاری سے انڈر پاس کی تعمیر کا نیا ریکارڈ قائم ہو گیا، جناح ایونیو ایف 18 ایکسچینج چوک انٹرچینج کا انڈر پاس صرف 42 روز میں مکمل ہونے کے بعد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

سپیکر قومی اسمبلی کا لانس نائیک محمد محفوظ شہید کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لانس نائیک محمد محفوظ شہید کے 53 ویں یوم شہادت پر ان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ لانس نائیک محمد محفوظ شہید (نشان حیدر) نے 1971 کی پاک۔ بھارت جنگ میں شجاعت اور بہادری کی مثال قائم کی، انہوں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

ملک کے بیشتر شہروں میں دھند کا راج، حد نگاہ صفر، موٹر ویز مختلف مقامات سے بند

موٹر وے ایم ون پشاور سے رشکئی جبکہ موٹر وے ایم 2 کو لاہور سے ہرن مینار تک دھند کی وجہ سے بند کیا گیا

لاہور (این این آئی) ملک کے بیشتر شہروں میں دھند کے باعث موٹر ویز کو مختلف مقامات سے بند کر دیا گیا ہے۔ ترجمان موٹر وے پولیس سید عمران احمد کے مطابق موٹر وے ایم ون پشاور سے رشکئی جبکہ موٹر وے ایم 2 کو لاہور سے ہرن مینار تک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

خیبر پختونخوا حکومت نافرمانی نہیں کر سکتی تو سول نافرمانی کیسے کرے گی؟ طلال چوہدری

بات چیت سے نہ کوئی روک رہا ہے نہ کوئی روکے گا مگر کسی قسم کا این آر او ڈسکس نہیں ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بات چیت سے نہ کوئی روک رہا ہے نہ کوئی روکے گا مگر کسی قسم کا این آر او ڈسکس نہیں ہوگا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

فواد چوہدری کی (آج) عمران خان سے ملاقات متوقع

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی آج (جمعرات) کے روز بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات متوقع ہے۔ فواد چوہدری کی ایک ہفتے میں عمران خان سے دوسری ملاقات ہوگی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فواد چوہدری نے عمران خان کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

اسلام آباد، وفاقی وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین سے ایرانی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

وزیر داخلہ محسن نقوی کا سعودی عرب کے کنگ فہد سکیورٹی کالج کا دورہ، اعلیٰ تعلیم کے جدید معیار کو سراہا

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے کنگ فہد سکیورٹی کالج کا دورہ کیا، انہوں نے کالج کے ماسٹر پروگرام اور 5 سالہ سٹریٹجک پلان کی ستائش کی اور ادارے کے ڈائریکٹر جنرل کی کاوشوں کو سراہا۔ ڈائریکٹر جنرل کنگ فہد سکیورٹی کالج میجر جنرل ڈاکٹر علی ال دائج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

قبائلی ضلع کرم میں مرکزی شاہراہ کی بندش

ایدھی ایئر ایمبولینس صدر مقام پارہ چنار ایئرپورٹ پر پہنچ گئی

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع کرم میں مرکزی شاہراہ کی بندش کے باعث شدید مریضوں اور زخمیوں کو پشاور منتقل کرنے کے لئے ایدھی ایئر ایمبولینس صدر مقام پارہ چنار ایئرپورٹ پر پہنچ گئی۔ ایئر ایمبولینس میں دوسروں کے علاوہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

وزیر اعظم نے ہاؤسنگ سیکٹر کی ترقی کیلئے 11 رکنی ٹاسک فورس بنادی

چیئرمین وزیر ہاؤسنگ ہونگے، دیگر ارکان میں وزیر خزانہ، وزیر مملکت ریونیو، چیئرمین ایف بی آر، ڈائریکٹر جنرل ویلفیئر شامل

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ہاؤسنگ سیکٹر کی ترقی کیلئے 11 رکنی ٹاسک فورس بنادی، جو شعبے کیلئے قابل عمل ٹیکسیشن نظام تجویز کرے گی۔ اعلامیے مطابق وزیر اعظم کی بنائی گئی ٹاسک فورس کے چیئرمین وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

ملزم کے عمر قید کاٹ کر رہا ہونے کے بعد اپیل سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے مقرر

اپیل سماعت کے لیے مقرر نہ ہونے پر 2017 سے تمام چیف جسٹس صاحبان ذمہ دار ہے، جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد (این این آئی) ملزم کی جیل میں عمر قید کی سزا کاٹنے کے بعد اپیل سپریم کورٹ میں سماعت کے لیے مقرر ہونے پر جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ اپیل سماعت کے لیے مقرر نہ ہونے پر 2017 سے تمام چیف جسٹس صاحبان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

بجلی کی قیمتوں میں فی یونٹ کمی کا امکان، نیپرا 31 دسمبر کو سماعت کرے گا

گزشتہ ماہ 7 ارب 71 کروڑ یونٹ بجلی پیدا ہوئی جس کی پیداواری لاگت 55 ارب 76 کروڑ روپے رہی، درخواست

اسلام آباد (این این آئی) سی پی پی اے نے بجلی کی قیمتوں میں 63 پیسے فی یونٹ کمی کی درخواست نیپرا میں جمع کروا دی۔ نیپرا بجلی کی قیمتوں میں کمی سے متعلق 31 دسمبر کو سماعت کرے گا۔ سی پی پی اے کی درخواست کے مطابق گزشتہ ماہ 7 ارب 71

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

وزیر داخلہ کا سعودی ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ کا دورہ

وزیر داخلہ نے ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ میں ایڈوانس ٹیکنالوجی کا جائزہ لیا اور پاسپورٹ کے جدید نظام کی تعریف کی

سعودی عرب کے تعاون سے پاسپورٹ جعلسازی کرنے والوں کو پاکستان میں ہی پکڑا جا سکتا ہے، محسن نقوی

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے تعاون سے پاسپورٹ میں جعلسازی اور کاغذات میں ردوبدل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ سعودی عربیہ کا دورہ کر رہے ہیں

پنجاب کے سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کی تاریخ تبدیل

چھٹیوں کا آغاز 23 دسمبر سے ہوگا، سکولز 13 جنوری 2025ء کو دوبارہ کھلیں گے' نوٹیفکیشن

صوبہ بھر میں 20 دسمبر کو سکولز معمول کے مطابق کھلیں گے، ضلعی ایجوکیشن اتھارٹیز کو نئے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) پنجاب کے سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کی تاریخ میں تبدیلی کر دی گئی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے موسم سرما کی تعطیلات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

شمالی وزیرستان: بارودی سرنگ کا دھماکا، 2 بچیاں زخمی

بچیوں کی عمر 9 اور 10 سال بتائی گئی' پڑھنے کیلئے جا رہی تھیں کہ دھماکے کا شکار ہو گئیں

میران شاہ (این این آئی) شمالی وزیرستان میں دتہ خیل کے علاقے شیرانی میں بارودی سرنگ کا دھماکا ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق دھماکے کے نتیجے میں 2

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

پی ٹی آئی کی منفی سیاست سے بچہ بچہ واقف ہے' برجیس طاہر

پی ٹی آئی نے بدامنی افراتفری کے علاوہ کبھی عوام کی بات نہیں کی، نوجوان نسل کو بدتمیزی، ملک دشمنی کا درس دیا گیا

سانگلہ ہل (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وفاقی وزیر چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں ملک انتشار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

پاکستان میں مطلوب 6 اشتہاری ملزمان متحدہ عرب امارات سے گرفتار

گرفتار اشتہاری ملزمان میں بابر وسیم، تاج رسول، عبدالحسیب، قیصر محمود، ندیم افضل اور ذیشان شامل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں قتل، اقدام قتل اور ڈکیتی مقدمات میں مطلوب 6 اشتہاری ملزمان کو متحدہ عرب امارات سے گرفتار کر لیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

nni

چیف جسٹس سپریم کورٹ آف آزاد جموں کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نارووال بار میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین پی ایچ اے ہیڈ کوارٹرز میں چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ اور ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو سے سرسبز اور خوبصورت لاہور منصوبے کے حوالے سے بریفنگ لے رہے ہیں

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی پی ایچ اے ہیڈ کوارٹر جیلانی پارک آمد

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز لاہور سمیت صوبے بھر کو کلین اینڈ گرین بنانے کا عزم رکھتی ہیں، بلال یاسین

لاہور (صابر غوری) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی پی ایچ اے ہیڈ کوارٹر جیلانی پارک آمد ہوئی۔ وزیر ہاؤسنگ نے چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ، ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو سے ملاقات کی۔ چیئرمین اور ڈی جی پی ایچ اے کی پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق سرسبز اور خوبصورت لاہور کیلئے جاری پروجیکٹ کے بارے بریفنگ دی۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے کامیاب گل داودی کی نمائش پر پی ایچ اے کی کارکردگی کو سراہا۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے پی ایچ اے کی سالانہ گل داودی نمائش کے کامیاب انعقاد پر پی ایچ اے کی تحسین پیش کیا اور میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں عوام کو جلد پٹونیا فلاور نمائش اور پارس اینڈ کینڈل شو کا تحفہ دیں گے۔ گریٹر اقبال پارک، جیلانی پارک اور گلشن اقبال پارک میں سینما سکرین نصب کی جائیں گی۔ چیمپئنز ٹرافی کے میچز پی ایچ اے کے پارکس میں دکھانے کا خصوصی انتظام کیا جائے گا۔ شہر لاہور میں پی ایچ اے بل بورڈز کو ڈیجیٹلائز کیا جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے وزیر ہاؤسنگ کی مین شاہراہوں پر گرین بیلٹس کو مزید بہتر کرنے کی ہدایت دی اور کہا کہ پارکس میں شہریوں کو پارکنگ، سیکورٹی اور مزید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائی جائیں۔

پنجاب اسمبلی کے قوانین میں اصلاحات، اسپیکر ملک محمد احمد خان کی قیادت میں جمہوریت کے نئے دور کا آغاز

سی پی اے نے اسپیکر ملک محمد احمد خان کی شفافیت اور احتساب کے حوالے سے کی جانے والی کوششوں کو تسلیم کیا

لاہور (خبر نگار) کامن ویلتھ پارلیمنٹری ایسوسی ایشن (سی پی اے) نے پنجاب اسمبلی میں ہونے والی حالیہ اصلاحات کو شفافیت اور احتساب کے لیے مثالی قرار دیا ہے۔ سی پی اے نیوز لیٹر میں سپیکر کے اقدامات کو نمایاں کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ خواتین اور اقلیتوں کی بہتر نمائندگی کے لیے کی گئی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ اس کے علاوہ قانون سازی میں عوامی شرکت کو یقینی بنانے اور عالمی معیار کے قوانین نافذ کرنے کے لیے پنجاب اسمبلی کے اقدامات کو سراہا گیا۔ نیوز لیٹر میں یہ بھی ذکر کیا گیا کہ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کمیٹیوں کی خود مختاری میں اضافہ کیا، جس سے اسمبلی کی کارکردگی میں مزید بہتری آئی۔ ان کی قیادت میں پنجاب اسمبلی نے خواتین اور اقلیتوں کی نمائندگی کو نہ صرف بڑھایا بلکہ قانون سازی کے عمل میں شفافیت اور احتساب کو فروغ دیا۔ سی پی اے کی جانب سے سپیکر ملک محمد احمد خان کے اقدامات کو تسلیم کرنا ان کی شاندار قیادت اور اصلاحاتی سوچ کا اعتراف ہے، جو پنجاب اسمبلی کو مزید فعال اور عوامی خدمت کے لیے بہتر بنا رہی ہے۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ایل ڈی اے کا سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن سے تربیت حاصل کر کے سوئمنگ میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والی تین سگی بہنوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن کا منفرد اعزاز، تین سگی بہنوں کی سوئمنگ مقابلوں میں نمایاں پوزیشن

ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن میں سوئمنگ کی تربیت حاصل کرنے والی تین بہنوں کی ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق سے ملاقات

ڈی جی ایل ڈی اے کا تینوں کھلاڑی بہنوں کو ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس کی اعزازی ممبر شپ دینے اور کوچ ممتاز احمد کے لئے نقد انعام کا اعلان

لاہور (خبر نگار) ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن نے منفرد اعزاز حاصل کیا ہے۔ پاکستان کے ابھرتے ہوئے ستارے، تین سگی بہنوں نے سوئمنگ مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کیں۔ تینوں بہنوں نے سوئمنگ ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن سے سیکھی، اور متعدد مقابلے جیتے۔ ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن میں سوئمنگ کی تربیت حاصل کرنے والی تین بہنوں نے گزشتہ روز ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق سے ملاقات کی۔ تینوں بہنوں نے سوئمنگ کے قومی و بین الاقوامی مقابلوں میں درجنوں میڈلز حاصل کر رکھے ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے تینوں بہنوں کو نمایاں پوزیشنز اور میڈلز حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ عائشہ وقاص نے انڈر 16 سوئمنگ میں پاکستانی فرسٹ ورلڈ میڈیکل فرائے تصلین 2024 میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ اسماء وقاص انڈر 12 میں سوئمنگ کے قومی مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ آمنہ وقاص اوپن کیٹگری میں سوئمنگ کے مقابلوں میں گولڈ میڈل حاصل کیے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے تینوں کھلاڑی بہنوں کو ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس کی اعزازی ممبر شپ دینے کا اعلان کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سوئمنگ کوچ ممتاز احمد کی خدمات کو سراہا اور نقد انعام کا اعلان کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے تینوں کھلاڑی بہنوں کے والد کے عزم کو سراہا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس ایل ڈی اے خرم یعقوب، ایل ڈی اے سوئمنگ کوچ ممتاز احمد اور متعلقہ افسران موجود تھے۔

کمرشل فیس نادہندگان، غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری، مختلف سکیموں میں 52 املاک سر بمہر کر دیں

سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، کالج، بیوٹی سیلون، اسٹیٹ آفس، دکانیں، دفاتر، سٹور و دیگر شامل ہیں

غیر قانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں اور کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر بھرپور آپریشن جاری ہے۔ غیر قانونی کمرشل عمارتوں و کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف جاری آپریشن میں ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں کارروائیاں کر کے 52 املاک سر بمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گلبرگ، نیو گارڈن ٹاؤن، فیصل ٹاؤن، علامہ اقبال ٹاؤن میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گلبرگ، نیو گارڈن ٹاؤن، فیصل ٹاؤن میں 20، علامہ اقبال ٹاؤن میں 32 املاک سر بمہر کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، کالج، بیوٹی سیلون، اسٹیٹ آفس، دکانیں، دفاتر، سٹور و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیے گئے تھے۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر شہر میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

ساندہ پولیس کارروائی 02 بدنام زمانہ ہیروئن فروش گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ساندہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 بدنام زمانہ ہیروئن فروش کو گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ساندہ پولیس نے لاہور کے مختلف علاقوں، مارکیٹوں اور بازاروں، میں ہیروئن فروخت کرنے والے ملزمان انعام الہی اور احتشام کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے ان سے مجموعی طور پر لاکھوں روپے مالیت کی 02 ہزار 30 گرام ہیروئن برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر دیے۔

ماس ٹرانزٹ منصوبے سبسڈی سے پاک ہوں گے تو ہی حقیقی کامیابی حاصل کر سکیں گے، بلال اکبر خان

ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے پنجاب اربن پبلک ٹرانسپورٹ کے حوالے سے تیسری ورکشاپ کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے نجی ہوٹل میں پنجاب اربن پبلک ٹرانسپورٹ کے حوالے سے تیسری ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان اور سیکرٹری ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ احمد جاوید قاضی نے خصوصی شرکت کی۔ ورکشاپ میں پنجاب میں ماس ٹرانزٹ منصوبوں کو بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پیش کی گئیں جبکہ فیصل آباد بی آر ٹی سسٹم کیلئے فزیبلٹی اسٹڈی کے اہم نکات پر تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔ اس دوران الیکٹرک بسوں کے ثمرات، گرین بس ڈپوز اور میٹرو اسٹیشنز کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کے حوالے سے اہم پہلوؤں اور فیصل آباد بی آر ٹی سسٹم کے تکنیکی اور معاشی پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ اپنے خطاب میں وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے ورکشاپ کے کامیاب انعقاد کو سراہا اور اظہار خیالات کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے تمام اضلاع کیلئے ماس ٹرانزٹ کے ایسے منصوبے چاہتے ہیں جو عوام کی سفری ضروریات کو پورا کریں اسی لیے فیصل آباد بی آر ٹی سسٹم کیلئے بھی بہترین تجاویز کیساتھ ساتھ جلد از جلد تمام مراحل مکمل کرنے کی کوشش کی جائے۔

بھاٹی گیٹ، ساندہ، ٹاؤن شپ، کاہنہ اور نشتر کالونی میں 5 افراد کی اموات

پانچوں لاشیں متعلقہ پولیس کی قانونی کارروائی کے بعد مردہ خانے منتقل

لاہور (کرائم رپورٹر) بھاٹی گیٹ، ساندہ، ٹاؤن شپ، کاہنہ اور نشتر کالونی میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے، ایدھی ترجمان کے مطابق بھاٹی گیٹ کے علاقے پرندہ مارکیٹ کے قریب سے 50 سالہ نامعلوم شخص، ساندہ کے علاقے بھولے شاہ قبرستان بند روڈ سے 35 سالہ شخص، ٹاؤن شپ کے علاقے سے 40 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں پائے گئے جن کی اموات نشے کی زیادتی کے باعث ہوئیں اس کے علاوہ نشتر کالونی کے علاقے ٹریفک حادثے میں 60 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا اور کاہنہ کے علاقے شریف پارک کے قریب گھر سے 55 سالہ شخص مردہ حالت میں پایا گیا متوفی کی شناخت احسان ولد رشید کے نام سے ہوئی ایدھی رضاکاروں نے پانچوں لاشیں متعلقہ پولیس کی قانونی کارروائی کے بعد مردہ خانے منتقل کر کے فنگر پرنٹ کی مدد سے متوفیان کی شناخت کی کوشش شروع کر دی۔

صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں کی یلغار

گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 314 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں کی یلغار، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 314 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں کے دوران چور مختلف علاقوں کے 9 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 8 افراد سے لاکھوں روپے اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 13 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 36 موٹر سائیکلیں، 1 کار، 1 دیگر وہیکل، 2 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 244 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

خواتین بچے کے لیے جیکٹ خرید رہی ہیں

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے 1092 نئے کنسلٹنٹس کی بھرتیوں کیلئے ریکوزیشن بھجوا دی گئی

45 مختلف سپیشلٹیز میں کنسلٹنٹس کی بھرتیوں کیلئے پنجاب پبلک سروس کمیشن کو ریکوزیشن بھجوائی گئی ہے

لاہور (خبر نگار) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے 1092 نئے کنسلٹنٹس کی بھرتیوں کیلئے پنجاب پبلک سروس کمیشن کو ریکوزیشن بھجوا دی۔ تفصیلات کے مطابق 45 مختلف سپیشلٹیز میں کنسلٹنٹس کی بھرتیوں کیلئے پنجاب پبلک سروس کمیشن کو ریکوزیشن بھجوائی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 200 ڈینٹل سرجنز، 96 سینئر رجسٹرار آف اینستھیزیا، 95 سینئر رجسٹرار آف کارڈیالوجی، 92 سینئر رجسٹرار آف سرجری، 60 سینئر رجسٹرار آف آبسٹیٹرکس اینڈ گائنی، 53 سینئر رجسٹرار آف میڈیسن، 46 سینئر رجسٹرار آف کارڈیک سرجری اور 44 سینئر رجسٹرار آف آرتھوپیڈک سرجری کیلئے ریکوزیشن بھجوائی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 38 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک سرجری، 33 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک میڈیسن، 32 سینئر رجسٹرار آف نیورو سرجری، 35 سینئر رجسٹرار آف ریڈیالوجی، 122 اسسٹنٹ پروفیسر آف فزیالوجی، 120 اسسٹنٹ پروفیسر آف آبسٹیٹرکس اینڈ گائنی، 120 اسسٹنٹ پروفیسر آف بائیو کیمسٹری، 15 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک ہیماٹولوجی، 111 اسسٹنٹ پروفیسر آف فارماکولوجی، 19 سینئر رجسٹرار آف ای این ٹی اور 16 سینئر رجسٹرار آف پلاسٹک سرجری کی ریکوزیشن بھجوائی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 10 سینئر رجسٹرار آف نیورولوجی، 11 سینئر رجسٹرار آف کارڈیک اینستھیزیا، 18 سینئر رجسٹرار آف سائیکاٹری، 17 سینئر رجسٹرار آف آفتھلمولوجی، 17 سینئر رجسٹرار آف نیفرولوجی، 15 ایسوسی ایٹ پروفیسر آف اینستھیزیا، 09 سینئر رجسٹرار آف پلمونولوجی، 07 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک ریڈیالوجی، 06 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک نیورولوجی، 06 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک آفتھلمولوجی، 04 سینئر رجسٹرار آف ریڈیو تھراپی، 04 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک یورولوجی، 03 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک اینستھیزیا اور 02 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک کارڈیک اینستھیزیا کیلئے ریکوزیشن بھجوائی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 04 سینئر رجسٹرار آف کڈنی ٹرانسپلانٹ، 02 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک ای این ٹی، 01 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک پلمونولوجی، 01 سینئر رجسٹرار آف پیڈیاٹرک آرتھوپیڈک، 01 ایسوسی ایٹ پروفیسر آف پیڈیاٹرک یورولوجی، ایسوسی ایٹ پروفیسر آف پیڈیاٹرک پلاسٹک سرجری، 01 ایسوسی ایٹ پروفیسر آف کریٹیکل کیئر، 01 ایسوسی ایٹ پروفیسر آف جینیٹکس، 01 پروفیسر آف کیمیکل پیتھالوجی، 01 ایسوسی ایٹ پروفیسر آف پیڈیاٹرک اینستھیزیا اور 01 سینئر رجسٹرار آف پلمونولوجی کی ریکوزیشن بھجوائی گئی ہے۔

کمشنر لاہور زید بن مقصود گورنمنٹ ہسپتال غازی آباد لاہور کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

کمشنر لاہور زید بن مقصود نے بغیر سٹاف گورنمنٹ ہسپتال غازی آباد کی ایمرجنسی اور کاؤنٹرز کا خود انفرادی دورہ کیا

کمشنر لاہور زید بن مقصود نے پبلک ٹوائلٹس صفائی کی ناقص صورتحال اور سٹاف کی عدم موجودگی پر اظہار ناراضگی کیا، ایم ایس سے رپورٹ طلب کر لی

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے گورنمنٹ ہسپتال غازی آباد کا سرپرائز دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے بغیر سٹاف کے پہلے خود ہسپتال کی ایمرجنسی اور کاؤنٹرز کا جائزہ دورہ کیا بعد ازاں دفتر میں موجود ایم ایس ہسپتال کے ہمراہ بھی کاؤنٹرز کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے انسداد پولیو کاؤنٹر کو نمایاں ترین جگہ پر منتقل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسداد پولیو کاؤنٹر متحرک کریں، کوئی بچہ بغیر پولیو قطرے پیئے ہسپتال سے نہ جائے۔ انہوں نے پی ایچ ایف ایم سی کا دفتر چیک کیا، عملہ موجود نہیں تھا، کمشنر لاہور نے سٹاف کی عدم موجودگی اور پبلک ٹوائلٹس صفائی کی ناقص صورتحال پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے ایم ایس ہسپتال سے رپورٹ طلب کر لی۔

تیزگام ایکسپریس کی بریک وین میں آتش گیر مادے کی موجودگی کے شواہد نہیں پائے گئے

پرائیویٹ کانٹریکٹر کی کوتاہی پائی گئی تو پرفارمنس گارنٹی ضبط کرنے کے ساتھ ساتھ سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، ترجمان ریلوے

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلوے اور ریسکیو حکام کی ابتدائی تحقیقات کے مطابق تیز گام ایکسپریس کی بریک وین میں آتش گیر مادے کی موجودگی کے شواہد نہیں پائے گئے۔ واقعہ کی شفاف تحقیقات کیلئے چیف ایگزیکٹو افسر پاکستان ریلویز کے احکامات کی روشنی میں تین سینئر افسران پر مشتمل کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ہے۔ ڈپٹی چیف الیکٹریکل انجینیئر، ڈپٹی چیف مکینیکل انجینئر (کیرج) اور ڈپٹی چیف کمرشل مینیجر پر مشتمل کمیٹی دو روز میں انکوائری مکمل کر کے رپورٹ ہیڈ کوارٹرز جمع کروائے گی۔ ترجمان ریلوے کا کہنا ہے کہ حادثے کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لیا جائے گا۔ اس ضمن میں اگر پرائیویٹ کانٹریکٹر کی کوتاہی پائی گئی تو پرفارمنس گارنٹی ضبط کرنے کے ساتھ ساتھ سخت قانونی کارروائی بھی کی جائے گی۔ ریلوے پولیس بھی اس سلسلے میں تقاضے پورے کرے گی جبکہ واقعہ کی ایف آئی آر ریلوے پولیس اسٹیشن لاہور میں درج کروا دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ آگ لگنے سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا اور تمام مسافر محفوظ رہے تھے۔ پاکستان ریلویز کی جانب سے پچھلے ایک سال میں کیے گئے حفاظتی اقدامات کے پیش نظر ٹرینوں میں آگ لگنے کے واقعات پر قابو پانے میں بہت مدد ملی ہے۔ اس سال کوئی مسافر آگ لگنے کے واقعہ میں زخمی یا جاں بحق نہیں ہوا۔

پاکستان کی تاجر برادری کا پسندیدہ چینل نظام ٹی وی کی دسویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز

افتتاحی تقریب میں بانی ٹی کنگل اللہ منرل واٹر پلانٹ حاجی رمضان چشتی، سینئر اینکر پرسن ہوسٹ بنام سرکار پروگرام سٹی 42 چینل ذوہیب سلیم بٹ خصوصی طور پر شریک ہوئے

10th Anniversary
Nizamtvhd
@Nizamtv
NIZAM TV

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان کی تاجر برادری کا پسندیدہ چینل نظام ٹی وی کی دسویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز محفل میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے کر دیا گیا محفل میلاد مصطفی کے بعد کیک کاٹ کر تقریبات کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ اس افتتاحی تقریب میں بانی ٹی کنگل اللہ منرل واٹر پلانٹ حاجی رمضان چشتی، سینئر اینکر پرسن ہوسٹ بنام سرکار پروگرام سٹی 42 چینل ذوہیب سلیم بٹ خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ تقریب میں ڈاکٹر شاہدہ استقلال سی ای او نظام ٹی وی نے مہمانوں کا مالا پہنا کر استقبال کیا دیگر مہمانوں میں معروف کاروباری شخصیت و چیئرمین مسلم لیگ ن شہاب بشارت، غلام مرتضیٰ لاہوری مستانہ، مجاہد بٹ، مصطفیٰ احمد، نائیلہ خان، جاوید قریشی، حاجی محمد سعید سی ای او DNN چینل، سینئر صحافی ارشد حسن، تنویر بٹ، اظہر فرید، ملک عابد نواز، منظور جمال، ذیشان رندھاوا، ملک تاران نوید، جبکہ نظام ٹی وی کی ٹیم ڈاکٹر مدیحہ بتول ڈائریکٹر، کاشف حسن چیف رپورٹر، مصعب ملک سینئر اینکر پرسن نعمان اقبال اینکر، جویریہ شیخ اینکر، سینئر کیمرہ مین شیخ محمد نعیم، آصف خان، محمد دانش، نے بھی بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تنویر بٹ نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے نذرانے پیش کیے گئے۔ نعت رسول مقبول کے بعد حاجی رمضان چشتی نے نعتیہ کلام پیش کر کے تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ تقریب کے اختتام پر نظام ٹی وی اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں آخر میں نظام ٹی وی کی دسویں سالگرہ کا خصوصی کیک کاٹا گیا اور مہمانوں کو اندرون موچی گیٹ لال کھوہ کی مشہور مٹھائی فضل سویٹس کھلائی گئی۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	
عصر	
مغرب	
عشاء	

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

1:30 8:45 غروب آفتاب 6:45

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

گنگا رام ہسپتال سپورٹ سٹاف ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام کرسمس کا کیک ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر عارف افتخار، ایم پی اے بابا فلبوس، نوید ظہور، شہزاد ظہور کاٹ رہے ہیں

لیو انکیشمنٹ، پنشن و گریجویٹی میں کمی ملازمین کا قتل عام ہے، جاوید سنگھیڑہ

حکومتی ظالمانہ اقدام پر اساتذہ و ملازمین کے گھروں میں صف ماتم برپا ہے، رانا انوار الحق

لاہور (خبر نگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کے رہنماؤں خالد جاوید سنگھیڑہ، پروفیسر فائزہ رعنا، رخسانہ انور، راجہ طاہر، رانا انوار الحق، چوہدری بشیر وڑائچ، افتخار گجر، ضیاء اللہ نیازی، رانا لیاقت، کاشف شہزاد چوہدری، چوہدری صفدر، ملک امجد، راجہ کامران عزیز، ملک ذوالقرنین، فیاض گیلانی، اقبال ندیم چھل، مسعود جان، رانا احمد حسین و دیگر نے کہا ہے کہ لیو انکیشمنٹ، پنشن و گریجویٹی میں کمی اساتذہ و ملازمین کے معاشی قتل عام کے مترادف ہے اس حکومتی ظالمانہ اقدام پر اساتذہ و ملازمین کے گھروں میں صف ماتم برپا ہے ملازمین ذہنی مریض بن گئے ہیں پہلے ہی ہوش ربا مہنگائی نے ملازمین کا جینا دوبھر کر رکھا ہے اور اب ظالمانہ معاشی قتل عام پر ملازمین کو جان کے لالے پڑ گئے ہیں پنجاب بھر کے ملازمین آج 19 دسمبر کو 11 بجے دن سول سیکرٹریٹ کے سامنے لاہور سمیت پنجاب بھر میں حکومتی ظالمانہ پالیسیوں کے خلاف احتجاج کیا جائے گا۔ لہذا وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ ہے کہ ملازمین کش نوٹیفکیشنز کو فی الفور واپس لیا جائے۔

مرکز صراط مستقیم تاج باغ میں تحریک صراط مستقیم کے سالانہ اجتماع سے سربراہ تحریک لبیک یا رسول اللہ ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی، صوفی محمد گلزار قادری، مفتی محمد ارشاد احمد حقانی، قاری محمد فرمان علی حیدری و دیگر خطاب کر رہے ہیں

تحریک صراط مستقیم پاکستان کی تنظیم نو سے کارکنان میں نیا جوش اور ولولہ پیدا ہو رہا ہے، ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی

کارکنان اپنے علمی اور روحانی منشور کو پھیلانے کے لیے دن رات محنت کریں، اچھائی کا پیغام پھیلانا بہت بڑی نیکی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) مرکز صراط مستقیم تاج باغ لاہور میں تحریک صراط مستقیم کے ذمہ داران کا سالانہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت تحریک صراط مستقیم کے بانی و سربراہ ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے کی۔ اجلاس میں یہ طے کیا گیا کہ ان شاء اللہ تعالیٰ 25 جنوری کو بعد از نماز مغرب ایوان اقبال لاہور میں تاریخی "ختم النبیین کانفرنس" کا انعقاد کیا جائے گا۔ اسی موقع پر ان شاء اللہ تعالیٰ مرکز صراط مستقیم کا سالانہ "ختم بخاری شریف" اور "دورۂ حدیث شریف اور تخصص فی الفقہ" سے فارغ التحصیل ہونے والے علماء و مفتیان کی "دستار فضیلت و جبہ پوشی" کی جائے گی۔ سالانہ اجلاس میں مہمان خصوصی پیر سید محمد عامر سلطان شاہ صاحب تھے۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے کہا: تحریک صراط مستقیم پاکستان کی تنظیم نو سے کارکنان میں نیا جوش اور ولولہ پیدا ہو رہا ہے۔ کارکنان اپنے علمی اور روحانی منشور کو پھیلانے کے لیے دن رات محنت کریں۔ اچھائی کا پیغام پھیلانا بہت بڑی نیکی ہے۔ معاشرے میں علم و آگہی لانے کے لیے قرآن و سنت کے لائحہ عمل کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ مدارس دینیہ اسلام کے قلعے اور معارف کے سمندر ہیں۔ اغیار مدارس کی حریت پر حملہ آور ہونا چاہتے ہیں۔ جو اپنے مذموم مقاصد میں ان شاء اللہ عزوجل کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ سالانہ اجلاس میں علامہ فرمان علی حیدری، علامہ مرتضیٰ علی ہاشمی نے بھی خطاب کیا۔ جبکہ شیخ الحدیث مفتی محمد ارشاد احمد جلالی اور مختلف اضلاع کے تنظیمی ذمہ داران، مفتی محمد شاہد رفیق مدنی، علامہ محمد ارشد شاہ، چوہدری نصر اللہ وڑائچ، میاں محمد لطیف مرتضائی، شاہد محمود قمبردار، حافظ محمد ذوہیب جلالی و دیگر نے شرکت کی۔

ڈی جی پی ایچ اے سرگودھا توقیر حیدر کاظمی کے بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء آرٹس کونسل لاہور تبادلے پر ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

مخلوق خدا کی خدمت اللہ اور رسول کی خوشنودی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، کمشنر جہانزیب خان

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی سرگودھا توقیر حیدر کاظمی کے بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء آرٹس کونسل لاہور تبادلے پر ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد وسیم، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن رائے محمد یاسر بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ بلال حسن، اے ڈی سی آر فہد محمود، اے ڈی سی جی عمر فاروق، اے ڈی سی ایف اینڈ پی محمد ارشد وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر پی ایچ اے شفیق نیازی، اے سی سرگودھا آمنہ احسان تارڑ اور اے ایم سی زویا بلوچ کے علاوہ پی ایچ اے کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر کمشنر جہانزیب اعوان کا کہنا تھا کہ سرکاری ملازمت جہاں ہمیں عزت، شناخت اور اختیار عطا کرتی ہے وہیں نیک نیتی اور خلوص سے فرائض کی ادائیگی کے ذریعہ عام آدمی کی مشکلات اور شکایات کے ازالہ کا بہترین موقع بھی فراہم کرتی ہے اور مخلوق خدا کی خدمت سے اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی حاصل کرنے کا اس سے بہترین کوئی اور ذریعہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ خود کو حقیقی معنوں میں عوام دوست سرکاری ملازم سمجھ کر مسائل کے حل کیلئے صدق دل سے اقدامات کرنے والوں کو لوگ ہمیشہ قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ہمارا اصل اثاثہ بھی یہی ہے کہ عام آدمی ہماری تعیناتی کے دوران اور ٹرانسفر کی صورت میں اچھے لفظوں میں یاد رکھیں۔ ٹرانسفر ہونے والے ڈی جی پی ایچ اے توقیر حیدر کاظمی نے الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دوران تعیناتی ڈویژنل و ضلعی سربراہان سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا اور فرائض کی ادائیگی کے سلسلہ میں بھرپور تعاون اور رہنمائی حاصل رہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرگودھا کے شہریوں نے دوران تعیناتی ہمیشہ عزت و احترام دیا اور وہ یہاں کے لوگوں کی محبتیں ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ بعد ازاں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے توقیر حیدر کاظمی کا یادگاری شیلڈز جبکہ دیگر افسران نے تحائف دے کر سرگودھا سے رخصت کیا۔

کمشنر جہانزیب اعوان تبدیل ہونے والے ڈی جی پی ایچ اے توقیر حیدر کاظمی کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد وسیم بھی موجود ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

سردی کی شدت بڑھتے ہی گیس غائب ہوگئی، بچے سکول بھوکے جانے پر مجبور

باغیچی محلہ، سرہالی روڈ محلہ صادق آباد اور دیگر علاقوں میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گیس غائب ہو گئی۔کئی کئی گھنٹے گیس کا غائب رہنا معمول بن چکا

مصطفی آباد/ للیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں) سردی کی شدت بڑھتے ہی گیس غائب ہوگئی، بچے بھوکے سکول جانے پر مجبور، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد للیانی کے علاقوں باغیچی محلہ، سرہالی روڈ، محلہ صادق آباد اور دیگر علاقوں میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گیس غائب ہوگئی۔کئی کئی گھنٹے گیس کا غائب رہنا معمول بن چکا ہے، گیس کی عدم دستیابی کی وجہ سے بچے بغیر ناشتہ کیے سکولز جانے پر مجبور ہیں۔آفسز میں جانے والے بھی بھوکے پیٹ کاموں پر جانے لگے۔شہریوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اول تو گیس آتی ہی نہیں اور اگر آئے بھی تو اس کا پریشر اتنا کم ہوتا ہے کہ کھانا پکانا ممکن ہی نہیں ہوتا۔گیس کی لوڈ شیڈنگ کا بھی کوئی شیڈول نہیں ہے جب محکمے والوں کا دل چاہے گیس آجاتی ہے اور جب مرضی بند ہو جاتی ہے۔اس مہنگائی کے دور میں ایل پی جی گیس خریدنا پہلے ہی ناممکن ہو چکا ہے اور پر سے سوئی گیس کی بندش نے گھروں کے بجٹ اپ سیٹ کر دیے ہیں۔گیس کی بندش کی وجہ سے گھریلو جھگڑے معمول بن چکے ہیں۔شہریوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے مصطفی آباد میں گیس کی بندش اور کم پریشر کا نوٹس لیا جائے اور کم از کم کھانا پکانے کے وقت میں تو گیس کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔

پولیس کا ناجائز تجاوزات اور رانگ پارکنگ کے خلاف آپریشن

گاڑیوں کی نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن

علم ایک لازوال دولت ہے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈی ایس پی ٹریفک نارووال جاوید اقبال نے ہمراہ انسپکٹر ہیڈ کوارٹرز عدیل صادق، انچارج سرکل شکرگڑھ سہیل اقبال سب انسپکٹر سٹی شکرگڑھ کا وزٹ کیا۔ناجائز تجاوزات اور رانگ پارکنگ کے خلاف آپریشن کیا تاکہ عوام الناس کو تکلیف اور پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، سٹی ٹریفک پولیس نارووال کے افسران اسی طرح محنت اور لگن سے ڈیوٹی سر انجام دیتے رہے گے، عوام الناس سے بھی اپیل کی جاتی ہے کے ٹریفک قوانین پر عمل کریں اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کیلئے ٹریفک پولیس کا ساتھ دیں کہ ٹریفک سگنل، لین لائن، دھواں چھوڑنے، ون وے ٹریفک سمیت متعدد خلاف ورزیوں پر ای چالان کیے جائیں، ای چالان سے بچنے کیلئے گاڑیوں کی نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن اور گاڑی کی نمبر پلیٹس پر کالے پیپر اور ہندسے غیر واضح کرنے والوں کے خلاف بھی کاروائی کا حکم دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ منظم ٹریفک کے لیے شہریوں کو ٹریفک قوانین کا احترام کرنا ہوگا۔

نارووال روڈ پر ڈالہ واہگہ: ہلاکتوں کی تعداد 2 ہوگئی، ہلاک ہونیوالا شاہد بٹ گھر کا واحد کفیل تھا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گزشتہ روز نارووال روڈ پر ڈالہ واہگہ کے قریب ٹائروں سے تیل نکالنے اور سیفٹی فقدان کے باعث بوائلر پھٹنے کے واقعہ میں گزشتہ روز جھلس کر زخمی ہونے والا مزدور جاں بحق ہوگیا یوں ہلاکتوں کی تعداد دو ہوگئی، جاں بحق ہونے والے مزدور شاہد بٹ ولد نذر محمد بٹ تین بچیوں اور بیوہ کا واحد کفیل اور منوں آباد کا رہائشی تھا تھانہ نارنگ منڈی پولیس نے نائب تحصیلدار کی مدعیت میں بوائلر پھٹنے کا مقدمہ درج کروایا، ایف آئی آر میں تین ملزم نامزد کر دیے گئے ملزموں میں فیکٹری مالک شیخ ماجد، ارمنٹ، انسپکٹر بلڈنگ اصغر علی اور انوائرنمنٹ کے انسپکٹر حامد علی کا نام شامل ہے متوفی کی میت گھر پہنچنے پر اہلخانہ دہاڑے مار مار کر روتے رہے متوفی کو اسکے آبائی گاؤں میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔

عوام کو روزمرہ کی آشیائے ضروریہ سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا۔ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا ڈپٹی کمشنر نارووال کی زیرصدارت اجلاس کا انعقاد

پرائس مجسٹریٹس کے اجلاس کا مقصد عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے، سید حسن رضا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) عوام کو روزمرہ کی آشیائے ضروریہ سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ذخیرہ اندوز اور ملاوٹ کے مرتکب افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا۔ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا ڈپٹی کمشنر نارووال کی زیرصدارت اجلاس کا انعقاد۔اجلاس میں ڈی او انڈسٹریز ذیشان نیاز نے ڈپٹی کمشنر کو پرائس مجسٹریٹس کی طرف سے کی جانے والی کاروائیوں کے بارے فردا فردا آگاہ کیا۔اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز کے علاوہ تمام سپیشل پرائس مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس موقع پر کہا کہ پرائس مجسٹریٹس کے اجلاس کا مقصد عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے، ملاوٹ سے پاک سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی کو ہرصورت یقینی بنایا جائے، ذخیرہ اندوزی اور اوور چارجنگ کسی صورت قابل قبول نہیں۔اجلاس میں ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز نے ڈپٹی کمشنر نارووال کو بتایا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی طرف سے ضلع بھر میں یکم دسمبر سے 16 دسمبر تک 11 ہزار 115 انسپیکشنز کی گئی، جن میں 358 دوکاندار خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے؛ جنہیں مجموعی طور پر 20 لاکھ 20 ہزار پانچ سو روپے جرمانہ کیا گیا جبکہ خلاف ورزی پر 16 افراد کو پابند سلاسل کیا گیا جبکہ 6 دوکانیں سیل کی گئی۔

دہشتگردی ملکی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہے، طاہر مجید کپور

پاک فوج دہشتگردی کے خاتمے کیلئے عظیم شہادتیں دے رہی ہے، چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) دہشتگردی واقعات ملکی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے مسلح افواج پاکستان، پولیس اور سیکورٹی فورسز کی دہشتگردی کیخلاف جاری جنگ میں عظیم قربانیاں ہیں۔ پوری دنیا پاکستان کی دہشتگردی کے خلاف جاری جنگ کے عفریت کیخلاف بہادر مسلح افواج پاکستان وسیکورٹی فورسز کے عملی اقدامات کو سراہا رہی ہے۔ان باتوں کا اظہار چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ نے صحافیوں کیساتھ ملاقات کے موقع پر کیا۔ سانحہ اے پی ایس پشاور کے حوالہ سے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم اے پی ایس کے شہداء بچوں و بڑوں کے لواحقین کیساتھ اظہار ہمدردی کرتے اور انکے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالی شہداء کے صدقے لواحقین و تمام احباب کے درجات بلند فرمائے اللہ تعالی ملک پاکستان کی داخلی خارجی سرحدی محافظوں کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور ملک وقوم کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے مسلح افواج پاکستان، پولیس وسیکورٹی فورسز کے شہید بیٹے بیٹیوں کے درجات بلند سے بلندتر فرمائے۔

گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ خان کے ٹیچر ریاض حسین اپنی مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ خان کے ٹیچر ریاض حسین اپنی مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے ہیں سکول ہذا کے ہیڈ ماسٹر احمد نواز گوہر کی جانب سے ٹیچر ریاض حسین کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سکول ہذا کے اساتذہ نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہیڈ ماسٹر احمد نواز گوہر نے ریٹائرڈ ہونیوالے ٹیچر ریاض حسین کی سکول ہذا میں خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کی شخصیت اور کام کے حوالے سے روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے کام میں انتہائی مہارت رکھتے تھے اور بھرپور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے حامل ہونے کی وجہ سے سکول ہذا کا قیمتی اثاثہ تھے مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد باعزت طریقے سے ریٹائرڈمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفے سے کم نہیں ہے۔ریٹائرڈ ہونیوالے ٹیچر ریاض حسین نے اپنے اعزاز میں منعقدکی گئی۔

یونان کشتی حادثہ: وزیرآباد کے دو نوجوان بھی لاپتہ

وزیرآباد کے علاقہ رتی ٹھٹ کے دوسگے بھائی وقاص اشرف اور وقار اشرف آبائی زمین بیچ کر ایجنٹوں کو بھاری رقم ادا کرکے یورپ کے سفر کیلئے پاکستان سے گئے تھے، نوجوانوں کی ہلاکت کا بھی خدشہ

وزیرآباد (نامہ نگار) یونان کشتی حادثہ میں وزیرآباد کے دو نوجوان بھی لاپتہ دونوں نوجوان کچھ عرصہ قبل عمان سے پاکستان واپس آئے اور آبائی زمین فروخت کر کے یورپ کی منزل پانے کے لیے عازم سفر ہوئے نوجوان کس حالت میں ابھی تک کوئی خبر نہ مل سکی اہل خانہ نوجوانوں کی زندہ واپسی کے لیے دعا گو۔یونان کشتی حادثہ کئی ایک گھروں کے چراغ بجھا گئی کئی نوجوان لاپتہ اور بچ جانے والے نوجوان خود کو خوش قسمت ترین قرار دے رہے ہیں وزیرآباد کے علاقہ رتی ٹھٹ کے دو سگے بھائی وقاص اشرف اور وقار اشرف بھی لیبیا سے یورپ کی منزل پانے کے لیے حادثہ کا شکار کشتی کے مسافر بتائے جاتے ہیں۔دونوں سگے بھائی کچھ عرصہ قبل عمان سے پاکستان واپس آئے اور اپنی آبائی زمین فروخت کرنے کے بعد ایجنٹ سے 45 لاکھ روپے میں اٹلی کے لیے عازم سفر ہوئے نوجوانوں نے ایجنٹ کو 20 لاکھ ادا کیے اور بقایا رقم اٹلی پہنچنے پر ادا کرنا تھی دونوں سگے بھائی پاکستان سے لیبیا اور لیبیا سے اٹلی پہنچنے کے خواہشمند تھے دونوں بھائیوں کے والدین انتقال کر چکے ایک بھائی وہ بھی سعودی عرب مقیم ہے دونوں نوجوان ابھی تک لاپتہ ہیں جن کے لیے اہل خانہ دعا گو ہیں کہ دونوں نوجوان حادثہ کا شکار کشتی کے مسافر نہ ہوں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ دونوں نوجوانوں کا آخری رابطہ گاؤں میں موجود ایک دوست سے ہوا جس سے ان کا کہنا تھا کہ آج کشتی میں سوار ہونگے اور اٹلی پہنچ کر رابطہ کریں گے لیکن دونوں نوجوانوں کی تاحال کوئی خبر نہیں یاد رہے کہ غیر قانونی سفر میں اس سے قبل بھی درجنوں افراد زندگی کی بازی ہار چکے لیکن ایجنٹ مافیا کو لگام نہ ڈالی جاسکی ہے جب بھی یورپ کے غیر قانونی سفر میں حادثات کی خبر منظر عام پر آتی ہے تو گوجرانوالہ ریجن کے نوجوان اکثر حادثات کا شکار ہوتے ہیں لیکن ایف آئی اے حکام ابھی تک ایجنٹ مافیا کو لگام ڈالنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔

رئیل اسٹیٹ بارے کمیٹی کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں، چوہدری امتیاز علی وریاہ

رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی ترقی کیلئے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، چوہدری خرم گھمن

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) رئیل اسٹیٹ بزنس کی بہتری کیلئے عملی کاوشوں کی ضرورت ہے اس ضمن میں رئیل اسٹیٹ سے جڑے کاروباری طبقہ کی جانب سے توجہ دلاؤ بیانات کے بعد مخلوط حکومت کیجانب سے رئیل اسٹیٹ بارے ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے جو رئیل اسٹیٹ بزنس مینوں کیساتھ خصوصی ملاقات کرکے رئیل اسٹیٹ بزنس کمیونٹی کی سفارشات لے کر باقاعدہ وزیراعظم پاکستان کو دوران ملاقات آگاہ کریگا۔ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ و چوہدری خرم جاوید گھمن سابق صدور سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے سنیئر صحافیوں کے ایک وفد کیساتھ خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے ہمیشہ اپنے ممبران کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کیئے ہیں سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ الیکشن میں انشاء اللہ ممبران کو بہترین و قابل عہدیداران دینگے جس کیلئے بھرپور کمپین جاری ہے۔

چنیوٹ بھر میں 793 کسانوں نے لائیوسٹاک کارڈز کیلئے اپلائی کیا 215 کو کارڈز مل گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ بھر میں 793 کسانوں نے لائیوسٹاک کارڈز کیلئے اپلائی کیا 215 لائیوسٹاک فارمرز کارڈز کسانوں کو فراہم کر دیئے گئے ہیں ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈاکٹر یوجین سہیل تمام کارڈز ہولڈرز حکومت پنجاب کے جاری کردہ سکیم لائیوسٹاک کارڈز سے مستفید ہو سکتے ہیں ڈاکٹر یوجین سہیل وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے لائیوسٹاک کارڈ فارمرز کو فراہم کر دیئے گئے ڈاکٹر یوجین سہیل نے گزشتہ روز میڈیا نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ محکمہ لائیوسٹاک چنیوٹ دفتر میں کل 793 فارمرز نے مریم نواز شریف لائیوسٹاک کارڈز کیلئے اپلائی کیا۔

کرپشن زدہ معاشرے کبھی پھلتے پھولتے نہیں۔وقاص اکرم اعوان

بچوں کو دیانتداری وانسانیت کا درس دیجئیے۔سابق سنئیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کرپشن کسی بھی ملک و معاشرے کیلئے ناسور اور زیر قاتل ہے جو انسان نہیں نسلیں تباہ کر دیتی ہے۔وطن عزیز میں کرپشن ہر دور میں رہی ہے من حیث القوم قیام پاکستان سے لیکر آج تک ملک کا ترقی یافتہ نہ ہو پانے کی بنیادی وجوہات میں ایک وجہ کرپشن ہے۔ان باتوں کا اظہار ایک صحافیوں کیساتھ ایک فکری نشست کے دوران جنرل باڈی ممبر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز وقاص اکرم اعوان سابق سنئیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کیا۔انہوں نے کہا کہ کرپشن کے عادی لوگوں کے گھر سے بیماریوں کا خاتمہ نہیں ہوتا جبکہ اکثر انکی اولاد بھی نافرمان ہوتی ہے۔لیکن لوگوں کو سمجھ دیر سے یا آتی ہی نہیں ہے۔ بچوں کو دیانتداری اور ایمانداری کی اہمیت سکھائیں اور انہیں دنیاوی علوم کیساتھ شعائر اسلام و مسلمانوں کی اعلیٰ اقدار و تہذیب سے آشکار کریں۔بچوں کیساتھ مہینے میں ایک ایسی نشست کریں جس میں انہیں اسوہ نبوی بارے آگاہی کیساتھ اخلاقی اقدار سکھائیں۔

گردونواح میں مختلف حادثات وواقعات کے نتیجہ میں کمسن بچی سمیت 4 افراد ہلاک 10 شدید زخمی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گردونواح میں مختلف حادثات وواقعات کے نتیجہ میں کمسن بچی سمیت 4 افراد ہلاک 10 شدید زخمی، ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتالوں میں جبکہ لاشوں کو پولیس کی تحویل میں دے دیا تاحال کسی بھی ملزم کی گرفتاری عمل میں نہ لائی جا سکی پولیس مصروف تفتیش ہے، سرحدی آبادی نارنگ منڈی رانا ٹاؤن روڈ پر دھند کے باعث بس اور وین میں تصادم کے نتیجہ میں 10 مسافر زخمی ہو گئے ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا پولیس کے مطابق بس لاہور سے شکرگڑھ جا رہی تھی، بھدرو منارہ میں کمسن بچی کھیلتے ہوئے گھر کے باہر سے نکلی اور تیز رفتار اینٹوں والے ریڑھے کے ٹائر تلے آ کر 4 سالہ کمسن بچی نایاب ہلاک ہو گئی، تھانہ شرقپور شریف کے علاقہ نئی بھینی میں معمولی تلخ کلامی پر ملزمان اور نجیب اور علی حیدر میں لڑائی جھگڑے کے دوران ملزمان نے فائرنگ کر کے علی حیدر کو موت کے گھاٹ اتار دیا لواحقین نے لاش لاہور جڑانوالہ روڈ پر رکھ کر پولیس کے خلاف شدید نعرہ بازی پولیس کے ملزمان کی گرفتاری کی یقینی دہانی کے بعد لواحقین نے احتجاجی مظاہرہ ختم کر دیا تھانہ ہاؤسنگ کالونی کے علاقہ لاہور روڈ کی آبادی جوئیانوالہ موڑ پر معمولی تلخ کلامی پر تنویر لک اور نگرانہ نے ہوٹل کے باہر محمد اویس مغل کو چھریوں کے پے درپے وار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا اور فرار ہو گئے، رام گڑھا پھاٹک کے قریب سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد، لاش کو پولیس نے تحویل میں لیکر کاروائی شروع کر دی۔

کانسٹیبل غلام نبیل کو ترقی دے کر اے ایس آئی بنا دیا

فیصل آبا (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد میں ضلعی پولیس کے فرض شناس اور ایمان دار ہیڈ کانسٹیبل غلام نبیل کو ترقی دے کر اے ایس آئی بنا دیا۔ پولیس کے ایماندار اور فرض شناسی کی بدولت محکمہ میں نمایاں مقام رکھنے والے ہیڈ کانسٹیبل کو آئی جی نے ترقی دیتے ہوئے اے ایس آئی پرموٹ کر دیا ترقی پانے والے غلام نبیل نے اپنی محنت اور کامیابی کا سہرا اپنے والدین اور اپنے اساتذہ کے نام کر دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ محکمہ پولیس میں عوام کی خدمت کا سفر جاری رکھیں گے۔

ننکانہ صاحب: یوم قائد/کرسمس/نیو ایئر کیلئے حکمت عملی پر غور

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، امن کمیٹی کے ممبران، علمائے کرام، مسیحی رہنماؤں و دیگر کی شرکت

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی اور بین المذاہب ہم آہنگی کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔منعقدہ اجلاس میں قائداعظم ڈے، کرسمس اور نیو ایئر کے لیے جامع حکمت عملی پر غور کیا گیا۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، امن کمیٹی کے ممبران، علمائے کرام، مسیحی رہنماؤں، سکھ برادری اور شہری تنظیموں نے شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان کی فضا برقرار رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ضلع ننکانہ امن کا گہوارہ ہے، یہاں بسنے والے مسلمان اور تمام اقلیتیں بہن بھائیوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام مذاہب کے ماننے والوں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے، کرسمس کے موقع پر چرچز، عبادت گاہوں اور عوامی مقامات پر سخت حفاظتی اقدامات ہوں گے۔ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ کرسمس کے موقع پر صفائی ستھرائی کے بہترین اور سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جا رہے ہیں جبکہ ضلع کی تینوں تحصیلوں میں کرسمس بازار بھی لگائے جائیں گے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس نے امن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع پولیس کو دی جائے، امن کمیٹی سماجی ہم آہنگی کے فروغ میں ہمیشہ سے اہم کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ قریبی رابطے میں رہیں۔امن کمیٹی کے ممبران نے اجلاس کو یقینی دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ سابقہ روایات کے مطابق بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے مشترکہ تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔اجلاس کے اختتام پر کرسمس کا کیک کاٹا گیا اور ملکی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

سانحہ آرمی پبلک سکول یوم سیاہ کے طور پر رہے گا، خالد وسیم ایڈووکیٹ

پاکستانی قوم نے ہزاروں کی تعداد میں جانوں کے نذرانے دیئے ہیں



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) فرزند سیالکوٹ کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سانحہ پشاور جس میں دہشت گردوں نے آرمی پبلک سکول کے معصوم بچوں کو بے رحمی اور سفاکی سے شہید کیا وہ دن ہمارے لیے ساری زندگی یوم سیاہ کے طور پر رہے گا جس سے ہماری روح تک کانپ اٹھی دہشت گردی میں ملوث افراد انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ بن کر رہ گئے 16 دسمبر 2014 کو ہونے والے خوفناک واقعہ کو ہمیشہ یوم سیاہ کے طور پر مناتے رہیں گے۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ 16 دسمبر کے دن ہمیں سبز ہلالی پرچم سے یہ عہد کرنا ہوگا کہ ملکی سلامتی اور استحکام کیلئے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے کیلئے بڑی سے بڑی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ملک سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمہ کیلئے افواج پاکستان، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پاکستانی قوم نے ہزاروں کی تعداد میں جانوں کے نذرانے دیئے ہیں پوری قوم سانحہ آرمی پبلک سکول کے شہداء کو کبھی نہیں بھلا پائے گی جنہوں نے اپنا آج پاکستان کے کل پر قربان کر دیا اور اس سانحہ کے شہدا ہمیشہ پوری قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گے

بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 1 بجے تک 31 دسمبر کو ماچھی سلطان، ڈھوونڈھے شاہ، مگھیانہ، علی آباد، چناب کالج، غازی شاہ، کوڑیانہ، پکے والا عمران شہید، لاشاری فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

زندگی دکھی انسانیت میں آسانیاں بانٹنے کا نام ہے، مسز عابدہ فاروق

کسی کو راستہ کسی کو علم کسی کو وقت دیجئیے، سیاسی وسماجی رہنما

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) اپنی زندگی میں کچھ نا کچھ دوسروں کو دینا شروع کر دیں پھر دیکھئیے مخلوق کی خاطر زندگی وقف کرنے پر اللہ تعالیٰ کے انعام و اکرام کا سلسلہ کیسے جاری ہوتا ہے۔ اپنے قیمتی وقت میں سے کسی مسافر کو راستہ کسی کو علم و ادب اور کسی پریشان لاچار و مفلوک الحال کو اپنا وقت دینا اور کسی بے بس و بے کس انسان کو پریشانی میں بہتر مشورہ دینا بھی صدقہ جاریہ ہے۔ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت مسز عابدہ فاروق نے سیالکوٹ پریس کلب کے صحافیوں کیساتھ خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ ملکی ابتر معاشی حالات و موسمی تبدیلیوں کے شکار ارد گرد لوگوں میں کسی ضرورتمند کو اس کی ضرورت کے مطابق کچھ پیسے، کپڑے، کھانا یا اسکے بچوں کی تعلیمی ضروریات کت لئے چھپ کر اسکی امداد کر دیں۔ پیشہ ور بھکاریوں کو دینے کی بجائے اپنے قرب و جوار میں رہنے والے غربا مساکین و یتیموں اور سفید پوشوں کی زندگیوں میں آسانیاں بانٹیں جتنا زیادہ آپ دینے والے بنیں گے اتنے زیادہ آپ اللہ کریم سے لینے والے بن جائیں گے اتنی زیادہ آپ کی زندگی میں خوشیاں آنا شروع ہو جائیں گے خوش رہیں خوشیاں بانٹیں۔

سرکاری محکموں میں شہریوں کو ورغلانے اور رشوت دینے پر آمادہ کرنے کیلئے دفاتر کے اندر رسائی اور سرکاری امور میں مداخلت کی ٹاؤٹوں کو کھلی چھٹی دیدی گئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سرکاری محکموں میں شہریوں کو ورغلانے اور رشوت دینے پر آمادہ کرنے کیلئے دفاتر کے اندر رسائی اور سرکاری امور میں مداخلت کی ٹاؤٹوں کو کھلی چھٹی دیدی گئی ہے جبکہ عملہ خود بھی شہریوں کی جیبوں پر ہاتھ صاف کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتا ہیروں کے مطابق کلرک شاہی کرپشن اور بھتہ خوری میں پیش پیش ہے جو ہزاروں روپے تنخواہ اور لاکھوں روپے رشوت کی صورت میں ہر ماہ بٹورتے ہیں انکی حقیقی معنوں میں چاندی ہے حالانکہ انکے اثاثے انکی جائز آمدن سے قطعی مطابقت نہیں رکھتے اسکے باوجود ان پر ہاتھ ڈالا نہیں جاتا کیونکہ یہ سرکاری افسران کے منظور نظر ہوتے ہیں بعض کرپٹ افسران نے تو اپنے نائب قاصدوں کو ملک مکا کے اختیارات سونپ رکھے ہیں رشوت ستانی کی اس بہتی گنگا نے نہ صرف محکموں کی کارکردگی کو شدید متاثر کر رکھا ہے۔

شادی خانہ آبادی



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد سٹی پریس کلب احمد آباد کے بانی وصدر عبدالشکور کے پھوپھو زاد بھائی مرزا صہیب شادی کے بندھن میں بندھ گئے رسم نکاح نظریہ اسلام کے مطابق کی گئی شادی میں مرزا صہیب کے دوست احباب، رشتہ داروں کے علاوہ سماجی، مذہبی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی رسم نکاح میں شرکت کرنے والوں نے نوبیاہتا جوڑے کو تحائف دینے کے ساتھ ساتھ اتفاق، اتحاد اور خیر و برکت کی دعائیں دی۔

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول 40 ڈی دیپالپور مین گیٹ کے سامنے بجلی کا پول کسی وقت ٹیچرز بچیوں کی جانی نقصان کا سبب بن سکتا ہے۔صدر ملک زاہد شریف

GREEN
PAKISTAN

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول 40 ڈی مین گیٹ کے سامنے بجلی کا لگا پول کئی سال گزرنے کے باوجود ہٹایا نہ گیا۔پول کے ساتھ لٹکتی تاریں ٹیچرز بچیوں کے لیے جانی نقصان کا سبب بن سکتی ہیں۔ینگ ویلفیئر سوسائٹی نے کئی بار محکمہ واپڈا کو مطلع کیا لیکن اسکے باوجود یہ پول مین گیٹ سے تبدیل نہ کیا گیا۔اب ینگ ویلفیئر سوسائٹی اسکی پرزور مذمت کرتی ہے فوری طور پر بجلی کے پول کو مین گیٹ سے ہٹایا جائے اگر کسی ٹیچرز طالبات کا جانی نقصان ہوا تو اسکا ذمہ دار ایس سی واپڈا اوکاڑہ ایکسین کرمانوالہ ڈویژن اوکاڑہ، ایس ڈی او کرمانوالہ ڈویژن اوکاڑہ ہونگے۔اس لیے ینگ ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ اوکاڑہ متعلقہ آفسران سے اپیل کرتے ہیں۔اس مسئلہ کو فوری حل کیا جائے۔

یو بی ایل مریدکے میں سرسبز شمولیت مہم کے تحت تقریب انعامات کا انعقاد

بذریعہ قرعہ اندازی جیتنے والے یو بی ایل کسٹمر رانا محمد ارشد کو موٹر سائیکل حوالے کی گئی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) یو بی ایل مریدکے میں سرسبز شمولیت مہم کے تحت تقریب انعامات منعقد کی گئی جس میں بذریعہ قرعہ اندازی جیتنے والے یو بی ایل کسٹمر رانا محمد ارشد کو موٹر سائیکل حوالے کی گئی تفصیلات کے مطابق یو بی ایل مریدکے کی سرسبز شمولیت مہم کے تحت ایک باوقار تقریب انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں بنک کے معزز کسٹمر، برانچ عملہ اور ایریا ٹیم نے شرکت کی تقریب میں خصوصی طور پر بینک کسٹمر ملک شبیر حسین ملک رائس ملز چیئرمین عوامی پریس کلب مریدکے، محمد ساجد مغل رائس پاکستان ملک عثمان عارف نارنگ کھاد سٹور مریدکے کے اعجاز احمد خاں ترین خان آٹوز شیخ بلال حسین رانا ارشد علی حسن رائس ملز چیف گیسٹ میں بینک ریجنل بزنس ہیڈ قاضی غلام رضا ایریا مینیجر رورل بینکنگ محمد شعیب اور میزبان برانچ مینیجر حافظ محمد انور برانچ آپریشن مینیجر وسیم شہزاد بابر صدیق اور دیگر عملہ نے شرکت کی تقریب میں بذریعہ قرعہ اندازی جیتنے والے رانا محمد ارشد کو موٹر سائیکل حوالے کی گئی اور سرسبز شمولیت مہم کو کامیاب بنانے کے لئے بریفنگ دی گئی۔

پیپلز پارٹی شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے پرعزم ہے، نواب طارق پٹھان



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نواب طارق پٹھان نے کہا ہے کہ بینظیر بھٹو نے ہمیشہ ملک کے عام آدمی اور پسماندہ طبقات کی آواز بن کر حقیقی عوام کی نمائندگی کی پیپلز پارٹی شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے پرعزم ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا آصف خان بلوچ نے کہ اسلامی دنیا کی پہلی منتخب خاتون وزیر اعظم اور عالمی لیڈر شہید محترمہ بینظیر بھٹو کو خراج عقیدت، شہید محترمہ بینظیر بھٹو نہ صرف ایک تاریخی شخصیت بلکہ ایک زندہ تحریک اور مشعل راہ ہیں۔شہید بینظیر پاکستان میں جمہوری جدوجہد کی معمار تھیں جنہوں نے مشکلات کے باوجود جمہوریت کے لئے مزاحمت جاری رکھی۔انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو نے ہمیشہ ملک کے عام آدمی اور پسماندہ طبقات کی آواز بن کر حقیقی عوام کی نمائندگی کی۔پیپلز پارٹی اپنی شہید قیادت کے فلسفے پر سختی سے کاربند رہے گی، پیپلز پارٹی شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور ملک بھر میں رواداری، تعلیم اور امن کو فروغ دینے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی پرعزم ہے۔

پی ایم اے ساہیوال کے نئے عہدیداران کی تقریب حلف برداری

سابق صدر ڈاکٹر اختر محبوب نے نو منتخب اراکین سے حلف لیا اور ڈسپنسری کا افتتاح بھی کیا

Pakistan Medical Association Sahiwal

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) پی ایم اے ساہیوال کے نئے عہدیداران کی تقریب حلف برداری اور ڈسپنسری کا افتتاح۔ سابق صدر ڈاکٹر اختر محبوب نے نو منتخب اراکین سے حلف لیا۔ان اراکین کا انتخاب سال 2025-26 کے لئے متفقہ طور پر ہوا ہے۔جس میں سابق صدر پی ایم اے ڈاکٹر سرفراز چوہدری پیٹرن انچیف، صدر ڈاکٹر شہزاد افضل اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شہزاد طاہر چوہدری شامل ہیں۔اسی طرح تحصیل ساہیوال اور چیچہ وطنی کے مرکزی اور صوبائی کونسلرز بھی منتخب کیے گئے۔حلف برداری کی تقریب میں سابق ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر صادق سلیم، سابق ایم ایس ڈاکٹر محمد اسرار ظفر اور ڈاکٹر عبدالوحید چوہدری، ڈاکٹر میاں مظہر احمد، ڈاکٹر عبدالرشید چوہدری، ڈاکٹر مائیکل نصاری اور پی ایم اے کے ممبران نے شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرن انچیف ڈاکٹر سرفراز چوہدری نے پی ایم اے کی کارکردگی پر تفصیلی روشنی ڈالی اور بتایا کہ نئی ڈسپنسری میں مریضوں کو ادویات بھی مہیا کی جائیں گی جبکہ سپیشلسٹ ڈاکٹرز بھی شیڈول کے مطابق مریضوں کا معائنہ کریں گے۔سیکرٹری جنرل ڈاکٹر شہزاد طاہر چوہدری نے ڈاکٹر برادری سے اپیل کی کہ وہ ڈاکٹروں کے تحفظ کے لئے اتحاد قائم کریں اور پی ایم اے کی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کریں۔

ساہیوال: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سمسٹر بہار 2025 میٹرک تا پی ایچ ڈی پروگرام ایکساتھ شروع ہونگے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سمسٹر بہار 2025 کے میٹرک تا پی ایچ ڈی پروگرام کے داخلے یکم جنوری سے ملک بھر میں ایک ساتھ شروع ہوں گے۔علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے اپنا اکیڈمک کیلنڈر تبدیل کر دیا ہے داخلوں اور امتحانات کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے یونیورسٹی کے تمام پروگرامز کے داخلے ایک ہی مرحلے میں پیش کیے جائیں گے۔ یہ بات ریجنل ڈائریکٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ساہیوال سنٹر ڈاکٹر ملک احمد ذوالفقار نے اپنی ایک جاری پریس ریلیز میں کہی۔انہوں نے مزید بتایا کہ اس سے پہلے یونیورسٹی ہر سمسٹر میں داخلے دو مرحلوں میں پیش کرتی تھی پہلے مرحلے میں میٹرک ایف اے، بی ایس (فیس ٹو فیس) ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز آفر ہوتے تھے جبکہ دوسرے مرحلے میں بی ایس (او ڈی ایل) ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز، ٹیچر ٹریننگ پروگرام، اور پوسٹ گریجویٹ پروگرام آفر کیے جاتے تھے۔نئی پالیسی کے مطابق اب ان تمام پروگرامز کے داخلے یکم جنوری سے ایک ہی مرحلے میں ہوں گے۔

وزیرآباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں دل کے عارضہ میں مبتلا بچوں کے شعبہ کا بھی آغاز



وزیرآباد (نامہ نگار) وزیرآباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں دل کے عارضہ میں مبتلا بچوں کے شعبہ کا بھی آغاز، سینئیر چائلڈ کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر تعینات، امراض قلب میں مبتلا ننھے بچے چوہدری پرویز الٰہی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی وزیرآباد سے استفادہ کر پائیں گے ان خیالات کا اظہار ہیڈ آف انسٹیٹیوٹ ڈاکٹر عبدالستار نے صحافیوں صابر حسین بٹ، ضمیر کاظمی اور سیف اللہ بٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں ننھے بچوں کو امراض قلب کی پیچیدگیوں سے نکالنا اور علاج معالجہ کی سہولیات میسر آنا بڑی کامیابی ہے انہوں نے بتایا کہ اس قبل دل کے عارضہ میں مبتلا بچوں کو پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی جانا پڑتا تھا وزیرآباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں چائلڈ کارڈیالوجسٹ تعینات ہونے سے شعبہ نے کام کا آغاز کر دیا ہے چائلڈ کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر سدرہ طلعت چائلڈ شعبہ کو بخوبی چلانے کی اہلیت رکھتی ہیں۔

شکرگڑھ: ڈپٹی کمشنر کی زیرنگرانی جاری انسداد پولیو کا دوسرا روز

ڈپٹی کمشنر نارووال نے محکمہ صحت کی طرف سے تعینات موبائل ٹیموں کی طرف سے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیرنگرانی انسداد پولیو کامیابی سے جاری، ضلع بھرمیں جاری انسداد پولیو کا دوسرا روز، انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز پانچ سال سے کم عمر کے 95 فیصد کوریج کے ساتھ 1 لاکھ 19 ہزار 480 بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا دیے گئے۔محکمہ صحت کے افسران کی طرف سے ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کو بریفنگ۔سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر نوید حیدر، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طارق، ڈسٹرکٹ کوارڈی برائے نیشنل پروگرام ڈاکٹر زاہد رندھاوا، نمائندہ عالمی ادارہ صحت ڈاکٹر عاقب حنیف، ایم ایس ڈاکٹر افضال راجپوت، ڈی ایس وی مجاہد علی و دیگر اس موقع پر موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر نارووال نے محکمہ صحت کی طرف سے تعینات موبائل ٹیموں کی طرف سے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نارووال نے افسران کو ہدایت کی کہ ویکسی نیشن پلان کے تحت مقررہ اہداف کی سو فیصد تکمیل یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی صحت مند پاکستان کی ضمانت ہے۔

6 لاکھ 46 ہزار 907 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا دیے گئے

ہدف کے مطابق سو فیصد بچوں کی کوریج کے لئے ٹیمیں بھرپور محنت جاری رکھیں، ڈپٹی کمشنر

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کے پہلے دو دن کے دوران 6 لاکھ 46 ہزار 907 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا دیے گئے ہیں، ہدف کے مطابق سو فیصد بچوں کی کوریج کے لئے ٹیمیں بھرپور محنت جاری رکھیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے دوسرے دن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اے ڈی سی جی فیصل سلطان و دیگر افسران بھی موجود تھے، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر معیز نے شرکاء کو بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ 10 لاکھ 3128 بچوں کی کوریج کیلئے انسداد پولیو ٹیموں نے پہلے دو دن کے دوران 64.94 فیصد ہدف حاصل کر لیا ہے، کل 4 لاکھ 58 ہزار 693 گھرانوں میں پانچ سال تک عمر کے بچوں کو کور کیا ہے جو کل ہدف کا 62 فیصد ہے۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے بتایا کہ انسداد پولیو مہم 19 اور 20 دسمبر کو بھی جاری رہے گی۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

شرح سود میں 5 ویں بار کمی، مہنگائی برقرار

سٹیٹ بینک نے شرح سود میں مزید 2 فیصد کمی کردی جس کے بعد شرح سود 15 فیصد سے کم ہو کر 13 فیصد کی سطح پر آگئی۔ گورنر اسٹیٹ بینک کی زیر صدارت زری پالیسی اجلاس ہوا جس میں نئی مانیٹری پالیسی وضع کی گئی۔ اس کا اطلاق 17 دسمبر 2024ء سے ہوگا۔ کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود میں کمی کا تسلسل جاری ہے۔ پانچویں بار شرح سود کم کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق نومبر 2024ء میں عمومی مہنگائی کی شرح کم ہو کر 4.9 فیصد رہ گئی، اکتوبر 2024ء میں جاری کھاتہ مسلسل تیسرے مہینے فاضل رہا، اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر 12 ارب ڈالر تک پہنچ گئے۔ زری پالیسی کمیٹی نے 2025ء میں جی ڈی پی کی نمو 5.2 سے 5.3 فیصد کے درمیان رہنے کی توقع ظاہر کی ہے، جولائی تا اکتوبر 2024ء کے دوران برآمدات میں 8.7 فیصد اضافہ ہوا، اجناس کی عالمی قیمتوں میں کمی کے مثبت اثرات سامنے آئے۔ مہنگائی میں کمی آئی لیکن صارفین کیلئے مہنگائی میں اضافہ برقرار رہا۔ 2025ء تک جاری کھاتے کا خسارہ جی ڈی پی کے 0 سے 1 فیصد کے درمیان رہنے کی توقع ہے۔ دوسری طرف گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کا کہنا ہے کہ ڈیڑھ سال پہلے جو غیر یقینی صورت حال تھی اس میں کمی آئی ہے، مہنگائی تین چار ماہ کم رہنے کی توقع ہے اس کے بعد اس میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی ریٹ میں 2 فیصد کمی کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پالیسی ریٹ کا 13 فیصد پر آنا ملکی معیشت کیلئے خوش آئند ہے۔ اس سے پاکستانی معیشت پر سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھے گا۔ سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔ کم افراط زر کی شرح کی بدولت پالیسی ریٹ میں کمی آئی ہے۔ امید کرتے ہیں کہ آنے والے مہینوں میں افراط زر میں مزید کمی ہوگی۔

حکومت اور اس کے سٹیٹ بینک جیسے اداروں کی طرف سے مہنگائی میں کمی کے حوالے سے خوش کن اعداد وشمار وقتاً فوقتاً جاری کیے جاتے ہیں جن سے لگتا ہے کہ ملک میں مہنگائی نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ اکثر اوقات وزیراعظم سمیت کئی وزراء باور کرواتے ہیں کہ مہنگائی کم ترین سطح پر آگئی ہے۔ گزشتہ روز ہی وزیراعظم شہباز شریف نے ہفتہ وار مہنگائی مزید کم ہو کر ساڑھے 3 فیصد پر آنے پر قوم کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ اللہ کے فضل اور معاشی ٹیم کی کاوشوں کی بدولت مہنگائی 6 سال کی کم ترین سطح پر آگئی ہے، 4 اکتوبر 2018ء کے بعد آج پرائس انڈیکس کم ترین سطح پر ریکارڈ کیا گیا۔

مہنگائی جانچنے کا وزارت خزانہ، سٹیٹ بینک اور ادارہ شماریات کا پیمانہ عام آدمی کے پیمانے سے شاید مختلف ہے۔ عوام اپنی آمدنی اور اخراجات پر نظر ڈالتے ہیں اور ادوار کا موازنہ کرتے ہیں۔ آج بجلی پٹرول اور ڈالر کی قیمت سب کے سامنے ہے۔ 2018ء میں بجلی کا یونٹ آج کی نسبت چھ سات گنا سستا تھا۔ ڈالر اور پٹرول کے نرخ آج کی نسبت آدھے سے بھی کم تھے۔ حکمران اگر عوام کی نظر سے دیکھیں تو انہیں پتہ چلے۔

2018ء کی نسبت آج مہنگائی اتنی ہی زیادہ ہوئی ہے جتنا پنجاب کابینہ کے وزراء، ارکان اسمبلی اور دیگر افسروں کی تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔

پنجاب اسمبلی کے ایوان نے عوامی نمائندگان کی تنخواہوں پر نظرثانی کا بل کثرت رائے سے منظور کر لیا۔ بل کی ایوان سے منظوری کے بعد ایم پی اے کی تنخواہ 76 ہزار روپے سے بڑھا کر 4 لاکھ روپے، وزیر کی تنخواہ ایک لاکھ سے بڑھا کر 9 لاکھ 60 ہزار روپے، سپیکر کی تنخواہ ایک لاکھ پچیس ہزار سے 9 لاکھ 50 ہزار روپے، ڈپٹی سپیکر کی تنخواہ ایک لاکھ بیس ہزار روپے سے بڑھا کر 7 لاکھ 75 ہزار روپے، پارلیمانی سیکرٹری کی تنخواہ 83 ہزار روپے سے بڑھا کر 4 لاکھ 51 ہزار روپے، وزیراعلیٰ کے ایڈوائزر کی تنخواہ ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر 6 لاکھ 65 ہزار روپے جبکہ وزیراعلیٰ کے سپیشل اسسٹنٹ کی تنخواہ ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر 6 لاکھ 65 ہزار روپے کر دی گئی۔

یہ صرف پنجاب کی حد تک موقوف نہیں ہے۔ سینٹ قومی اسمبلی اور دیگر صوبوں کے وزراء اور ارکان کے اعزازیے بھی بڑھائے گئے ہیں۔

حکومت کی طرف سے مہنگائی میں جتنی کمی کے دعوے کیے گئے ہیں اس کے مطابق تو عوام کے ان خدمت گاروں کی تنخواہ میں کمی ہونی چاہیے تھی۔ ایک طرف معیشت کی زبوں حالی کا رونا دوسری طرف قومی خزانے پر اتنا بڑا بوجھ چہ معنی دارد؟

بلاشبہ عوامی نمائندوں پر بھی مہنگائی کا اثر ہوتا ہے۔ انہوں نے عوام کو ریلیف دینے کے لیے پالیسیاں بنانی ہوتی ہیں۔ ایسے لوگ پہلے عوام کے ریلیف کے بارے میں سوچتے ہیں۔ مگر عوام کو مہنگائی کے تھپیڑے کھانے کے لیے چھوڑ دیا گیا۔ اپنی مراعات میں ہوش ربا اضافہ کرلیا کیونکہ ایسا کرنا ان کے اپنے ہاتھ اور اختیار میں ہے لہٰذا جب چاہتے ہیں اختیار استعمال کر لیتے ہیں۔ عام آدمی جائے تو کہاں جائے۔

عوام مہنگائی کے ہاتھوں تنگ ہیں۔ صورتحال تنگ آمد بجنگ آمد کی طرف جاسکتی ہے۔ آزاد کشمیر میں عوام نے اپنا حق حاصل کرنے کے لیے جو کچھ کیا اور اپنا حق حاصل بھی کر لیا۔ ان کی جدوجہد کی وجہ سے آج ان کو تین روپے فی یونٹ بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ جب کہ ہمارے ہاں بجلی کا اوسطاً یونٹ 60 روپے کے لگ بھگ ہے۔

گورنر سٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ تین چار ماہ مہنگائی میں کمی کے بعد پھر اضافہ ہوگا۔ مہنگائی میں کمی حکومتی کارپردازوں کو ہی نظر آتی ہے اس میں بھی تین چار ماہ بعد اضافہ ہوگا گویا مہنگائی میں اضافے کے بعد ایک اور اضافے کی "نوید" عوام کا سانس خشک کرنے کے لیے کافی ہے۔ حکومت عوام کے غضب کو نہ للکارے۔ انہیں صحیح معنوں میں ریلیف دے کر ہی مطمئن کیا جاسکتا ہے۔

ایک "گرمنیل" کا تنکا اور ہے۔

صدیق الفاروق بھی دنیا نام کے کوچہ رنج سے ترک وطن کرکے ہمیشہ باقی رہنے والے سایہ رحمتِ خداوندی میں جا بسے۔ دنیا اپنی فراخی، کشادگی اور روشنی کے باوجود ایک تنگ وتاریک حجرہ ہی تو ہے جس میں غم واندوہ، افتاد، گھٹن اور تاریکی کی بلاؤں کا راج ہے۔ بنیادی طور پر وہ لیڈر نہیں، کارکن تھے اور کارکن ہی رہے۔ تمام عمر رزق حلال کیلئے تگ ودو کی، احکام الٰہی کی پابندی کی اور عمر کے آخری حصے میں ہی جا کر اپنا مکان بنا پائے۔

سال بھر سے زیادہ عرصہ علیل رہے۔ جس مسلم لیگ کیلئے انہوں نے جان لڑا دی، اس کا کوئی رہنما ان کی خبر لینے نہیں پہنچا۔ جانا تو دور کی بات، اوپر سے لے کر نیچے تک کی قیادت میں سے کسی نے فون تک نہ کیا۔ وزیر اعظم نے ان کی وفات پر تعزیت کا بیان جاری فرمایا۔ جسے دیکھ کر حیرت ہوئی۔ نہ دیتے تو اچھا تھا، یک رنگی برقرار رہنی چاہیے۔

صدیق الفاروق پیپلز پارٹی میں ہوتے تو عیادت کرنے والوں کا تانتا بندھا رہتا۔ جنازے میں زرداری یا بلاول میں سے ایک ضرور آتا۔ خورشید شاہ سے لے کر مولا بخش چانڈیو تک، سب کے سب آتے۔ خبر ہے کہ مولا بخش چانڈیو ان دنوں علیل ہیں، خدا انہیں صحت بخشے۔ ٹی وی سکرینوں سے بھی وہ غائب ہیں۔

اعمال کی جزا سزا کا حقیقی سلسلہ تو عرصہ محشر کے بعد ہی شروع ہونا ہے لیکن قرآنی آیات مظہر ہیں کہ ابتدائی سلسلہ عالم برزخ ہی سے چل پڑتا ہے۔ فرعون کیلئے عالم برزخ کی سزا کو قرآن پاک میں چھوٹا عذاب کہا گیا ہے۔ یہود قیامت کے روز کہیں گے اے رب، ہم اپنے گناہوں کی سزا تو (برزخ میں) بھگت چکے اب ہماری بخشش فرما۔ احادیث میں ہے کہ نیک روح کیلئے جنت کی کھڑکی قبر (برزخ) ہی میں کھل جاتی ہے۔ یہی جزا وسزا کا ابتدائی سلسلہ ہے۔

صدیق الفاروق کے معلوم اعمال نامے سے امید کی جاسکتی ہے کہ مرحوم کیلئے جنت کی کھڑکی کھل چکی ہوگی۔

جو کچھ غزہ میں ہوا، تاریخ عالم میں پہلے کبھی نہیں ہوا کہ سال بھر کی مدت میں سارا "ملک" برباد، کھنڈر کا ڈھیر، بے گھر اور 20 فیصد سے زیادہ آبادی ختم کر دی گئی اور دنیا اس سے بے خبر ہے اور اب شام میں جو ہو رہا ہے، وہ بھی پہلے کبھی نہیں ہوا کہ ایک ملک جو کسی سے حالت جنگ میں نہیں ہے، پھر بھی اسرائیل کی بے پناہ اور قیامت خیز بمباری کی زد میں ہے۔ ہفتے دس دن کی مدت کے اندر اندر پانچ سو سے زیادہ بمباریاں ہو چکی ہیں اور کوئی اسے ٹوکنے والا نہیں۔ امریکہ میں بائیڈن کی حکومت ہے، صیہونیوں سے بڑھ کر صیہونی ڈونلڈ ٹرمپ 20 جنوری سے امریکہ کا صدر بنے گا تو اسرائیل کی منہ زوری کا کیا عالم ہوگا۔

بمباری اس لئے ہو رہی ہے کہ شام کی سابق حکومت نے جو ہتھیار اکٹھے کئے تھے، وہ تباہ کر دیئے جائیں۔ اس لئے تباہ کر دیئے جائیں کہ کہیں انقلابیوں کی آزاد حکومت کے ہتھے چڑھ گئے تو اسرائیل کی سلامتی کو خطرہ ہو جائے گا۔ اسلحہ خانے کا 75، 80 فیصد تباہ ہو چکا ہے۔ تھوڑے سے انقلابی حکومت کے ہاتھ لگ گئے ہیں، باقی کو تباہ کرنا باقی ہے۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ جب یہ سارے ہتھیار تباہ ہو جائیں گے تو کیا اسرائیل کی بمباری بند ہو جائے گی۔



atsohail@gmail.com

حسب سابق اصل سازش کا پتہ چلانے میں پاکستان اب بھی سب دنیا سے آگے ہے۔ اور اصل سازش ہمارے کھوجی کالم نویسوں، تجزیہ نگاروں اور ولاگرز کے نزدیک یہ ہے کہ شام میں رجیم چینج امریکہ اور اسرائیل نے کی۔ وہ بشار الاسد کو ہٹا کر اپنے آدمی لانے میں کامیاب ہو گئے۔ یہ کھوجی لگے ہاتھوں یہ بھی بتا دیں کہ اگر انقلابی اسرائیل کے اپنے آدمی ہیں تو وہ شام کا اسلحہ خانہ کیوں تباہ کر رہا ہے۔ کیوں اس بات سے ڈرا ہوا ہے کہ یہ ہتھیار کہیں انقلابیوں کے ہاتھ نہ لگ جائیں۔

یہ بھی بتا دیں کہ اتنا بھاری اسلحہ خانہ بشار الاسد نے کس مقصد کیلئے جمع کر رکھا تھا۔ اسرائیل پر تو اس نے ایک گولی تک نہیں چلائی، گولی کیا معنے، کارتوس کا ایک چھرا بھی اسرائیل پر ضائع نہیں کیا۔ حیرت ہے یعنی کہ......!

عالمی نشریاتی ادارے نے اپنی انگریزی اردو کی ویب سائٹ پر ایک نہایت تشویشناک رپورٹ چھاپی ہے کہ گولانی نے جو پریس کانفرنس کی، اس میں ہیئت التحریر کا پرچم بھی لہرا رہا تھا کہ کیونکہ اب پرچم پر کلمہ طیبہ لکھا تھا، ثابت ہوا کہ گولانی دہشت گرد ہے۔ لیکن یہ کلمہ طیبہ تو سعودی عرب کے پرچم پر بھی ہے، کیا وہ بھی دہشت گرد ہے؟

ہمارے کھوجی دانشوروں، ٹی وی اینکروں، کالم اور تجزیہ نگاروں اور ولاگروں کو ایک اور بات کا بھی صدمہ ہے، ایک سانحہ عظیم کا غم کہیے!

سانحہ عظیم یہ ہوا کہ اس حلقہ کھوجیاں کے اعلانات، پیش گوئیوں اور دعوؤں کے برعکس، شام میں امن ہے۔ خون کے دریا بہے نہ خانہ جنگی کی قیامت برپا ہوئی۔ نہ ہی "قرب قیامت" کی کوئی ایسی نشانی ظاہر ہوئی جو ان کے ذخیرہ روایات کی روشنی میں اب تک ظاہر ہو جانی چاہیے تھی۔ کچھ مولوی حضرات نے تو ہرمجدون یعنی آرمیگاڈن یعنی ملحمہ الکبریٰ کا دیباچہ قرار دے دیا۔ جہل کی حد نے دن یہ دکھائے۔ آگے کیا ہونا ہے، "خدا کو معلوم ہے لیکن اس کھوجی جمع مولوی حلقے کا دعویٰ ہے کہ ہمیں بھی معلوم ہے بلکہ ہمیں زیادہ معلوم ہے۔

مختصر "گرینیل" پہ ہو جس کی امید
ناامیدی اس کی دیکھا چاہیے

آنے والے امریکی صدر ٹرمپ نے رچرڈ گرینیل نامی ایک مصاحب کو اپنا ایلچی برائے امور شمالی کوریا و وینزویلا وغیرہ مقرر کر دیا ہے۔ ان مصاحب نے کچھ ہفتے پہلے پاکستان "حریت پسندوں" کے مرشد کی رہائی کے حق میں ٹویٹ کیا تھا۔ حقیقی آزادی کے کیمپ میں گرینیل کی تقرری پر جشن برپا ہے کہ اب تو مرشد باہر آوے ہی آوے۔

ہو چکیں "مرشد" امیدیں سب تمام
ایک گرینیل کا "تنکا" اور ہے

ایک پرجوش حقیقی آزاد نے تو یہ دعویٰ بھی کر دیا کہ گرینیل 25 دسمبر یعنی کرسمس کی صبح کو مرشد کی رہائی کی روبکار جاری کرنے والے ہیں۔ یعنی کرسمس کا تحفہ بہرحال رہائی کی توقع کی جاسکتی ہے اگر اوورسیز پی ٹی آئی ایک مہم کامیابی کے ساتھ چلا دے یعنی ٹرمپ اور گرینیل کو یہ یقین دلا دے کہ پاکستان نام کا ملک دراصل شمالی کوریا کے اندر ہے اور شمالی کوریا کے حل طلب امور میں مرشد کی رہائی سرفہرست ہے۔

مرشد کی رہائی کے سلسلے میں پی ٹی آئی نے پشاور کے حیات آباد کے علاقے کے ایک پرتعیش باغ میں دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا۔ تاریخ اسلام کی یہ پہلی دعائیہ تقریب تھی جس میں دعا خوانوں کو لانے کیلئے ارکان اسمبلی کو 363 اور 565 لاکھ روپے دیئے گئے۔ اس شرط پر کہ ہر ایم پی اے پانچ پانچ سو بندے لائے گا۔ رقم کے حساب سے جتنے آنے چاہئیں تھے، اتنے تو نہ آسکے، بہرحال اس اجتماع کو کارنر میٹنگ مان لیا جائے تو یہ ایک کامیاب کارنر میٹنگ تھی۔

اخباری رپورٹ کے مطابق باغ ناران کی اس تقریب میں کارکن کھانے کے موقع پر گتھم گتھا ہو گئے، گھونسوں، مکوں اور لاتوں کی اس لڑائی میں بہت سے برتن شہید، بہت سے زخمی اور بہت سے لاپتہ ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق اس جنگ طعام کے پیچھے ظالم فسطائی حکومت کا ہاتھ ہے لاپتہ برتنوں کی تلاش جاری ہے۔

مزید سازشیں

تحریر
ڈاکٹر شمع جونیجو

ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ کالم کسی اور موضوع پر لکھنا ہوتا ہے لیکن عین وقت پر کوئی ایسا نیا فتنہ کھڑا ہو جاتا ہے کہ اس نئے رخ پر لکھنا پڑ جاتا ہے۔ آج پندرہ دسمبر ہے اور میں کل سولہ دسمبر کے حوالے سے لکھنا چاہ رہی تھی۔ انیس سو اکہتر کے بعد یہ پہلا سولہ دسمبر ہوگا جب پاکستانیوں کے زخموں پر بنگلہ دیش کے انقلاب، شیخ مجیب کے گرائے جانے والے مجسموں اور ہندوستان کے آرمی چیف کے دفتر سے جنرل نیازی کی تصویر ہٹا دیئے جانے والے واقعات پر وقت نے کچھ مرہم رکھ دیا ہے۔ ایک گھر کے دو ٹکڑے دوبارہ کبھی نہیں جڑ سکتے لیکن جو دروازہ بھی سفارتی پیش رفت سے کھل رہا ہے وہ کئی بچھڑے ملا سکتا ہے۔ سولہ دسمبر ہی کا دن، اے پی ایس اسکول پشاور میں معصوم بچوں کے قتل عام کا ایک نہ بھلا سکنے والا سانحہ ہے جو پی ٹی آئی کی کے پی میں حکومت میں عمران خان کے دھرنے کے دوران ہوا اور دھرنا ختم کرنے کے لئے ایک فیس سیونگ کا باعث بنا۔ میں نے ان سالوں میں اپنے کالمز میں اس سانحے کی اصل سازش کو بے نقاب کرنے کے لئے انکوائری کا مطالبہ کئی بار کیا اور چند دن پہلے جاوید بدر کے ٹی ٹی پی طالبان اور عمران خان کے درمیان دو ہزار تیرہ کے ہونے والے معاہدے کے انکشاف کے بعد دوبارہ مطالبہ کیا کہ اس سانحے کی ایک اعلیٰ سطح پر انکوائری کی جائے کیونکہ میری پی ایچ ڈی کے دوران اس سانحے کے وقت پشاور میں تعینات ایک اعلیٰ پولیس افسر نے اے پی ایس سانحے کے کچھ وائرلیس کال ریکارڈ شیئر کئے تھے جو کہ ایسی کسی انکوائری میں ہولناک انکشافات فراہم کر سکتے ہیں کہ اس بھیانک قتل عام کے پیچھے کس کا سازشی دماغ تھا۔ کل سولہ دسمبر کا دن امریکہ کے جبران الیاس کی قیادت میں اڈیالہ جیل میں قید عمران خان کی نئی سول نافرمانی کے آغاز کا بھی دن ہے جسے ختم کرنے کے لئے جہاں بیرسٹر گوہر سمیت پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت فیس سیونگ کے لئے حکومت سے مذاکرات کی راہ تک رہی ہے وہیں ایپکس کمیٹی کے اجلاسوں میں سر جھکا کے بیٹھنے والے گنڈاپور نے آج پھر ایبٹ آباد میں اگلے احتجاجوں میں اسلحہ لے کے آنے اور بھڑک مار کے فوج اور پولیس پر حملہ کرنے کا بھی اعلان کر کے سول نافرمانی کی تحریک کا آج ہی سے آغاز کر دیا ہے جس کا انجام بھی چھبیس نومبر کے احتجاج سے بدتر ہوگا اور ہوسکتا ہے کہ محسن نقوی کی پرویز خٹک سے ملاقات کے نتیجے میں شاید نئے گورنر کی تعیناتی کے فارمولے کے ساتھ گنڈاپور کی حکومت کو بھی لینے کے دینے پڑ جائیں۔ پی ٹی آئی کی سازشی ذہنیت صرف اندرون ملک ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی فعال ہے۔ یہ بات خود پی ٹی آئی کے بیرون ملک سوشل میڈیا مہمات سے واضح ہوتی ہے، جن میں فوجی مصنوعات کے بائیکاٹ اور فوجیوں سے شادی تک کے تعلقات ختم کرنے کی اپیلیں شامل ہیں۔ یہ سب پاکستان کے داخلی استحکام کے خلاف ایک سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ لگتا ہے۔ لیکن یہ کالم لکھنے کی اصل وجہ بنا پی ٹی آئی کا وہ خوفناک پروپیگنڈہ جہاں انہوں نے ایوان صدر اور وزیراعظم ہاؤس کو آپس میں لڑانے کی سازش کا آغاز کر دیا ہے۔ پچھلے کئی دنوں سے پی ٹی آئی کے کچھ حلقے سینیٹر فیصل واوڈا کی سرگرمیوں اور بیانات کو وزیراعظم کے خلاف اسٹیبلشمنٹ کی سازش سے جوڑتے رہے جبکہ مجھ سمیت جو لوگ سینیٹر واوڈا کو جانتے ہیں انہیں پتہ ہے کہ وہ اپنی ذات میں مکمل سیدھی فائرنگ کرنے والا وہ لون رینجر ہے جو کہ سازش جیسے کھیل نہیں کھیل سکتا۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ سینیٹر واوڈا کا جو میڈیا چارم ہے اسے پازیٹو کیش کرنے کے لیے نون لیگ کی حکومت کو سینیٹر واوڈا سے انگیج ضرور کرنا چاہیئے کہ فائرنگ کا یہ رخ پی ٹی آئی کی طرف موڑ دیا جائے۔ لیکن فی الحال واوڈا کی حالیہ سیاسی سرگرمیاں عمران خان کو بقول خود سینیٹر فیصل واوڈا بشریٰ بی بی اور دیگران کی سازش اس سازش سے بچانے کے لئے ہیں جن میں عمران خان کی جان جاسکتی ہے جبکہ میرے خیال میں عمران خان کی زندگی کو اگر سب سے زیادہ کسی سے خطرہ ہے تو وہ عمران خان کی اپنی زبان اور بشریٰ بی بی جیسے استادوں کی سیاسی پلاننگ ہے ورنہ اگر جنرل فیض کے ساتھ عمران خان کا ٹرائل (جو کہ ملٹری ٹرائل نہیں ہوگا) ہو بھی جائے تو اس میں مجھے موت کی سزا ہوتی نہیں دکھائی دیتی کیونکہ یہ بات نہ جانے کیوں سب بھول جاتے ہیں کہ پاکستان کا کئی سالوں سے انٹرنیشنل کوینینٹس سے ایک خاموش معاہدہ ہے جس کے تحت کسی کو بھی پھانسی نہیں دی جا رہی تو جہاں عادی قاتلوں اور ظاہر جعفر جیسے جنونی قاتلوں کو سزائے موت نہیں دی جا رہی وہاں ایک سابق وزیراعظم کو کیسے پھندے پر لٹکایا جاسکتا ہے۔ اس لئے مجھے نہیں لگتا کہ عمران خان کو کبھی بھی سیکرٹ ایکٹ کے تحت پھانسی کی سزا ہو سکتی ہے۔ ہاں سزا ضرور ہو گی لیکن اس کے لیے بھی جتنے عمران زدہ جج ہیں ان کے مزید ریلیف کوئی اچنبھا نہیں ہوگا۔ بہرحال ابھی ایک طرف پی ٹی آئی کے بیرسٹر سیف اور محمد علی درانی ایوان صدر اسلام آباد میں ہونے والی خیالی سازشوں کا میڈیا اور ایک مخصوص چینل پر بار بار اپنے انٹرویوز میں ذکر کر رہے ہیں کہ زرداری صاحب اپنے بیٹے بلاول کو وزیراعظم بنانے کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت کو گرانے کی سازش کر رہے ہیں، اور دوسری طرف پی ٹی آئی ہی کے کچھ پارلیمنٹیرینز یہ خبر بھی پھیلا رہے ہیں کہ اگر عمران خان کو ملٹری کورٹ سے سزائے موت ہو جائے تو ہم پیپلز پارٹی کو ملاقاتوں میں یقین دلا رہے ہیں کہ صدر زرداری سے صدارتی معافی کے عیوض بلاول کو وزیراعظم بنانے کے لیے ووٹ دے سکتے ہیں اب یہ ایک ایسی بھیانک افواہ ہے جس کا نہ ایوان صدر کو پتہ ہے نہ وزیراعظم ہاؤس کو اور نہ ہی اسٹیبلشمنٹ کو۔ اور نہ ہی کوئی ملاقاتیں ہو رہی ہیں۔ یہ بات میں دعوے سے اس لئے لکھ رہی ہوں کہ میں نے خود ذاتی طور پر ہر جگہ سے اعلیٰ ترین سطح تک جا کے نہ صرف انکوائری کی بلکہ اس خبر پر خود بات بھی کی جو انہوں نے حیرانی سے سنی۔ اور مکمل تحقیق کے بعد یہ لکھ رہی ہوں کہ یہ اسلام آباد قتل عام کی جھوٹی خبر کے بعد ایک اور غلیظ سازش ہے جس میں ایک طرف تحریک انصاف والے سول نافرمانی کے نام پر وفاق سے گنڈاپور کے پی سے ہیڈ کاپ بن کے کھیل رہے ہیں تو دوسری طرف گورنر فیصل کنڈی کی اسپیکر قومی اسمبلی کے چیمبر میں شیر افضل مروت سے دو منٹ کی دعا سلام کے دوران بنائی گئی ایک تصویر کو بلاول کے وزیراعظم بنانے کے جوڑ توڑ سے ٹوئٹر ٹرینڈ بنا کے ملا دیتے ہیں کہ کوئی بہت بڑی خبر آنے والی ہے۔ یہ خود سازش بنتے ہیں، اور پھر اسے پھیلا کے ایک ہیڈ لائین بنا کے اتنی بڑی خبر بنا دیتے ہیں کہ متعلقہ فریقین بھی ایک دوسرے سے حیرانی سے یہ بات پوچھتے نظر آتے ہیں کہ یہ کیا معاملہ ہو گیا ہے۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے اسپیکر ایاز صادق کے دفتر میں حکومتی وزراء سے رکی سلام دعا کو بھی مذاکرات سے جوڑ کے ایک اتنی بڑی ہیڈ لائین بنوا دیا کہ خود وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کو ترکی سے تردید کرنی پڑی کہ یہ ایک جھوٹی خبر ہے۔ اسی طرح یہ افواہ بھی اتنی شدید نکلی کہ بلاول کے ترجمان تک کو وضاحت دینی پڑی کہ بلاول اور صدر زرداری صاحب جب کراچی میں ہیں تو ایوان صدر اسلام آباد میں سازش کون کر رہا ہے۔ دوسرا وزیراعظم صاحب جب ہر معاملے پر ایک فل ٹیم ورک کے ساتھ سب کو اعتماد میں لے کے چل رہے ہیں تو اسٹیبلشمنٹ کیوں ان کے خلاف سازش کرے گی کیونکہ یہ وزیراعظم شہباز شریف ہی کی قیادت ہے جس میں ڈیفالٹ ہوتا ہوا پاکستان اب اقتصادی ترقی کی طرف ٹیک آف کر چکا ہے اور یہی وہ کامیابی ہے جس کو ختم کرنے کے لیے اس سولہ دسمبر کو بھی پاکستان کو مزید سازشوں کا سامنا ہے، جس کا انجام انشاءاللہ ایسے ہی ہوگا جیسے بنگلہ دیش میں ترپن سال کے بعد بنگالیوں نے شیخ مجیب کے مجسموں کو زمین بوس کر دیا۔

حکمرانوں کی بے نیازی کا یہ عالم۔۔۔؟

کھلے دل سے تسلیم کرنا ہوگا کہ فروری 2024ء کے بعد سے جو "بندوبستِ حکومت" متعارف کروایا گیا ہے وہ عوام کو مفلوج اور ناکارہ دکھائی دے رہا ہے۔ مذکورہ نظام کی بدولت ہماری معیشت یقیناً دیوالیہ ہونے سے بچ گئی ہے۔ عالمی معیشت کے نگہبان ادارے کے ساتھ ہماری معیشت کی بحالی کے بعد اسے آگے بڑھانے کے معاملات بھی طے ہوگئے۔ شاید ان ہی معاملات کی بدولت ہماری سٹاک ایکسچینج میں ریکارڈ توڑ بڑھوتی نظر آرہی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ بے تحاشہ ماہرین معیشت گہری تحقیق کے بعد مصر ہیں کہ سٹاک ایکسچینج میں مندی یا رونق کے رجحانات کسی ملک کی معیشت کے کلیدی اشارے نہیں ہوتے۔ بنیادی بات وہاں بسے عوام کی اکثریت کا موڈ ہے۔

اسے Feel Good Factor کہتے ہیں۔ اس معیار کو ذہن میں لاؤں تو گزرے ہفتے کی صبح مجھے ضرورت کی چند اشیاء خریدنے کے لئے اسلام آباد کے تین بازاروں میں واقع چند دوکانوں پر جانا پڑا۔ ٹی وی سکرینوں پر رونمائی کی بدولت ناواقف دوکاندار بھی مجھے پہچان لیتے ہیں۔ مجھے دیکھتے ہی بجائے اپنا سودا بیچنے کے پریشان چہرے کے ساتھ یہ پوچھنا شروع ہوجاتے ہیں کہ "ہمارے حالات بہتر ہونے کی امید ہے یا نہیں"۔ اس سوال کی ساخت اپنے تئیں یہ پیغام دیتی ہے کہ "سب اچھا نہیں ہے"۔ اس پیغام کے ہوتے ہوئے شرح سود میں کمی یا سٹاک ایکسچینج میں بڑھوتی کی خبریں "فیل گڈ" ماحول پیدا نہیں کرسکتیں۔

ان دو خبروں کے علاوہ ان دنوں مہنگائی میں کمی ثابت کرنے کے لئے اعداد وشمار بھی بیان کئے جارہے ہیں۔ چند روز قبل میں اپنے گھر بیٹھا تھا تو کچھ مہمان آگئے۔ ٹی وی چل رہا تھا۔ وہاں مہنگائی میں کمی ثابت کرنے والے اعداد وشمار چلے تو ہماری ایک مہمان خاتون جو گھر کا سودا ہر ہفتے خود خریدتی ہیں تڑپ کر بولیں "نصرت بھائی بازار جاتی ہوں تو سودا خریدتے وقت مجھے مہنگائی میں وہ کمی محسوس نہیں ہوتی جو آپ بتاتے ہیں۔" ان کے فقرے میں "آپ" کا استعمال درحقیقت میری مذمت نہیں بلکہ روایتی میڈیا کو بحیثیت مجموعی جھوٹا ثابت کرنا تھا۔ میرے گھر آئے مہمان ہی اگر اس پیشے کی صداقت پر سوالات اٹھانا شروع کردیں جس سے ساری زندگی نہایت دیوانگی کے ساتھ وابستہ رہا ہوں تو دل کانپ جاتا ہے۔ ساری عمر ایک شعبے کی نذر کرنے کے بعد عمر کے آخری حصے میں اس کی ساکھ لٹ جانے کا غم پوری شدت کے ساتھ آپ کے ساتھ شیئر کرنا ممکن ہی نہیں۔



nusrat.javeed@gmail.com

روایتی میڈیا کی ساکھ کا معاملہ مگر پاکستان تک ہی محدود نہیں ہے۔ دنیا بھر میں اس پر سوال اٹھائے جارہے ہیں۔ ہمارے روایتی میڈیا نے مگر اس پہلو کی جانب سنجیدگی سے توجہ نہیں دی۔ حکمرانوں کی اس ضمن میں بے اعتنائی اگرچہ کبھی جاسکتی ہے۔ سوال مگر یہ اٹھتا ہے کہ حکمرانوں کی ساکھ بھی برقرار ہے یا نہیں۔ اس کا جواب نفی میں ہے۔ میڈیا، حکمران اور پارلیمان اور عدلیہ اجتماعی اعتبار سے اپنی ساکھ لٹادیں تو معاشرے عدم اطمینانی کا شکار ہوجاتے ہیں۔ دکھ اگرچہ یہ بھی ہے کہ دنیا کے اکثر ممالک میں موجود بداطمینانی نے "حکومتی بندوبست" تباہ وبرباد کردیا لیکن اطمینان اس کے باوجود نصیب نہیں ہوا۔ لیبیا، یمن، صومالیہ اور سوڈان کئی سالوں سے اس حقیقت کو ثابت کررہے ہیں۔ حال ہی میں شام میں بھی "انقلابی تبدیلی" آئی ہے۔ اس کے بعد جو نظام تشکیل پائے گا اس کے بارے میں کوئی ایک شخص بھی آپ کو تسلی بخش جواب فراہم کرنے سے قاصر ہے۔ حال ہی میں "انقلابی تبدیلی" بنگلہ دیش میں بھی آئی ہے۔ ہم پاکستانیوں کی اکثریت اس کے بارے میں واجب بنیادوں پر بہت خوش ہے۔ وہاں اضطراب مگر اب بھی قائم ودائم ہے۔ حال ہی میں اپنے ملک کی "یوم آزادی" کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وہاں کے عبوری وزیراعظم محمد یونس نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش میں نئی منتخب حکومت کے قیام کے لئے 2025ء کے آخر تک انتظار کرنا ہوگا۔ آئندہ ایک برس بھی لہٰذا "عبوری بندوبست" کے تحت ہی چلایا جائے گا۔ بنگالی نہایت متلون مزاج قوم ہیں۔ مجھے خبر نہیں وہ مزید ایک برس تک "عبوری بندوبست" کے ساتھ گزارہ کرسکتے ہیں یا نہیں۔ خاص طور پر ان حالات میں جبکہ گزشتہ کئی برسوں کے دوران بھارت ان کی معیشت کو رواں رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے۔

بنگلہ دیش کے معاملات پر فکرمندی کو فی الوقت نظرانداز کرتے ہوئے مجھے وطن عزیز کے "بندوبست حکومت" کی جانب لوٹنا ہوگا۔ پاکستان چار صوبوں پر مشتمل ایک وفاق ہے۔ ہمارے ہاں آئین کی اٹھارہویں ترمیم کی بدولت صوبوں کو مثالی خودمختاری میسر ہے اور مزید بڑھنے سے قبل ہی اقرار کرتا ہوں کہ اپنے صحافتی کیریئر کے دوران میں شدت سے صوبائی خودمختاری کو پاکستان کی سالمیت کے لئے خطرے کے بجائے اس کی بقا کی ضمانت تصور کرتا رہا ہوں۔

گزرے ہفتے خیبرپختونخواہ کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور صاحب نے ایک بیان دیا ہے۔ وہ سوشل میڈیا پر وائرل ہوا تو اسے میں نے ایک نہیں کئی بار نہایت توجہ سے سنا اور اپنا سر پکڑ لیا۔ وہ "اگلی بار" اسلحہ سمیت اسلام آباد آنے کی دھمکی ہی نہیں دے رہے تھے بلکہ انتہائی رکیک الفاظ استعمال کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اپنے افسران اعلیٰ کی حکم عدولی پر بھی اکسا رہے تھے۔ دو سے زیادہ دن گزرگئے مگر ان کے ادا کئے کلمات کی سرزنش ہوتی مجھے نظر نہیں آئی۔ 18ویں ترمیم کے ہوتے ہوئے بھی ہمارے آئین یا اسے بھلاکر تیار کئے حکومتی بندوبست میں "ایپکس کمیٹی" جیسے فورم موجود ہیں۔ جہاں خیبرپختون خواہ کے وزیراعلیٰ کو طلب کرنے کے بعد مذکورہ بیان کی وضاحت دینے کو مجبور کیا جاسکتا تھا۔ کسی جانب سے مگر ایسی پیش قدمی نظر نہیں آئی۔ علی امین کی بھڑکائی بدخبری اپنی جگہ موجود تھی تو اسلام آباد میں مولانا فضل الرحمن کی قیام گاہ پر مفتی تقی عثمانی اور مفتی منیب صاحب جیسے جید علماء تشریف لائے اور پارلیمان کے دونوں ایوانوں سے پاس ہوئے مدارس بل کے فی الفور نفاذ کا مطالبہ کردیا۔ امید تھی کہ ان کی تسلی کے لئے پارلیمان کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے گا۔ اسے موثر کرتے ہوئے وزیراعظم کے مگر مصر جانے کی خبر آرہی ہے۔ حکمرانوں کی بے نیازی کا یہ عالم میں نے 1975ء سے شروع کی صحافت کے دوران شاذ ہی دیکھا ہے۔

"صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے"

فیض حمید کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی۔ ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔ 12 اگست 2024ء کو پاکستان آرمی ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کی کارروائی شروع کی گئی، فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے اگلے مرحلے میں فیض حمید کو باضابطہ طور پر چارج شیٹ کر دیا گیا ہے، ان چارجز میں سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونا، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی خلاف ورزیاں کرتے ہوئے ریاست کے تحفظ اور مفاد کو نقصان پہنچانا، اختیارات اور سرکاری وسائل کا غلط استعمال اور افراد کو ناجائز نقصان پہنچانا شامل ہیں، آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران ملک میں انتشار اور بدامنی سے متعلق پرتشدد واقعات میں لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید (ر) کے ملوث ہونے سے متعلق علیحدہ تفتیش بھی کی جا رہی ہے، ان پرتشدد اور بدامنی کے متعدد واقعات میں 9 مئی سے جڑے واقعات بھی شامل تفتیش ہیں، ان متعدد پرتشدد واقعات میں مذموم سیاسی عناصر کے ساتھ ملی بھگت کا الزام بھی شامل ہے، فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران فیض حمید کو قانون کے مطابق تمام قانونی حقوق فراہم کیے جا رہے ہیں۔۔۔ عمران خان نے مشرف سے لے کر جنرل قمر جاوید باجوہ تک سب کے خوب بوٹ پالش کیے۔ اور جب ان کی دس سالہ منصوبہ بندی کا بھانڈہ بیچ چوراہے پھوٹ گیا تو اداروں کے لئے وہ شرمناک زبان اور رویہ اپنایا کہ ایسی سوچ سے شیطان بھی پناہ مانگ رہا ہے۔ اس سے بڑا خود غرض احسان فراموش بے مروت تاریخ نے کوئی سیاستدان نہیں دیکھا۔ تکبر اور انا پرستی نے اسے وہاں پہنچا دیا ہے جہاں سے شاید ہی کوئی بچ پایا ہو۔ کنٹینر پر کھڑے امیر زادوں کو کوئی گولیاں لگیں لیکن سب محفوظ رہے؟۔ نیچے کھڑے ایک غریب ورکر کو صرف ایک گولی لگی اور وہ چل بسا۔ مگر یہ حقائق ہوشمندوں کے لئے ہیں۔ جہاں شخصیت پرستی آجائے وہاں شعور رخصت ہو جاتا ہے اور برین واشنگ جگہ لے لیتی ہے۔ عمران خان صاحب کے مشیران اور چیلوں وظائف سے قطع نظر، کانوں کے کچے اور مقبولیت کے زعم میں گرفتار تمام کارڈز استعمال کر چکے ہیں۔ اب فقط شناختی کارڈ بچا ہے۔ پی ٹی آئی کی حکومت میں خان نے سیاست، طارق جمیل نے تبلیغ، پیرنی نے چلہ، فیض حمید نے فوج، ثاقب نثار نے عدلیہ اور بول اے آر وائی ٹی وی چینلز اور سوشل میڈیا نے مورچہ سنبھال رکھے تھے مگر تبدیلی، انقلاب، نیا پاکستان، ریاست مدینہ، حقیقی آزادی، کچھ بھی نصیب نہ ہو سکا۔۔۔؟ پچھلوں نے جس ملک کو اگر تباہ کرنے میں چالیس برس لگائے اس ایک نے صرف ساڑھے تین سال میں وہ کام کر دکھایا کہ دوسری باری لینے کے لئے مقبولیت بھی ساتھ نہیں دے رہی۔ اس دیوداس کی پارو نے کہا توڑ دو بس اس نے اپنی ٹانگ توڑ دی، اسمبلی توڑ دی مگر مقبولیت کا دیوداس آج جیل میں پڑا ہے۔ بھلے لاکھ ایاک نعبد وایاک نستعین پڑھتے رہو، اگلی آیت مبارکہ بھی پڑھ لیا کرو کہ رب ہدایت بھی دے۔ نوجوانوں اور عورتوں کی جو کھیپ رنگیلے نے تیار کر دی ہے اس ملک کو اب دشمن کی ضرورت نہیں رہی۔ نواز شریف کو مدت پوری نہ کرنے دی اور غیر آئینی طریقے سے نکلوا دیا۔ تب اس نے سوچا تھا کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے؟۔ نواز شریف کہتے رہے مجھے کیوں نکالا کیوں نکالا؟ پھر رنگیلا بھی جب نکالا گیا تو جیل سے بھی چیخوں کی بازگشت سنائی دے رہی ہے کہ مجھے کیوں نکالا۔ وہ محسن جو کل آپ کے مائی باپ تھے آج ان کے خلاف غلیظ مہم چلا رہا ہے؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے برحق فرمایا """جس کم ظرف پر احسان کرو اس کے شر سے بچو" جو کھچڑی اندر پک رہی تھی اس پر بروقت قابو پانے کے لئے سابق آرمی چیف کو آپ کی نظروں میں برا تو بننا پڑا مگر انہوں نے ملک اندرونی سازش سے بچا لیا۔ جب نواز شریف نے جنرل قمر جاوید باجوہ کو آرمی چیف بنایا تو اس وقت ایک سابق مقتدر شخصیت کے دستخط سے منظور شدہ عمران خان پروجیکٹ آخری مراحل میں تھا جسے مقدس ڈاکٹرائن سمجھ کر آگے بڑھایا گیا۔ پانامہ میں نواز شریف اور ان کی بیٹی کو الیکشن سے پہلے جیل میں ڈال کر عمران خان کو وزیراعظم بنانے کا فائنل راؤنڈ شروع ہوا۔ بیساکھیاں مہیا کی گئیں اور عمران خان وزیراعظم بن گئے۔ سب کچھ ٹھیک چل رہا تھا لیکن 2019ء میں جب عمران خان نے جنرل باجوہ سے کہا کہ ڈی جی آئی ایس آئی جنرل عاصم منیر کو ہٹایا جائے۔ جس پر جنرل باجوہ صاحب نے پہلی مرتبہ خطرے کی لائن کراس ہوتے دیکھی مگر خاموشی اختیار کر لی۔ عمران خان بضد رہے اور جنرل باجوہ کو نہ چاہتے ہوئے بھی ان کا فیصلہ ماننا پڑا۔ عمران خان نے اس کے چند ہفتوں کے اندر ساری پی ڈی ایم قیادت کو جیل میں ڈال دیا۔ ملک میں سیاسی بحران پیدا ہو گیا اپوزیشن پر عرصہ دراز تنگ کر دیا گیا ملک کی ساری انتظامی مشینری اور دولت اپوزیشن کو دیوار سے لگانے پر صرف ہوگئی جس کے نتیجے میں ملک کی معیشت بیٹھ گئی۔ فروری 2021ء میں فیصلہ ہوا کہ پاک فوج کا سیاست سے پیچھے ہٹ جانا ہی ملک کے مفاد میں ہے۔ تمام آفیسرز کو ہدایات جاری کر دی گئیں کہ ہم نیوٹرل ہو رہے ہیں لیکن عمران خان کچھ اور ہی پلان بنا رہے تھے۔ آرمی چیف کو وزیراعظم عمران خان کی اگلے دس سال کی پلاننگ کی بھی ثبوت فائل پیش کی گئی۔ اسی دوران جنرل ندیم انجم کو ڈی جی آئی ایس آئی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ عمران خان درست فرمایا کرتے تھے کہ آرمی چیف جنرل قمر باجوہ میں بہت برداشت اور صبر ہے۔ جب خان کے دس سالہ پلان پر پانی پھر گیا تو وہ جنرل باجوہ سے بگڑ گئے جس سے اس مقولہ کی حقانیت سامنے آگئی کہ "جس پر احسان کرو اس کے شر سے بچو"..... خدارا، اپنی افواج کی قدر کرنا سیکھیے، آج فلسطین، لیبیا، لبنان اور اب شام میں جو کچھ ہو رہا ہے کیا وہ ہماری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی نہیں ہے؟؟؟ اندرونی اور بیرونی دشمن ملکر اس وقت پاکستان پر حملہ آور ہیں۔ ہمارا حال بھی ان ملکوں سے مختلف نہ ہوگا اگر ہم نے ہوش کے ناخن نہ لئے تو۔ اپنی اور اپنے ملک کی حفاظت کے لئے اپنی روزانہ کی بنیادوں پر قربانیاں دینے والی افواج کو کمزور مت کریں کیونکہ اس میں نقصان صرف پاکستان کا ہے۔



طیبہ ضیا

تارکین وطن کا عالمی دن: ایک عالمی ذمہ داری

دنیا بھر میں تارکین وطن کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے یہ وہ لوگ ہیں جو بہتر زندگی کی تلاش میں اپنے وطن کو چھوڑ کر کسی دوسرے ملک میں پناہ لیتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مہاجرین سے متعلق ادارے آئی او ایم کی رپورٹ کے مطابق سن 2014 سے سن 2022 تک دنیا بھر میں اپنی زندگی کو خطرے میں ڈال کر خطرناک سفر کرنے والے چالیس ہزار سے زائد افراد مہاجرین ہلاک ہو چکے ہیں۔ جو تارکین وطن قانونی طریقہ اپنا کر کسی دوسرے ملک میں جاتے ہیں ان کی ہلاکتوں اور گمشدگی کے واقعات نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔ تارکین وطن کسی بھی ملک کی اقتصادی اور سماجی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔ تارکین وطن معاشی اور اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے کے باوجود دوسرے درجے کے شہری کی حیثیت رکھتے ہیں جس کی وجہ سے انھیں پہلے درجے کے شہریوں کی حقارت کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین کے مطابق تارکین وطن اپنے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے کام کی تلاش اور تعلیم کے حصول کے لئے کسی دوسرے ملک میں جا بستے ہیں۔

دنیا میں تارکین وطن کی بڑھتی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے 4 دسمبر 2000 کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 18 دسمبر کو بین الاقوامی تارکین وطن کے دن کے طور پر منانے کا اعلان کیا تاکہ تارکین وطن کی خدمات اور حقوق سے متعلق شعور کو اجاگر اور عالمی سطح پر تارک وطن کو درپیش مسائل کا ازالہ کیا جاسکے اور دنیا کو یاد دلایا جاسکے کہ یہ افراد اپنی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے انتہائی مشکلات اور قربانیوں کا سامنا کرتے ہیں یہ دن نہ صرف تارکین وطن کے حقوق کی حفاظت کے لیے اہم ہے بلکہ ہمیں یہ بھی سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ کس طرح عالمی سطح پر ان کی حمایت کی جاسکتی ہے۔ تارکین وطن مختلف وجوہات کی بنا پر اپنے وطن سے ہجرت کرتے ہیں۔ ان میں اقتصادی مواقع کی کمی، جنگ، قدرتی آفات، سیاسی ظلم، اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں شامل ہیں۔ دنیا کے مختلف حصوں میں موجود لاکھوں افراد روزانہ اس سفر میں شامل ہوتے ہیں اور ان کی کہانیاں ہر لحاظ سے مختلف ہوسکتی ہیں لیکن ان سب کا مقصد ایک ہی ہوتا ہے بہتر زندگی کا خواب۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق بہت سے افراد اپنی پسند سے اور بہت سے لوگ اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کی خاطر ہجرت کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 2019 میں، عالمی سطح پر تارکین وطن کی تعداد ایک اندازے کے مطابق 272 ملین تھی جو 2010 کے مقابلے میں 51 ملین زیادہ تھی۔ ایک رپورٹ کے مطابق سن 2020ء میں تقریباً 281 ملین افراد بین الاقوامی تارکین وطن تھے جو کہ عالمی آبادی کا 6.3 فیصد ہیں۔

نظر کے سامنے
ڈاکٹر جمشید نظر

nazarjamshaid@gmail.com

پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک میں لاکھوں تارکین وطن کی موجودگی ایک حقیقت ہے۔ پاکستان نے ماضی میں لاکھوں افغان مہاجرین کا استقبال کیا اور انہیں پناہ دی لیکن اس کے باوجود ان کی زندگیوں میں مشکلات کی کمی نہیں آئی اس کے علاوہ پاکستان کے کئی شہری خود بھی دوسرے ممالک میں روزگار اور بہتر زندگی کی تلاش میں گئے ہیں اور ان تارکین وطن کو بھی مختلف مسائل کا سامنا ہوتا ہے جیسے قانونی مشکلات، نسلی امتیاز، اور سماجی یا اقتصادی چیلنجز۔ تارکین وطن کا عالمی دن ہمیں ایک اہم پیغام دیتا ہے کہ ہمیں ان کی مدد اور حمایت کرنے کی ضرورت ہے۔ تارکین وطن کو صرف پناہ دینے سے کام نہیں چلتا بلکہ ان کے لیے بہتر زندگی کے مواقع فراہم کرنا، ان کی ثقافت کا احترام کرنا، اور انہیں معاشی، سماجی اور قانونی تحفظ دینا ضروری ہے۔ عالمی سطح پر اس دن کی اہمیت اس بات کو اجاگر کرتی ہے کہ تمام ممالک کو تارکین وطن کی حالت زار پر غور کرنا چاہیے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات اٹھانے چاہئیں۔

تارکین وطن کا مسئلہ صرف ایک ملک یا خطے تک محدود نہیں ہے۔ عالمی سطح پر ان کے لیے مناسب قانونی frameworks کی ضرورت ہے تاکہ وہ غیر قانونی طور پر ہجرت کرنے کی بجائے ایک محفوظ اور قانونی راستے پر گامزن ہوسکیں۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ ہر تارک وطن کا سفر ایک انسانی تجربہ ہے اور ان کے ساتھ انسانیت کے اصولوں کے مطابق سلوک کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اقوام متحدہ اور دیگر عالمی تنظیمیں تارکین وطن کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام کررہی ہیں لیکن ان کی حمایت میں ہم سب کا کردار اہم ہے۔

مذاکرات کے سوا کوئی راستہ نہیں!

اتحادی حکومت عرصہ دراز سے ایک کے بعد ایک بیانیہ کی تلاش میں سرگرداں ہے، جبکہ تحریک انصاف کی جانب سے ایک نیا بیانیہ تشکیل پا چکا ہے کہ گولی کیوں چلائی؟ اس سے قبل پی ٹی آئی کے بیانیے کارکنوں اور پی ٹی آئی قیادت میں جس طرح مقبول ٹھہرے، ویسے ہی اس بیانیے کو بھی پذیرائی مل رہی ہے، پی ٹی آئی کے نئے بیانیے اور قیادت کے دھمکی آمیز بیانات کو دیکھ کر اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایسے ماحول میں مذاکرات کی بات آگے نہیں بڑھ سکتی ہے، اس کے باوجود ایک طرف مذاکرات کا اعلان کیا جا رہا ہے تو دوسری جانب سول نافرمانی تحریک سے دھمکایا جا رہا ہے، اگر حکومت اور اپوزیشن نے مذاکرات کا ہی راستہ اختیار کرنا ہے تو پھر ایک دوسرے کے خلاف تلخ بیانات سے گریز کرنا ہوگا۔

اس ملک کے سارے ہی مسائل کا حل مذاکرات میں ہے، مگر جب بھی مذاکرات کی بات شروع ہوتی ہے تو حکومت اور اپوزیشن دونوں ہی مذاکرات سے دور بھاگنے لگتے ہیں، کیونکہ دونوں کے ہی مفادات مذاکرات نہ کرنے سے جڑے ہیں، اپوزیشن اپنا مزاحمتی بیانیہ چھوڑنے کیلئے تیار ہے نہ ہی حکومت کوئی ایسا مطالبہ ماننے کیلئے تیار ہے کہ جس سے اقتدار جاتا نظر آئے، دونوں ہی بند گلی میں آچکے ہیں اور اس بند گلی سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں مل رہا ہے، یہ راستہ بھی مذاکرات سے ہی نکلے گا، اس کیلئے دونوں فریقین کو آج نہیں تو کل مذاکرات کرنا ہی پڑیں گے۔

اس کا ادراک جتنا جلد کر لیا جائے گا، اتنا ہی جلد سارے الجھے معاملات سلجھ پائیں گے، ورنہ معاملات مزید بگڑتے ہی چلے جائیں گے، کیونکہ سیاسی جماعتوں میں کتنے ہی اختلاف ہوں، ان کا حل مذاکرات سے ہی نکلتا ہے اور مذاکرات سے ہی نکلنا چاہیے، ماضی میں پیپلز پارٹی اور ن لیگ میں بھی شدید اختلافات رہے ہیں، مگر ایک وقت آیا کہ وہ مل بیٹھے، اس طرح تحریک انصاف اور جے یو آئی میں کبھی قربت نہیں رہی ہے اور ان کا اختلاف بھی انتہائی شدید رہا ہے، لیکن ایک وقت آیا کہ ایک دوسرے سے بغل گیر ہوئے اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر اہم امور پر مشاورت کرنے لگے، کیا ایسا ممکن نہیں ہے کہ ایک ایسا وقت بھی آئے کہ جب تحریک انصاف اور حکومت اپنے معاملات کو پارلیمان میں بیٹھ کر خوش اسلوبی سے طے کرنے لگے؟ اس سوال کا جواب اثبات میں ہونا چاہیے، لیکن کیا موجودہ حالات میں ایسا ممکن ہو سکتا ہے؟



sadaaysehar@gmail.com

اس کیلئے سیاسی حالات سازگار نہیں ہیں مگر سازگار بنائے تو جا سکتے ہیں، لیکن حالات سازگار بنائے جا رہے ہیں نہ ہی سازگار بنانے کیلئے کوئی پیش رفت دکھائی دے رہی ہے، اگر ایک طرف سے کوئی بیان آتا ہے تو اس کا جواب آگے بڑھ کر دیا جا رہا ہے اور حالات کو مزید خراب کیا جا رہا ہے، اس صورتحال میں مذاکرات کا ڈول کیسے ڈالا جا سکے گا اور کیسے بند گلی سے نکلنے اور آگے بڑھنے کا راستہ تلاش کیا جا سکے گا؟ یہ زبانی کلامی مذاکرات کا جاری کھیل تماشہ بند ہونا چاہئے اور اس پر دونوں ہی جانب سے کوئی سنجیدہ قابل عمل رویہ اختیار کرنا چاہئے، ایک بار میں سارے ہی تنازعات کا ایک ساتھ حل تلاش کرنا مشکل ہوگا، تاہم ان تنازعات کو مرحلہ وار بھی حل کیا جا سکتا ہے، اس کے باوجود مذاکرات میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے تو اس کیلئے کسی ثالث کی مدد بھی لی جا سکتی ہے۔

اس بار اتحادی حکومت کے آنے پر خیال کیا جا رہا تھا کہ صدر زرداری سیاسی اُلجھے معاملات سلجھانے میں کوئی کردار ادا کریں گے، حکومت اور اپوزیشن کو ایک میز پر بیٹھائیں گے، کوئی مفاہمت کا فارمولا آزمائیں گے، مگر صدر زرداری حکومت اور اپوزیشن کو ایک میز پر بیٹھانے اور کوئی مفاہمتی فارمولا آزمانے کے بجائے اپنے ہی بیٹے کو ایوان وزارت عظمیٰ میں لانے پر زیادہ زور دیے رہے ہیں اور مسلم لیگ (ن) قیادت کو بھی باور کرا رہے ہیں کہ اب اقتدار میں آنے کی اُن کی باری ہے، اس باریوں کے چکر میں مذاکرات اور قومی مفادات کہیں پیچھے چلے جاتے ہیں اور ذاتی مفادات آگے آجاتے ہیں، اس لیے ہی مذاکرات ہو رہے ہیں نہ ہی مذاکرات کامیاب ہونے کے آثار دکھائی دیے رہے ہیں۔

اگر دیکھا جائے تو یہ وقت ذاتی مفادات کا نہیں، بلکہ ملک کے مستقبل کو بچانے کا ہے، اگر دونوں فریقین اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور مذاکرات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے مل بیٹھیں، تو پاکستان کیلئے ایک روشن مستقبل کی امید پیدا ہو سکتی ہے، مذاکرات کے سواء کوئی راستہ نہیں، مذاکرات کا آغاز ہی بحران کے خاتمے کی پہلی سیڑھی ہے، حکومت اور پی ٹی آئی کو چاہیے کہ وہ اپنی سیاسی بصیرت اور عوامی توقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک نیا باب رقم کریں، بامقصد مذاکرات کا نہ صرف آغاز کریں، بلکہ انہیں کامیاب بھی بنائیں، اس صورت میں ہی ہم ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان کا خواب دیکھ سکتے ہیں۔

کرکٹ کا فروغ، امریکا میں نیشنل کرکٹ لیگ 2025 کے ٹورنامنٹ کا اعلان

معروف بین الاقوامی براڈ کاسٹرز کے ساتھ شراکت داری کے نتیجے میں لیگ کا مواد 120 ممالک میں نشر ہوا جس سے این ایل سی نے عالمی سطح پر اپنی پہچان بنائی

نیویارک (این این آئی) نیشنل کرکٹ لیگ امریکا نے کرکٹ کے عالمی فروغ اور کمیونٹی کی تعمیر کے عزم کے ساتھ 2025 کے ٹورنامنٹ کا اعلان کر دیا۔ اعلان این ایل سی کی گزشتہ سال کی غیر معمولی کامیابی کے بعد سامنے آیا ہے جس میں لیگ نے کرکٹ کے مداحوں کو ایک نیا اور دلچسپ تجربہ فراہم کیا تھا۔ این ایل سی کی جانب سے امریکا میں 2024 کے پہلے سال میں کرکٹ کے شائقین اور کھلاڑیوں کے لیے شاندار مواقع فراہم کیے گئے، انتظامیہ کے مطابق لیگ کی موبائل ایپ ''کرکٹ'' کو 1.1 ملین بار ڈاؤن لوڈ کیا گیا اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے ایک سو ملین سے زائد افراد نے رسائی حاصل کی۔ معروف بین الاقوامی براڈ کاسٹرز کے ساتھ شراکت داری کے نتیجے میں لیگ کا مواد 120 ممالک میں نشر ہوا جس سے این ایل سی نے عالمی سطح پر اپنی پہچان بنائی۔ این ایل سی نے یو ایس اے کرکٹ کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے کالیجیٹ کرکٹ لیگ قائم کی جو امریکا کی نمایاں یونیورسٹیوں میں کرکٹ کلبوں کو متحد کرنے اور کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے وقف ہے، یہ اقدام کرکٹ کے لیے ایک مضبوط ٹیلنٹ ڈویلپمنٹ سسٹم کا حصہ ہے جو آنے والے برسوں میں ٹیم امریکا کی کامیابیوں کو یقینی بنائے گا۔ نیشنل کرکٹ لیگ امریکا نے کرکٹ کے عالمی فروغ اور کمیونٹی کی تعمیر کے عزم کے ساتھ 2025 کے ٹورنامنٹ کا اعلان کر دیا۔ اعلان این ایل سی کی گزشتہ سال کی غیر معمولی کامیابی کے بعد سامنے آیا ہے جس میں لیگ نے کرکٹ کے مداحوں کو ایک نیا اور دلچسپ تجربہ فراہم کیا تھا۔ انتظامیہ کے مطابق لیگ کی موبائل ایپ ''کرکٹ'' کو 1.1 ملین بار ڈاؤن لوڈ کیا گیا اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے ایک سو ملین سے زائد افراد نے رسائی حاصل کی۔

دورانِ میچ دل کا دورہ پڑنے سے بھارتی کرکٹر چل بسے

میچ کے 10 ویں اوور میں وکرم نے سینے میں درد کی شکایت کی تھی

ممبئی (سپورٹس ڈیسک) بھارت کے شہر ممبئی میں کرکٹ میچ کے دوران بیٹنگ کرتے ہوئے 31 سالہ بیٹر وکرم دل کا دورہ پڑنے سے چل بسے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی کے آزاد میدان میں کھیلے گئے میچ کے 10 ویں اوور میں وکرم نے سینے میں درد کی شکایت کی تھی اور 17 ویں اوور میں رن لیتے ہوئے وہ گر پڑے تھے۔ جب وہ زمین پر گرے تو ساتھی کھلاڑی انہیں اسپتال لے گئے تاہم ڈاکٹروں نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وکرم کا ایک سال کا بیٹا ہے اور وہ پیشے سے سافٹ ویئر انجینئر تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہ بھارتی شہر پونے میں کرکٹ میچ کے دوران بھی ایک کھلاڑی دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق ہو گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 35 سالہ عمران پٹیل نامی بیٹر اننگ کا آغاز کرنے کے لیے گراؤنڈ میں بیٹنگ کے لیے آئے تھے جس کے تھوڑی دیر بعد انہوں نے سینے اور ہاتھ میں درد کی شکایت کی تھی۔

محسن نقوی کی سعودی عربیہ کرکٹ فیڈریشن کے چیئرمین سے ملاقات

چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے میچز دیکھنے کیلئے پاکستان کے دورے کی دعوت دیدی

ریاض (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے چیئرمین سعودی عربیہ کرکٹ فیڈریشن کو چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے میچز دیکھنے کیلئے پاکستان کے دورے کی دعوت دیدی۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے ریاض میں سعودی عربیہ کرکٹ فیڈریشن (ایس اے سی) کے چیئرمین شہزادہ سعود بن مشعل السعود سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سعودی عرب میں کرکٹ کے فروغ اور کھلاڑیوں کی ڈویلپمنٹ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے چیئرمین سعودی عربیہ کرکٹ فیڈریشن کو چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے میچز دیکھنے کیلئے پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔ محسن نقوی نے کرکٹ کے فروغ اور اسٹیڈیمز کی تعمیر کے حوالے سے ہر ممکن تعاون کی پیشکش کرتے ہوئے سعودی عرب کے کھلاڑیوں کو تربیت دینے کی بھی پیشکش کی۔

سلمان نے اپنا ''مین آف میچ کا ایوارڈ'' صائم کو دیدیا

پارل (این این آئی) جنوبی افریقا کیخلاف سیریز کے پہلے ون ڈے مڈل آرڈر بیٹر سلمان آغا نے اپنا مین آف دی میچ کا ایوارڈ اوپنر صائم ایوب کو دیدیا۔ گزشتہ روز پارل میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے جنوبی افریقا کو محض 3 وکٹوں سے ہرا کر پہلا ون ڈے میچ اپنے نام کیا، اس میچ میں اوپنر صائم ایوب نے سینچری اسکور کی جبکہ سلمان آغا نے 82 رنز ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ میچ کے دوران پانچویں وکٹ کی شراکت میں اوپنر صائم ایوب اور نائب کپتان سلمان آغا نے 141 رنز کی پارٹنرشپ قائم کرکے ٹیم کو فتح کے قریب آئے تاہم صائم 109 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے، انکی اننگز میں 10 چوکے اور تین چھکے شامل تھے۔ صائم کی وکٹ گرنے کے بعد عرفان خان نیازی اور شاہین آفریدی یک کے بعد دیگرے آؤٹ ہوئے اور میچ مشکل صورتحال میں پھنس گیا لیکن سلمان نے ایک اینڈ سنبھال کر رکھا تھا اور 82 رنز بنائے انکی اننگز میں 4 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔

پاکستان کے محمد حرماس نے امریکی کھلاڑی کو شکست دیکر یو ایس جونیئر اسکواش چیمپئن شپ جیت لی

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان کے محمد حرماس علی راجہ نے یو ایس جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ کا بوائز انڈر 11 کا ٹائٹل جیت لیا۔ راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے ٹاپ اسپیڈ حرماس علی نے امریکی حریف کو 0-3 سے شکست دی۔ حرماس نے انولیک آرچیبالڈ کے خلاف تینوں گیمز 8-11 کے یکساں اسکور سے جیتے۔ حرماس یو ایس جونیئر ٹائٹل جیتنے والے پہلے پاکستانی ہیں۔

سنیل گواسکر کی روہت شرما کے کپتانی سے دستبردار ہونے کی پیشگوئی

روہت شرما ٹیم پر بوجھ نہیں بنیں گے، وہ ایسے کرکٹر ہیں جو ٹیم کا بہت خیال رکھتے ہیں

دہلی (سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سنیل گواسکر نے موجودہ کپتان روہت شرما کے دستبردار ہونے کی پیش گوئی کر دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سنیل گواسکر نے کہا ہے کہ روہت شرما میلبرن اور سڈنی میں فلاپ ہوئے ہیں تو وہ خود دستبردار ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ روہت شرما سلیکٹرز کے فیصلے کا انتظار نہیں کریں گے، یقینی طور پر وہ آخری 2 ٹیسٹ میچز کھیلیں گے۔ سنیل گواسکر کا کہنا ہے کہ آخری 2 میچز میں روہت شرما رنز نہیں کرتے تو میرا خیال ہے کہ وہ ٹیم سے الگ ہو جائیں گے۔ سابق کپتان نے یہ بھی کہا کہ روہت شرما ٹیم پر بوجھ نہیں بنیں گے، وہ ایسے کرکٹر ہیں جو ٹیم کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ واضح رہے کہ آسٹریلیا اور بھارت کے درمیان 5 ٹیسٹ میچز کی سیریز 1-1 سے برابر ہوئی ہے۔

دوسرا ٹی 20: بنگلادیش نے ویسٹ انڈیز کو ہرا کر سیریز اپنے نام کرلی

ڈھاکہ (سپورٹس ڈیسک) بنگلا دیش نے دوسرے ٹی ٹوئنٹی اور سیریز میں ویسٹ انڈیز کو شکست دے دی۔ کنگز ٹاؤن میں کھیلے گئے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بنگلادیش نے ویسٹ انڈیز کو 27 رنز سے ہرا دیا۔ بنگلادیش نے پہلے کھیلتے ہوئے 7 وکٹ پر 129 رنز بنائے تھے۔ مہمان ٹیم کی جانب سے شمیم حسین 35 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ہدف کے تعاقب میں میزبان ٹیم ویسٹ انڈیز 102 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے روسٹن چیس نے 32 اور عقیل حسین نے 31 رنز بنائے۔ بنگلادیش کی طرف سے تسکین احمد نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ بنگلادیش نے 3 میچوں کی سیریز میں 2 صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل کرلی۔

لاہور: پولو کلب کے زیر اہتمام پیٹریز ایبک پولو کپ 2024ء کے دوسرے روز ایف جی/ وین پولو اور پی این پولو کے درمیان میچ کا منظر۔

کرکٹ میچ کے دوران 31 سالہ بیٹر دل کا دورہ پڑنے سے چل بسا

ممبئی (این این آئی) بھارت کے شہر ممبئی میں ایک کرکٹ میچ میں بیٹنگ کے دوران 31 سالہ بیٹر دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی کے آزاد میدان میں 25 اوور کا میچ جاری تھا جس میں 31 سالہ وکرم اشوک 159 رنز کے ہدف کے تعاقب میں بیٹنگ کر رہا تھا۔ رپورٹ کے مطابق 10 ویں اوور میں وکرم نے سینے میں درد کی شکایت کی تاہم بیٹنگ جاری رکھی۔ 17 ویں اوور میں جب اس کی ٹیم جیت کے قریب تھی وہ ایک رن لینےکے بعد گر پڑا۔ ساتھی کھلاڑیوں نے اسے اسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی موت کی تصدیق کردی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وکرم پیشے کے لحاظ سے سافٹ ویئر انجینئر تھا اور اس کا ایک سال کا بیٹا بھی ہے۔

روٹ نے سابق لیجنڈری کرکٹر جاوید میاں داد کا اہم ٹیسٹ ریکارڈ توڑ دیا

آکلینڈ (این این آئی) انگلش کرکٹ ٹیم کے تجربہ کار بیٹر جو روٹ نے پاکستان کے سابق لیجنڈری کرکٹر جاوید میاں داد کا اہم ٹیسٹ ریکارڈ توڑ دیا۔ نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کو سیریز کے تیسرے اور آخری ٹیسٹ میں 423 رنز سے شکست دی البتہ مہمان ٹیم انگلینڈ نے سیریز 1-2 سے اپنے نام کی۔

بھارتی اسپنر روی چندر ایشون کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

دہلی (سپورٹس ڈیسک) بھارت کے نامور اسپنر روی چندر ایشون نے آسٹریلیا کے خلاف بارڈر گواسکر ٹرافی سیریز کے تیسرے میچ کے اختتام پر انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ کھیلوں کی ویب سائٹ کرکٹ انفو کی رپورٹ کے مطابق ایشون نے بارڈر گواسکر ٹرافی سیریز کے ابتدائی 3 میچوں میں صرف ایک میں حصہ لیا، ایڈیلیڈ میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میں اسپنر کو صرف ایک ہی کامیابی مل سکی۔ یاد رہے آسٹریلیا اور بھارت کے درمیان 5 ٹیسٹ میچ پر مشتمل سیریز کے پہلے میچ میں بھارت اور دوسرے میں آسٹریلیا کو کامیابی ملی تاہم تیسرا میچ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیا۔ برسبین میں میچ کے بعد بھارتی کپتان روہت شرما کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران ایشون نے کہا کہ آج بطور بھارتی کھلاڑی تمام فارمیٹ میں آخری دن ہے، میں سمجھتا ہوں کہ مجھ میں اب بھی کرکٹ باقی ہے لیکن وہ میں کلب یا فرنچائز لیول پر کھیلتا رہوں گا، انٹرنیشنل کرکٹ سے میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتا ہوں۔ بھارتی اسپنر نے کہا کہ میں نے اپنے انٹرنیشنل کرکٹ کو بہت انجوائے کیا اور روہت شرما سمیت دیگر کھلاڑیوں کے ہمراہ بہت یادگار لمحات بنائے، تاہم یہ لمحہ بہت جذباتی ہے جب میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائر ہو رہا ہوں۔

پہلا ون ڈے: آغا سلمان کی آل راؤنڈ کارکردگی، صائم کی سنچری، پاکستان کی جنوبی افریقہ کو شکست

صائم ایوب کی ون ڈے کیریئر کی دوسری سنچری اسکور، 10 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 109 رنز کی شاندار اننگز کھیلی

پارل (این این آئی) پاکستان نے پہلے ون ڈے میں آغا سلمان کی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی اور صائم ایوب کی سینچری کی بدولت جنوبی افریقہ کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی۔ جنوبی افریقہ کے شہر پارل میں کھیلے جانے والے میچ میں قومی ٹیم کے اوپننگ بیٹر صائم ایوب نے اپنے ون ڈے کیریئر کی دوسری سنچری اسکور کی، انہوں نے 10 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 109 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، آغا سلمان نے آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کیا، انہوں نے 82 رنز بنائے اور 4 کھلاڑیوں کا شکار کیا۔ جس پر انہیں مین آف دیم میچ قرار دیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے عبداللہ شفیق اور صائم ایوب نے اننگز کا آغاز کیا تاہم دوسرے ہی اوور کی چوتھی گیند پر عبداللہ شفیق مارکو جانسن کی گیند پر بغیر کوئی رن بنائے کلین بولڈ ہو گئے۔ اس کے بعد کریز پر آنے والے بابر اعظم پر اعتماد بیٹنگ کرتے ہوئے دکھائی دیئے، انہوں نے 3 چوکوں کی مدد سے 38 گیندوں پر 23 رنز بنائے، وہ اوٹنیل بارٹمین کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوئے، 14 اوورز میں 46 رنز کے اسکور پر 2 وکٹیں گرنے کے بعد کپتان محمد رضوان سے توقع کی جا رہی تھی کہ وہ اننگز کو سنبھالیں گے تاہم وہ بھی پچ پر صرف 5 گیندوں کے مہمان ٹھہرے اور 1 رن بنا کر چلتے بنے۔ مڈل آرڈر بیٹر کامران غلام کے 4 رنز پر رن آؤٹ ہونے کے بعد صائم ایوب اور نائب کپتان سلمان علی آغا ٹیم کو مشکلات سے نکال کر مستحکم پوزیشن میں لے آئے اور ٹیم کو فتح سے ہمکنار کرایا۔

قوت
SHOWBIZ

والد پر تنقید، اداکارہ سوناکشی نے مکیش کھنہ کو آڑے ہاتھوں لے لیا

آپ نے میرے والد پر بھی الزام لگایا، اگلی بار کسی کی اخلاقی اقدار پر گفتگو کرنے سے قبل ضرور سوچیے گا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ سوناکشی سنہا نے لیجنڈ اداکارہ مکیش کھنہ کی طرف سے اُن کی پرورش اور والد شتروگھن سنہا سے متعلق ناگوار تبصرے پر جواب دے دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 37 سالہ اداکارہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر 66 سالہ مکیش کھنہ کو مخاطب کیا اور انہیں آڑے ہاتھوں لیا۔ مکیش کھنہ نے 2019ء میں کون بنے گا کروڑ پتی 11 کا حصہ بننے اور اُس میں رامائن سے متعلق پوچھے گئے سوال کا جواب نہ دے سکنے پر سوناکشی سنہا اور اُن کے والد پر تنقید کی تھی۔ سوناکشی سنہا نے ایک لمبے نوٹ میں لیجنڈ اداکار کو مخاطب کیا اور اُن سے احترام کے ساتھ گزارش کی کہ خبروں میں زندہ رہنے کیلئے اس واقعے کو عوام میں اچھالنا بند کر دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اُس وقت سوال کا جواب نہیں سوجھ سکی، میرے ساتھ ہاٹ سیٹ پر ایک اور خاتون بھی تھی لیکن آپ نے صرف میرا انتخاب کیا جس کا یقینی طور پر کوئی مقصد ہوگا۔ اداکارہ نے لیجنڈ ایکٹر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے میرے والد پر بھی الزام لگایا، اگلی بار کسی کی اخلاقی اقدار پر گفتگو کرنے سے قبل ضرور سوچیے گا۔

اداکار علی اعجاز کو مداحوں سے بچھڑے 6 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) درویش صفت اداکار علی اعجاز کو مداحوں سے بچھڑے 6 برس بیت گئے۔ چلبلے، ہنس مکھ اور نرم مزاج اداکار علی اعجاز 1941ء میں لاہور میں پیدا ہوئے، فنی کیریئر کی شروعات ریڈیو پاکستان لاہور سے کی، 1964ء میں لاہور سے پاکستان ٹیلی ویژن کا آغاز ہوا تو سلسلے وار کھیل ''لاکھوں میں تین'' لائیو پیش کیا جانے لگا جس کے تین مرکزی کرداروں میں سے ایک علی اعجاز نے نبھایا اور ان کے منفرد کردار کو خاصی مقبولیت ملی۔ ٹی وی پلے ''دبئی چلو'' اور ''خواجہ اینڈ سنز'' نے تو علی اعجاز کی شہرت کو چار چاند لگا دیئے۔ عطاء الحق قاسمی کے لکھے ڈرامے ''شب دیگ'' میں علی اعجاز نے معروف اداکار سہیل اصغر کے ساتھ کام کیا اور مسٹر باجوہ کے کردار میں خود کو امر کر دیا۔ ٹی وی اور سٹیج کے بعد علی اعجاز نے فلم انڈسٹری میں انٹری دی اور اپنی جاندار اداکاری کی وجہ سے فلم نگری میں بھی چھا گئے، اداکار ننھا کے ساتھ ان کی جوڑی فلموں میں بے حد مقبول ہوئی، ان کی مشہور فلموں میں ''انسانیت''، ''لیلیٰ مجنوں''، ''وحشی جٹ''، ''چور مچائے شور''، ''صاحب جی'' اور ''جوڑا'' قابل ذکر ہیں۔ حکومتِ پاکستان نے 14 اگست 1993ء کو صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا، علی اعجاز نے متعدد نگار ایوارڈز بھی اپنے نام کئے۔ درویش صفت اداکار علی اعجاز 18 دسمبر 2018ء کو حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے لاہور میں انتقال کر گئے۔

موسیقار رشید عطرے کو مداحوں سے بچھڑے 57 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) لازوال گیتوں کے تخلیق کار رشید عطرے کو مداحوں سے بچھڑے 57 برس بیت گئے۔ 15 فروری 1919ء کو امرتسر میں ہارمونیم نواز خوشی محمد کے گھر میں آنکھ کھولنے والے رشید عطرے نے محض 48 برس کی عمر پائی لیکن اتنی مختصر سی زندگی میں ہی انہوں نے موسیقی کی دنیا میں وہ کچھ کر دکھایا جو انہی کا خاصا ہے۔ 1950ء میں رشید عطرے کی موسیقی میں ترتیب دیا ہوا گیت 'بھاگاں والیو نام جپو مولا نام' تھا جس نے فلمی صنعت کو رشید عطرے کی صورت میں ایک شاندار موسیقار دیا، اِس کے بعد تو ان کی ترتیب دی ہوئی موسیقی میں ایسے ایسے خوب صورت گیت سننے کو ملے کہ جو آج بھی اپنی سحر آفرینی برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ رشید عطرے کی فنی چابک دستی نے فلم ''زرقا'' کے گیتوں کو وہ دوام بخشا کہ جن کے رنگ آج بھی مدھم نہیں پڑے۔

اردو کے عظیم ناول نگار شوکت صدیقی کو مداحوں سے بچھڑے 18 سال گزر گئے

کراچی (این این آئی) اردو کے عظیم ناول نگار شوکت صدیقی کو مداحوں سے بچھڑے 18 سال گزر گئے۔ شوکت صدیقی 20 مارچ 1923 کو لکھنو کے ایک ادبی گھرانے میں پیدا ہوئے، تقسیم ہند کے بعد اپنے خاندان کے ہمراہ کراچی میں مقیم ہوگئے، ان کا شمار عہد ساز شخصیات میں ہوتا ہے، اُن کی زندگی کے کئی حوالے ہیں اور ہر حوالہ معتبر ہے۔ ان کا پہلا افسانوں کا مجموعہ ''تیسرا آدمی'' 1952ء میں شائع ہوا تھا، بعدازاں اُن کے جو افسانوی مجموعے منظرِ عام پر آئے اُن میں ''اندھیر اور اندھیرا''، ''راتوں کا شہر'' اور ''کیمیا گر'' شامل ہیں۔ شوکت صدیقی کے ناولز میں ''خدا کی بستی''، ''جانگلوس'' اور ''چار دیواری'' کو عالمی شہرت ملی، انہیں طویل ادبی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ پاکستان نے 1997ء میں ''تمغہ برائے حسن کارکردگی'' عطا کیا۔ شوکت صدیقی 18 دسمبر 2006 کو کراچی میں انتقال کر گئے لیکن اپنی اردو ادبی خدمات کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں آج بھی زندہ ہیں۔

اداکارہ صرحا اصغر کے ہاں دوسری مرتبہ ننھے مہمان کی آمد متوقع

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ صرحا اصغر کے ہاں دوسری مرتبہ ننھے مہمان کی آمد متوقع ہے۔ اداکارہ صرحا اصغر اکثر و بیشتر اپنے خاوند کے ہمراہ دلچسپ ویڈیوز سوشل میڈیا کی زینت بناتی رہتی ہیں اور اب اپنے ہاں دوسرے بچے کی متوقع پیدائش کا بھی اعلان انہوں نے سوشل میڈیا پر ایک خصوصی پوسٹ کے ذریعے کیا۔ انہوں نے اپنی خوشیوں بھری تصاویر کے ساتھ کیپشن میں سب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ میٹرنٹی شوٹ کا ہمارا طریقہ ہے، ہم یہ خوشی کی خبر آپ سب کے ساتھ شیئر کرنے پر بے انتہا پرجوش ہیں۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی، گلوکار بادشاہ نے الزامات کی تردید کردی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ گلوکار و ریپر بادشاہ نے اپنے اوپر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے الزامات کو بےبنیاد قرار دے کر تردید کردی۔ خیال رہے کہ بادشاہ پر غلط سمت میں گاڑی چلانے پر 15 ہزار سے زائد روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا تھا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق یہ جرمانہ اتوار کی شام گروگرام کے سیکٹر 68 میں واقع آریا مال میں گلوکار کرن اوجلا کے کنسرٹ میں پہنچنے کے دوران غلط لین میں گاڑی چلانے پر کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق بادشاہ تین گاڑیوں کے قافلے میں کنسرٹ کے مقام پر پہنچے۔ ان میں سے ایک گاڑی پر ٹریفک چالان جاری کیا گیا، ان میں سے ایک گاڑی بادشاہ خود چلا رہے تھے۔ ان الزامات پر بادشاہ کی ٹیم کی جانب سے ایک بیان جاری کیا گیا جبکہ اسکی وضاحت دیتے ہوئے تردید بھی کردی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ کنسرٹ کی رات بادشاہ ایک گاڑی میں مسافر سیٹ پر بیٹھے تھے، یہ گاڑی بکشی ٹرانسپورٹ سروس کی جانب سے فراہم کی گئی تھی جبکہ اسے ایک لائسنس یافتہ ڈرائیور چلا رہے تھے۔ اس بیان میں واضح کیا گیا کہ جس رات کے واقعے کی بات کی جا رہی ہے اس رات بادشاہ نے کوئی بھی گاڑی نہیں چلائی۔ اس میں یہ بھی کہا گیا کہ ہم بادشاہ اور اسکی ٹیم پر لگنے والے الزامات کی سختی سے تردید کرتے ہیں۔

سلمان خان 27 دسمبر کو اپنی 59 ویں سالگرہ منائیں گے

مداحوں کو اس مرتبہ اداکار کی سالگرہ پر انکی فلم سکندر کا ٹیزر بطور سرپرائز ملے گا

ممبئی (این این آئی) دنیا بھر میں موجود بالی ووڈ سپر سٹار سلمان خان کے مداحوں کو اس مرتبہ اداکار کی سالگرہ پر انکی فلم سکندر کا ٹیزر بطور سرپرائز ملے گا۔ ریلیز کے مراحل میں موجود سلمان خان کی فلم سکندر کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے ان کے لاکھوں مداح کافی وقت سے بے قرار ہیں، متعدد جان لیوا دھمکیوں کے باوجود سلمان خان نے فلم کی شوٹنگ جاری رکھی ہوئی ہے۔ اس فلم کے پروڈیوسر ساجد ناڈیاوالا نے انکشاف کیا ہے کہ فلم سکندر کا ٹیزر اداکار کی 59 ویں سالگرہ کے دن جاری کیا جائے گا، سلمان خان 27 دسمبر کو اپنی 59 ویں سالگرہ منائیں گے اور اب اسی دن ان کی فلم کا ٹیزر بھی مداحوں کے لیے سامنے آئے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہی نہیں سلمان خان کے سالگرہ کی تقریب کے دوران فلم کا پوسٹر بھی جاری کیا جائے گا۔ ایکشن اور تھرل سے بھرپور اس فلم میں سلمان خان کے مقابل رشمیکا مندانا ہیں اور یہ فلم اگلے سال عید کے موقع پر ریلیز کی جائے گی۔

سردیوں میں جلد کو چمکدار اور نرم و ملائم کیسے بنائیں؟ بشریٰ انصاری نے نسخہ بتا دیا

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز کی سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے سردی کے موسم میں جلد کو چمکدار اور نرم و ملائم بنانے کا گھریلو نسخہ بتا دیا۔ حال ہی میں بشریٰ انصاری ایک مارننگ شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر گفتگو کی، ساتھ ہی اداکارہ نے اپنی جلد کی خوبصورتی کا راز بھی بتا دیا۔ بشریٰ انصاری کا کہنا تھا کہ وہ بچپن سے اس نسخے کے بارے میں سنتی آ رہی ہیں اور ماضی کی اداکارائیں بھی اس ہی نسخے کو استعمال کرتی تھیں یہی وجہ تھی کہ ان کی جلد اتنی لچکدار اور بے داغ ہوا کرتی تھی۔ اداکارہ نے بتایا کہ گلیسرین میں تھوڑا لیموں کا رس اور عرق گلاب ملا کر اسے اچھی طرح مکس کر کے ایک شیشی میں بھر کر رکھ لیں اور دن رات بس اسے ہاتھوں گردن اور چہرے پر استعمال کریں۔ بشریٰ انصاری نے یہ بھی بتایا کہ ان دنوں وہ ایک بائیو آئل استعمال کر رہی ہیں جس کیلئے وہ وٹامن ای کے کیپسول میں کھوپرے کا تیل، گلیسرین اور کاسٹر آئل شامل کر کے اسے مکس کر کے استعمال کرتی ہیں جس سے انہیں کسی ہائلارانک ایسڈ کی ضرورت نہیں پڑتی اور ان کی جلد ہائیڈریٹ رہتی ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

پالیسی ریٹ میں کمی خوش آئند، یکمشت سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے، اشرف بھٹی

کمی سے بینکوں میں رکھا گیا سرمایہ کاروباروں میں لگایا جائے گا، صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (شہروز میاں سے) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے بنیادی شرح سود میں 200 بیسس پوائنٹس کمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسے یکمشت سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پالیسی ریٹ انتہائی زیادہ رہنے کی وجہ سے ہر طرح کے کاروبار کو سرمایہ کاری کی انتہائی قلت کا سامنا رہا تاہم اب تسلسل سے کمی کے بعد دوبارہ سرمایہ کاری کا رحجان ہے جس سے معیشت کو بھی تحرک مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جائزہ لیا جائے تو خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان میں آج بھی پالیسی ریٹ انتہائی زیادہ ہے۔ پالیسی ریٹ میں کمی سے بینکوں میں رکھا گیا سرمایہ کاروباروں میں لگایا جائے گا جس سے بیروزگاری کا خاتمہ بھی ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پالیسی ریٹ میں کمی سے حکومت پر مقامی قرضوں کے بوجھ کا حجم بھی کم ہوا ہے۔

بزرگ محنت کشوں کا احساس احترام آدمیت ہے، پروفیسر ذوالفقار زکریا

لاچاروں کی چارہ گری پریشان حال کی دلجوئی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے، شاف علی کھانڈ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ہر مذہب احترام انسانیت کا درس دیتا ہے اور لاچاروں کی چارہ جوئی و پریشان مخلوق کیساتھ صلہ رحمی کرنا اللہ کے پیارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔ آج پاکستانی معاشرے کا عمومی رویہ یہ بن چکا ہے کہ خرافات و بے سروپا روایات میں اسراف کیا جاتا ہے جبکہ بزرگ و پریشان حال مخلوق کیساتھ ریٹ کم کرانے کیلئے ایڑھی چوٹی کا زور لگایا جاتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر شاف علی کھانڈ کی زیر صدارت دی نالج ان سکول اگوکی ماڈل ٹاؤن سیالکوٹ میں ایک فکری سیشن کے دوران پرنسپل سکول ھذا پروفیسر ذوالفقار زکریا نے کیا۔ معروف سکالر حافظ شاف علی کھانڈ نے کہا کہ اسلام ہمیں تحمل بردباری اخلاقیات کیساتھ برداشت اور حسن سلوک کا درس دیتا ہے عدم برداشت کے رویوں کو مثبت رویوں سے مات دیجئے۔

ڈپٹی کمشنر کا گورنمنٹ ہائی سکول پیر پنجہ تحصیل لالیاں کا ہنگامی دورہ

اساتذہ کی حاضری، صفائی ستھرائی سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا گورنمنٹ ہائی سکول پیر پنجہ تحصیل لالیاں کا اچانک دورہ، اساتذہ کی حاضری، صفائی ستھرائی سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاسز میں جا کر طلباء کے جاری تعلیمی سیشن کا بھی جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے انچارج کو بچوں کے ایل این ڈی ٹیسٹ اور سکول کی حالت کو بہتر بنانے کی ہدایت کی، بغیر اطلاع چھٹی پر ہیڈ ٹیچر کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کیلئے ڈی او سیکنڈری عبدالجلیل کو ہدایات جاری کیں، علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے بنیادی مرکز صحت پیر پنجہ کا اچانک وزٹ کیا، بنیادی مرکز صحت میں ادویات کی دستیابی، مشینری کی ورکنگ کو چیک کیا، انہوں نے پولیو مہم کے سلسلہ میں مرکز صحت میں فکس پوائنٹ کا بھی جائزہ لیا اور حفاظتی قطرے پینے والے بچوں کا ریکارڈ چیک کیا اور موقع پر ڈی ایچ او کو پولیو ٹیموں کی کڑی نگرانی کی ہدایت کی۔

شرح سود 2 فیصد کمی کے بعد 13 فیصد مقرر کرنے سے کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، خادم حسین

لاہور (جنرل رپورٹر) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن خادم حسین سینئر نائب صدر فیروز پور بورڈ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبرز آف کامرس نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے نئی مانیٹرنگ پالیسی میں شرح سود میں 2 فیصد کمی کے بعد 13 فیصد مقرر کرنے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، شرح سود میں کمی سے بینکوں میں سرمایہ رکھنے کی حوصلہ شکنی ہوگی اور یہی پیسہ کاروباری سرگرمیوں استعمال ہونے سے معیشت مستحکم اور روزگار کے ذرائع میں اضافہ ہوگا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے فیلڈ میں مکمل متحرک

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف، ڈائریکٹر جنرل فوڈ اتھارٹی پنجاب محمد عاصم جاوید اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کی ہدایات پر پنجاب فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے فیلڈ میں مکمل متحرک، ضلع بھر میں خوراک سے منسلک 110 کاروباروں کا معائنہ کیا گیا، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور صفائی کے ناقص انتظامات پر 1 لکھ 79 ہزار روپے سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا، معیاری دودھ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ضلع شیخوپورہ کے مختلف علاقوں میں چیکنگ کے دوران 62 ہزار 160 لٹر دودھ کو چیک کیا گیا مضر صحت غیر معیاری اور ممنوع زائد المعیاد اشیاء جن میں 150 کلو خشک کھجوریں، 7 کلو نمک سمیت دیگر بیکری آئٹمز کو موقع پر تلف کیا گیا متعدد فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹس بھی جاری کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مضر صحت اشیاء کی خرید وفروخت کرنے والوں کے خلاف کاروائیوں بارے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کو صاف ستھری خوراک کی فراہمی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہونی چاہیے پنجاب فوڈ اتھارٹی ہمیشہ کی طرح لوگوں کو صاف ستھری اور معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے

پولیس سے بچنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے، ایس ایچ او

وزیرآباد (نامہ نگار) پولیس سے بچنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے پنجاب پولیس جو نام ہے اعتماد کا گزشتہ روز وزیرآباد کے جوڈیشل کمپلیکس میں دو ملزمان جو تھانہ احمد نگر پولیس کے ملازمین کی غفلت کی وجہ سے انکی حراست سے احاطہ عدالت سے فرار ہوگئے تھے انکو دبنگ کرائم فائٹر ایس ایچ او تھانہ صدر وزیرآباد اور ایس ایچ او تھانہ احمد نگر نے ہمراہ نفری مشترکہ کاروائی اور کوشش سے دوبارہ گرفتار کرکے حوالات میں بند کردیا۔

طالبعلموں کی بہتر پڑھائی کیلئے تمام وسائل فراہم کئے جارہے ہیں، ڈپٹی کمشنر

دور حاضر میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے جدید علوم ترقی کے ترقی کے ضامن ہیں، عثمان جاوید

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن پڑھا لکھا پنجاب کے مطابق سکولوں میں طالبعلموں کو بہترین پڑھائی کے ساتھ ساتھ دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے تمام وسائل فراہم کئے جارہے ہیں، سائنسی علوم پر دسترس حاصل کرکے اقوام عالم کے ترقی یافتہ ممالک نے کامیابیوں کی منازل طے کی ہیں، دور حاضر میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے جدید علوم ترقی کے ترقی کے ضامن ہیں، طالب علموں کو چاہیے کہ سائنسی علوم کے حصول کے سلسلہ میں شوق اور لگن سے محنت کریں تاکہ وطن عزیز کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کیا جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی سکول اوکاڑہ میں سرکاری سکولوں کے مابین سائنس ماڈلز نمائش کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن محمد منیر محکمہ ایجوکیشن کے افسران سمیت مختلف سکولوں کے اساتذہ، بچوں کے والدین بھی موجود تھے۔

یونائیٹڈ لائیرز فورم کی پروفیشنل لائرز گروپ کو بھرپور اعتماد کی یقین دہانی

وزیرآباد (نامہ نگار) الحمدوللہ بڑی اناؤنسمنٹ یونائٹڈ لائیرز فورم کے دوستوں چوہدری زاہد فاروق چیمہ اور عمران احسان چوہدری کی قیادت میں چوہدری رضوان احمد چیمہ آف رتی ٹھٹ، چوہدری رضوان احمد چیمہ آف دادن چک، اظہر اقبال خاں، وسیم اشرف چوہدری، چوہدری محسن اسلم، یاسر محمود سوہل، شاہ زیب سیف گنڈو، خضر حیات چیمہ و دیگر وکلاء ساتھیوں نے رانا خلیل احمد خان چیئرمین پروفیشنل لائرز گروپ، طاہر عمران کولار سیکرٹری پروفیشنل لائرز گروپ کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پروفیشنل لائرز گروپ کے امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیرآباد امتیاز احمد خان اور امیدوار برائے جنرل سیکرٹری مستعصم مالک طورکی بھرپور حمایت کا اعلان کردیا۔

اساتذہ پر مقدمات کا اندراج قبیح عمل پر زور مذمت کرتے ہیں، ڈاکٹر عزیز الرحمان عزیزی

حساس طبعہ افراد درس وتدریس کے شعبہ سے وابستہ ہیں، رہنما پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن

وزیرآباد (نامہ نگار) اساتذہ پر مقدمات کا اندراج قبیح عمل پر زور مذمت کرتے ہیں گوجرانوالہ اور سرگودھا میں طلبہ کی اموات کا ذمہ دار اساتذہ کو ٹھہرانا اور ان پر مقدمات کا اندراج انتہائی زیادتی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن کے مرکزی سینئر نائب صدر ڈاکٹر عزیز الرحمان عزیزی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر معروف تعلیم دان عدنان بٹ، جمشید چٹھہ، صابر حسین بٹ، مہر شہزاد عظیم، محمد ندیم اور قیصر انور بٹ بھی موجود تھے انہوں نے کہا استاد قوم کے معمار تیار کرتے ہیں اور حساس طبعہ افراد درس و تدریس کے شعبہ سے وابستہ ہیں سینئر تعلیم دان حاجی اشفاق وڑائچ پر احمد نگر میں مقدمہ درج کیا گیا جو کہ بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی ہے اسی طرح گوجرانوالہ میں نجی اسکول کے ڈائریکٹر شیخ زبیر سعید اور سرگودھا میں بھی طالب علم کے ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہونے کا مقدمہ اسکول انتظامیہ کو مورد الزام ٹھہرا کر مقدمہ کا اندراج قابل مذمت عمل ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ والدین کی مانند اور بچوں کے ساتھ حلم و مہربانی سے پیش آتے ہیں کہیں کسی وجہ سے بچوں کی سرزنش ان کے بہتر مستقبل کے لیے ضروری ہو تو بھی اساتذہ انتہائی محتاط رویہ اختیار کرتے ہیں ایسے میں بطور انسان اگر کہیں استاد کی کوتاہی بھی ہو تو پھر بھی بطور استاد یا روحانی باپ اسکے خلاف مقدمات کا اندراج زیادتی سے کم نہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ درج مقدمات کی شفاف انکوائری کروائی جائے اور بے بنیاد و جھوٹ پر مبنی مقدمات کا اخراج کیا جائے۔

قرآن مجید فرقان حمید آفاقی کلام ہے، پیر سید نوید الحسن مشہدی

وزیرآباد (نامہ نگار) قرآن مجید فرقان حمید آفاقی کلام ہے جس کی حفاظت کی ذمہ داری خالق کائنات نے اپنے ذمہ لی ہوئی ہے نزول سے آج تک اس میں کوئی زیر وزبر کا فرق نہ آسکا، اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب حضرت محمد مصطفیٰؐ اور ان پر اپنی جامع کتاب قرآن مجید نازل فرمائی جو قیامت تک آنیوالی انسانیت کے لئے ہدایت کا سر چشمہ ہے، جس نے بھی اللہ کی کتاب قرآن مجید فرقان حمید اور اسکے پیارے محبوب حضور نبی کریمؐ کی سیرت کو اپنا لیا وہ دنیا و آخرت میں کامیابیاں اپنا مقدر کرلیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پیر سید نوید الحسن مشہدی سجادہ نشین آستانہ عالیہ بھکھی شریف نے جامعہ نقشبندیہ مجددیہ حسام العلوم جمیل القرآن (مدرسہ حافظ دوست محمد) لالہ زار کالونی کے زیر اہتمام شان سیدنا صدیق اکبرؓ کانفرنس وسالانہ ختم پاک القاری حافظ دوست محمد نقشبندی اور سالانہ جلسہ دستار فضیلت سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

چنیوٹ: میں گیس پائپ لائن خراب ہونے کے باعث گیس کی سپلائی بند

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ سوئی گیس عملہ کی غفلت ایک ماہ سے محلہ لاہوری گیٹ سے ملحقہ دیگر علاقہ جات میں گیس پائپ لائن خراب ہونے کے باعث گیس کی سپلائی بند علاقہ مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق محلہ لاہوری گیٹ ڈاکخانہ چوک شمسی سٹریٹ، صرافاں گلی سے ملحقہ دیگر علاقہ جات میں ایک ماہ سے پائپ لائن خراب ہونے کے باعث گھریلو زندگی مفلوج ہو کر رہ گئے علاقہ مکینوں نے محکمہ سوئی گیس عملہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ ہم نے متعدد مرتبہ محکمہ سوئی گیس آفس چنیوٹ میں کمپلنٹ کروائی ہے مگر کوئی شنوائی نہ ہوسکی۔

چنیوٹ: ضلع بھر میں پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت ضلع بھر میں پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ لنگرانہ انسپکٹر صفدر حسین، سب انسپکٹر ریاض احمد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے تین مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار مجرمان اشتہاری تھانہ لنگرانہ پولیس کو راہزنی سمیت دیگر مختلف مقدمات میں مطلوب تھے۔ ایس ایچ او تھانہ رجوعہ انسپکٹر فراست اللہ، اے ایس آئی وقاص احمد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم کے قبضہ سے مال مسروقہ نقدی اور وارداتوں میں زیر استعمال ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کے ہمراہ شہر بھر کے چرچز کا دورہ

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) کرسمس کے حوالے سے وضع کردہ سکیورٹی پلان کی موثر مانیٹرنگ جاری، ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کے ہمراہ شہر بھر کے چرچز کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کے ہمراہ شہر بھر کے چرچز کا دورہ کیا، مسیحی عبادت گاہوں کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا ہے، پولیس افسران کو مزید ویجیلینٹ رہنے کی تاکید کی گئی ہے، ڈی پی او نے سپروائزری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیلڈ میں رہیں اور سکیورٹی پلان کی موثر مانیٹرنگ جاری رکھیں، اس موقع پر مسیحی برادری کی جانب سے پولیس کے سکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے۔

تجاوزات کیخلاف جاری آپریشن صرف محنت کشوں کیخلاف کیوں، آصف خان

بڑی مچھلیوں کو چھوڑ کر محکمے مزدوروں کی ریڑھیاں ہٹانے میں مصروف ہیں، سیکرٹری جنرل ورکرز فیڈریشن

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ میں جاری ناجائز تجاوزات کیخلاف میونسپل کارپوریشن و ٹریفک پولیس وغیرہ پر مشتمل دو ٹیمیں تشکیل دے کر آپریشن جاری ہے جو کے بہتر اقدام سمجھا جارہا تھا مگر باااثر ناجائز تجاوزات مافیا وہ سڑکوں کے اطراف پختہ و عارضی قائم کی گئیں تجاوزات ہوں یا پھر بغیر نقشہ جات و سیٹ بیک چھوڑی کمرشل بلڈنگز و پلازے مارکیٹیں خیران کن طور پر بڑے ناجائز تجاوزات و ناجائز تعمیرات مافیا کیخلاف سیالکوٹ ضلع کی چاروں تحصیلوں میں محکمہ کارپوریشن کاروائیوں سے گریزاں دکھائی دیتی ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن نادرن پنجاب آصف خان نے جاری میڈیا میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ چھوٹے ریڑھی بانوں محنت کشوں و مزدوروں کو ہٹانے کیلئے تو انتظامیہ متحرک دکھائی دے رہی ہے مگر۔ طاقتور ناجائز تجاوزات مافیا کیساتھ متعلقہ محکمہ جات ساز باز کر کے انہیں چھوڑ دیتے ہیں جس سے سرکاری خزانے کو ناقابل تلافی نقصان ہوتا ہے اس کا ارباب اختیار نوٹس لیں۔

گورنمنٹ کمپری ہنسو ہائی سکول میں سائنسی نمائش کا انعقاد

STEAM
COMPETITIONS

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود سٹیم کمپٹیشن 2024 کے تحت گورنمنٹ کمپری ہنسو ہائی سکول میں منعقدہ سائنسی نمائش میں طلبا کی جانب سے لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کررہے ہیں

ملکی ترقی میں نوجوان نسل کا کردار کلیدی حیثیت کا حامل ہے، پروفیسر ڈاکٹر جاوید اختر

اعلیٰ تعلیم کیساتھ اداروں میں تحقیق اور جستجو پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے

UNIVERSITY OF SAHIWAL
Convocation

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وائس چانسلر یونیورسٹی آف ساہیوال پروفیسر ڈاکٹر جاوید اختر نے کہا کہ ملک کو سائنسدانوں، انجینئرز اور فنی تعلیم کے ماہرین کی ضرورت ہے تاکہ جدید دنیا کے درپیش چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکے، اس مقصد کے حصول کے لئے اعلیٰ تعلیم کے اداروں میں تحقیق اور جستجو پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی میں نوجوان نسل کا کردار کلیدی حیثیت کا حامل ہے جنہیں بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنا بنیادی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یونیورسٹی آف ساہیوال چیمبر آف کامرس سے مسلسل رابطہ میں ہے تاکہ بچوں کو مارکیٹ ڈیمانڈ کے مطابق تعلیم سے آراستہ کیا جاسکے۔ انہوں نے یہ بات یونیورسٹی کے دوسرے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں 1234 گریجویٹس کو ڈگریاں اور 25 کو میڈل سے نوازا گیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ممبران صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم اور محمد ارشد ملک، رجسٹرار سید اصغر علی شاہ، کنٹرولر امتحانات مبشر سعید، میڈیا کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد ایوب، فیکلٹی ممبران، طلبہ وطالبات اور والدین کی کثیر تعداد نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر جاوید اختر نے ڈگریاں حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد دی اور کہا کہ کانووکیشن یونیورسٹی آف ساہیوال کے لیے ایک اہم دن اور سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کانووکیشن کی کامیابی پر کنٹرولر امتحانات مبشر سعید سمیت تمام ٹیم کو مبارکباد دی۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

مصنوعی اضافہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر

مجسٹریٹس خلاف ورزی کے مرتکب دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لیں

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کہا ہے کہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، اس ضمن میں پرائس مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقوں میں زیادہ سے زیادہ انسپکشنز کریں اور خلاف ورزی کے مرتکب دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرائس مجسٹریٹس کی ہفتہ وار کارکردگی کا جائزہ لینے کے دوران اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر دیگر متعلقہ ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ رواں ماہ 26 لاکھ روپے سے زائد کا جرمانہ اور 75 سو سے زائد انسپکشن کی گئیں ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے پرائس مجسٹریٹس کو انسپکشن بڑھانے اور اوور چارجنگ کی شکایات پر سخت ایکشن لینے کی ہدایات جاری کیں اور کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت مصنوعی مہنگائی کرنے والوں، ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی روزانہ کی کارکردگی کو مانیٹر کیا جائے گا۔

ڈالہ واہگہ دھماکے کا زخمی مزدور دم توڑ گیا جاں بحق افراد کی تعداد 2 ہوگئی

فیکٹری مالک اور ضلع کونسل شیخوپورہ کے انفورسمنٹ انسپکٹر بلڈنگ وانوائرمنٹ انسپکٹر کے خلاف مقدمہ درج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ڈالہ واہگہ دھماکے میں زخمی ہونے والا ایک مزدور دم توڑ گیا جاں بحق افراد کی تعداد 2 ہوگئی دو سرکاری افسران سمیت 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا کارروائی شروع واضح رہے کہ دو روز قبل نارنگ منڈی کے علاقے ڈالہ واہگہ میں ٹائروں سے تیل نکالنے والی فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے خوفناک دھماکہ ہوا تھا جس کے نتیجے میں 1 مزدور موقع پر جاں بحق جبکہ 7 مزدور بری طرح جھلس گئے تھے جنہیں میو ہسپتال لاہور منتقل کیا گیا تھا جہاں 35 سالہ شاہد جانبر نہ ہوسکا اور دم توڑ گیا دوسری طرف انتظامیہ کی غفلت لاپرواہی پر دو جانیں ضائع ہونے کے بعد نائب تحصیلدار نور محمد کی مدعیت میں فیکٹری مالک شیخ ماجد انفورسمنٹ انسپکٹر بلڈنگ ضلع کونسل شیخوپورہ اصغر علی اور انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی شیخوپورہ حامد علی کے خلاف 10 مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے۔

لو میرج کرنیوالی لڑکی کا باپ گرفتار، پولیس نے آلہ قتل بھی برآمد کرلیا

پولیس نے ملزم ابراہیم سے 12 بور بندوق اور ٹوکہ برآمد کرکے تفتیش شروع کردی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں پسند کی شادی کرنے والی لڑکی کو قتل کرنے کے لئے آنے والے لڑکی کے باپ کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کے رہائشی ابراہیم کی بیٹی نے تین ماہ قبل اوکاڑہ کے نواحی قصبہ جندراکہ میں پسند کی شادی کی تھی اور اپنے خاوند کے ہمراہ جندراکہ میں رہ رہی تھی جس کی رنجش پر اس کا باپ ابراہیم اسے قتل کرنے کے لئے فیصل آباد سے آیا پولیس تھانہ راوی پولیس نے اطلاع ملنے پر چھاپہ مار کر ملزم ابراہیم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 12 بور بندوق اور ٹوکہ برآمد کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور نوجوان اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور نوجوان اغوا تھانہ صدر کے علاقہ جیسر والہ کے طاہر کی شادی شدہ بہن کو ملزمہ نیلم اپنا گھر دکھانے کے بہانے لے گئی اور واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کی ہمشیرہ کو نیلم اور اسکے خاوند بوٹا نے اغوا کرلیا ہے جبکہ ڈسکہ کے نازک کا بیٹا گھر سے سسرال جانے کیلئے نکلا جو نہ پہنچا اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کے بیٹے کو نامعلوم ملزمان اغوا کرکے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

مسلح ڈاکوؤں نے نقدی‘ موبائل فونز ‘موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں نے نقدی‘ موبائل فونز‘ موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ چھین لیا ڈسکہ کا اختر اپنی موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی 95 ہزار روپے‘ موبائل فون ‘موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ چھین کر فرار ہوگئے جبکہ بمبانوالہ کا ظہیر اپنی ایزی پیسہ کی دوکان بند کرکے گھر جارہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی ایک لاکھ پندرہ ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ چار ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 40 جیڈی کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح پانچ ڈاکو ناکہ لگا کر شہریوں کو لوٹ رہے تھے کہ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او تھانہ گوگیرہ اپنی ٹیم کے ہمراہ پہنچے تو ڈاکوؤں نے پولیس پر اندھا دھند فائرنگ کردی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک خطرناک ڈاکو عمر حیات عرف عمری زخمی حالت میں گرفتار جبکہ چار ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ گرفتار ڈاکو ڈکیتی کی 82 سنگین وارداتوں میں ملوث تھا پولیس نے زخمی ڈاکو کو ڈسٹرکٹ ہسپتال اوکاڑہ منتقل کردیا ہے۔

نارنگ منڈی میں 30 لاکھ روپے مالیت کے جانور چوری

چوروں ڈاکوؤں کے کاری وار جاری ATM سے رقم نکلوانے والا شخص بھی ڈاکوؤں کے وار سے نہ بچ سکا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ گردو نواح سے تقریباً 30 لاکھ روپے مالیت کے جانور چور اے ٹی ایم سے رقم نکلوا کر جانے والے کو محمدی والا کے قریب ڈاکوؤں نے لوٹ لیا تفصیل کے مطابق سرحدی گاؤں سدھانوالی میں عاطف اقبال کی حویلی سے 16 لاکھ روپے مالیت کی تین بھینسیں 3 لاکھ 60 ہزار روپے مالیت کی گائے اور 1 لاکھ روپے مالیت کا بکرا چوری ہوگیا کوٹلی کوروٹانہ میں عمار حسین کی حویلی سے تقریباً 10 لاکھ روپے مالیت کی دو قیمتی بھینسیں چوری ہوگئیں نواحی گاؤں ننگل کا رہائشی عثمان نجی بنک کی اے ٹی ایم سے پیسے نکلوا کر گاؤں جارہا تھا محمدی والا گاؤں کے قریب ڈاکوؤں نے نکلوائی گئی رقم سمیت 80 ہزار روپے چھین لیے کھچلی ورکاں روڈ پر نہر کے قریب ڈاکوؤں نے راہگیر گلفام سے 55 ہزار روپے نقدی چھین لی پولیس نے مقدمات درج کرکے تفتیش آغاز کردیا نارنگ منڈی میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ہوشربا اضافہ ہورہا ہے اہل علاقہ شدید پریشانی میں مبتلا ہیں انہوں نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے نارنگ منڈی میں امن وامان کی صورتحال کا نوٹس لیا جائے۔

گوجرانوالہ: ہوائی فائرنگ کرنے والے گروپس کے ملزمان گرفتار

03 عدد رائفل 223 بور، رائفل ریپیٹر، رائفل 244 بور اور پسٹل 30 بور برآمد

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کے احکامات کے پیش نظر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ انہی احکامات کے پیش نظر اے ایس پی وزیرآباد حسن بلال کی زیر نگرانی، ایس ایچ او تھانہ سوہدرہ سب انسپکٹر مختار احمد و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے والے 02 گروپس کے 05 ملزمان کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے 03 عدد رائفل 223 بور، رائفل ریپیٹر، رائفل 244 بور اور پسٹل 30 بور برآمد۔ گرفتار ملزمان میں فیضان، زین، حیدر، آصف اور عنصر وغیرہ شامل ہیں۔ سماجی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ ناجائز اسلحہ رکھنے اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کاروائیاں جاری رہیں گی۔ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سی پی او نے ایس ایچ او اور تھانہ سوہدرہ اور ان کی پولیس ٹیم کے جوانوں کو شاباش دی۔

منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 15 سال قید کی سزا

تھانہ بصیر پور پولیس نے 2023 میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 15 سال قید کی سزا اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت کے جج نے منشیات فروشی کے مقدمہ میں وسیم اصغر کو جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 15 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ تھانہ بصیر پور پولیس نے 2023 میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ عدالت کی جانب سے سزا سنائی جانے کے بعد پولیس نے ملزم کو گرفتار کرکے جیل بھیج دیا۔ پولیس کی پروفیشنل تفتیش، محنت اور ٹھوس شہادتوں کی بدولت منشیات فروشی کے مقدمہ میں ملوث مجرم پر جرم ثابت ہونے پر معزز عدالت کی جانب سے 15 سال قید اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تفتیشی آفیسر اور لیگل ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشی کرنے والا قانون کی گرفت میں ہوگا۔) ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 15 سال قید کی سزا اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔

تھانہ سٹی اے ڈویژن کے علاقہ جامعہ فاروقیہ کے قریب سابقہ رنجش کی بناء پر ارشد کو ملزم علی نے فائر کرکے زخمی کردیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی اے ڈویژن کے علاقہ جامعہ فاروقیہ کے قریب سابقہ رنجش کی بناء پر ارشد کو ملزم علی نے فائر کرکے زخمی کردیا۔

ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ نے تھانہ کوتوالی کا چارج سنبھالتے ہی بڑے منشیات فروشوں کو دھر لیا



جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ نے تھانہ کوتوالی کا چارج سنبھالتے ہی بڑے منشیات فروشوں کو دھر لیا شہریوں نے تھانہ کوتوالی میں محنتی اور میرٹ پسند آفیسر کی تعیناتی پر ڈی پی او کو خراج تحسین پیش کیا ہے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں پولیس افسران واہلکاران جرائم کی بیخ کنی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر کام کررہے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ شاہد امیر کی تھانہ کوتوالی میں تعیناتی ڈی پی او کا مستحسن فیصلہ ثابت ہوگا شاہد امیر نے تھانہ ہذا کا چارج سنبھالتے ہی جرائم پیشہ افراد کے خلاف گھیرا تنگ کردیا ہے۔

دھوکہ دہی سے فرنیچر منگوانے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دھوکہ دہی سے فرنیچر منگوانے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج نواحی گاؤں بڈھا گورائیہ کے آصف نے لاہور کی کمپنی سے فرنیچر منگوایا کمپنی کا نمائندہ بہروز اس کو فرنیچر مالیتی 88 ہزار روپے دینے آیا تو ملزم آصف نے اس کو ایک مکان میں ٹھہرایا اور خود غائب ہوگیا اس نے ٹیلی فون پر کال کی تو ملزم نے سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کردیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

دو ملزمان کا گوالے پر تشدد دودھ والا کوچہ مار کر سر پھاڑ دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو ملزمان کا گوالے پر تشدد دودھ والا کوچہ مار کر سر پھاڑ دیا موضع صاحب ریحان کا یعقوب جو کہ تھانہ سٹی ڈسکہ کے علاقہ نسبت روڈ ڈسکہ پر شکیل اختر کی دوکان پر دودھ دیتا ہے گزشتہ روز وہ دودھ دینے آیا تو شکیل اختر اس کو دوکان پر بٹھا کر کام چلا گیا اسی دوران ملزم عنصر نیازی ولد عبدالرحمن سکنہ محلہ اسلام پورہ ڈسکہ آیا جس نے دو کلو دودھ لیا اور چلا گیا تھوڑی دیر بعد ملزم عنصر نیازی ہمراہ بولا گجر آگئے اور آتے ہی اس کو گالیاں دینا شروع کردی اس نے وجہ پوچھی تو ملزم عنصر نیازی نے دودھ والا کوچہ اس کے سر میں مارنا شروع کردیا جس کے نتیجہ میں اس کا سر پھٹ گیا اور خون بہنے لگا دوکاندار نے ملزمان کی منت سماجت کرکے اس کی جان بخشی کروائی اور طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

انسداد پولیو مہم: ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایات جاری کردیں

مہم کی مانیٹرنگ کا عمل بھی جاری رہنا چاہیے، علی اکبر بھنڈر کی افسران کو ہدایات جاری

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے محکمہ صحت و دیگر متعلقہ محکمہ جات کے افسران کو ہدایات جاری کی ہیں کہ پولیو مہم کی کامیابی اور کارکردگی کے حوالہ سے سو فیصد ٹارگٹ کے حصول کے لئے ٹیموں کو متحرک رکھا جائے اور مہم کی مانیٹرنگ کا عمل بھی جاری رہنا چاہیے اس حوالے سے محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال جھنگ کے ڈپٹی ڈائریکٹر رائے عبد الشکور مارتھ نے ہمراہ غلام دستگیر حسام، مہر سکندر حیات ساہمل کے جھنگ شہر مختلف علاقہ جات میں پولیو ٹیموں کی مانیٹرنگ کی اور کارکردگی و درپیش مسائل کے حوالے سے پولیو ٹیموں کے اہلکاروں سے دریافت کیا۔ رائے عبدالشکور مارتھ نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر کے واضح احکامات ہیں کہ تین روزہ انسداد پولیو مہم کا ٹارگٹ پر کوئی کمپرومائز نہیں ہے ٹارگٹ کو 100 فیصد حاصل کرنا ہماری منزل ہے رائے عبدالشکور مارتھ نے کہا کہ میں اور میری ٹیم انسداد پولیو مہم کے حوالہ سے بچوں کو پولیو قطرے پلانے والی ٹیموں کی مانیٹرنگ کر رہی ہے تاکہ پانچ سال تک کی عمر کا کوئی بچہ پولیو قطرے پینے بغیر نہ رہے۔ براہ راست ان کی نگرانی کے لئے فیلڈ میں موجود رہے اور پبلک مقامات پر ٹیموں کی حاضری اور ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور مانیٹرنگ کرتے رہے ہیں۔

نارنگ پولیس نے شراب کی چالو بھٹی پکڑلی سامان قبضے میں لے لیا

70 لیٹر دیسی شراب اور ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد 2 ملزم گرفتار

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری کوٹ محمد دین کے قریب شراب کی چالو بھٹی پکڑلی 70 لیٹر دیسی شراب چولہا اور شراب کشید کرنے والا سامان قبضہ میں لے لیا گیا اکبر پورہ کے رہائشی ملزم سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد کرلی تفصیل کے مطابق ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت اور ایس ڈی پی او سرکل مریدکے غلام مرتضی ڈوگر کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر ظہیر عالم شاہ نے سٹی پریس کلب نارنگ سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ منشیات فروشوں کے گرد گھیرا مزید تنگ کردیا گیا ہے محمدی والا روڈ پر اکبر پورہ کے رہائشی جمیل سے 1600 گرام چرس برآمد کی گئی ہے جبکہ کوٹ محمد دین میں کمال عرف کمالو شراب کشید رہا تھا موقع پر چھاپہ مار کر شراب کشید والی بھٹی اور دیگر سامان قبضہ میں لے کر تیار کی گئی 70 لیٹر شراب برآمد کرکے دونوں ملزمان کو حوالات میں بند کردیا گیا ہے منشیات فروشی میں ملوث ملزمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کاروائی ہوگی رعایت کسی صورت ممکن نہیں۔

اوکاڑہ تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں چرچ چوکیدار چور بن گیا

26 لاکھ مالیت کے زیورات اور جیک سے نکال کر فرار ہوگیا، پولیس ملزم کو جلد گرفتار کرے، پادری صائم مسیح

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں چرچ چوکیدار چور بن گیا، سیکیورٹی گارڈ زیورات چرا کر فرار۔ تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں لیونگ سٹون چرچ کے پادری صائم مسیح کے گھر میں موجود چوکیدار نے 26 لاکھ روپے مالیت کا 12 تولے طلائی زیورات جیکٹ سے نکال کر جیکٹ دوبارہ گاڑی میں رکھ دی اور فرار ہوگیا۔ پادری صائم مسیح اور ان کی اہلیہ ایک دعوت میں شرکت کے لیے تیار ہو رہے تھے۔ اس دوران انہوں نے اپنے زیورات جیکٹ کی جیب میں رکھے تاکہ دعوت کی جگہ پہنچ کر زیورات پہن سکیں۔ پادری نے گاڑی گھر کے اندر کھڑی کی ہوئی تھی اور جیکٹ گاڑی میں رکھی تھی۔ موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گھر میں موجود سیکیورٹی گارڈ نے جیکٹ سے زیورات چرا لیے اور چپکے سے جیکٹ کو واپس رکھ دیا۔ واردات کے بعد شک ہونے پر پادری نے گھر کے سی سی ٹی وی کیمرے چیک کیے، جس میں واضح طور پر گارڈ کو جیکٹ اٹھاتے اور زیورات چراتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی تھانہ صدر پولیس نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرلی ہے اور گارڈ کی تلاش جاری ہے۔ پادری صائم مسیح اور ان کی اہلیہ نے انصاف کی اپیل کی ہے کہ پولیس جلد از جلد گارڈ کو گرفتار کرکے زیورات برآمد کروائے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

آسانی کیلئے حکومتِ پنجاب زراعت کے شعبے کو بہتر کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کی خوشحالی کیلئے کسان کارڈ کا اجرا کیا ہے، کاشتکاروں کو پیداواری قرضے دیئے جا رہے ہیں، کاشتکار، کسان کارڈ سے اربوں روپے کی کھاد، بیج اور دیگر زرعی مداخل خرید چکا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ زرعی میکانائزیشن کے ذریعے کسانوں کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں، کسان کو بلاسود آسان اقساط پر گرین ٹریکٹرز فراہم کئے جا رہے ہیں، زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے پراجیکٹ پر کام تیزی سے جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مزید کہا کہ لائیو سٹاک کارڈ کے ذریعے مویشی پال فارمرز کو ویکسین، علاج اور چارہ مہیا کیا جا رہا ہے، زراعت، مویشی بانی اور دیہی معیشت کو نئی بلندیوں پر لے جائیں گے اور کسانوں کی خدمت میں کوئی کسر نہ چھوڑیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 2

اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مہنگائی بھی ساڑھے 6 سال کی نچلی ترین سطح پر آگئی ہے، اسی وجہ سے اسٹیٹ بینک نے مسلسل پانچویں بار شرح سود کم کرتے ہوئے 13 فیصد کی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سال بہ سال کی بنیاد پر ترسیلات زر میں 35 فیصد اضافہ ہوا ہے، گورنر اسٹیٹ بینک نے مانیٹری پالیسی کے دوران امید ظاہر کی ہے کہ اس سال ان شاء اللہ ہم ترسیلات زر کی وصولی میں 35 ارب ڈالر کی حد عبور کر جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات میں اضافے کی وجہ سے ہمارے غیر ملکی زرمبادلہ ذخائر بہتر ہوئے ہیں، ڈیڑھ سال قبل ہمارے پاس 2 ہفتوں کی درآمدات کے مساوی زرمبادلہ ذخائر تھے، اب 3 ماہ کی درآمدات کے قابل ہو گئے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 10 سال میں بلند ترین سرپلس کی سطح پر ہے، صنعتی شراکت داروں، اوورسیز چیمبرز اور پاکستان بزنس کونسل کے ارکان کے ساتھ گزشتہ ہفتے ملاقاتیں ہوئیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

شراکت داری پر مبنی معیشت کیلئے نوجوانوں، چھوٹے اور درمیانے طبقے کے کاروبار (ایس ایم ایز) میں سرمایہ کاری کی اہمیت کو اجاگر کریں گے۔ وزیراعظم ترقی پذیر ممالک کی تنظیم ڈی-8 کے وضع کردہ بنیادی اصولوں پر تعاون و عملدرآمد کے حوالے سے پاکستان کے مضبوط عزم کا اظہار کریں گے۔ وزیراعظم کانفرنس میں شریک ممالک کے مابین باہمی طور پر مفید ترقی کیلئے شراکت داریوں کے ساتھ ساتھ زراعت، غذائی تحفظ اور سیاحت میں تعاون کی اہمیت پر زور دیں گے۔ وزیراعظم نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور ان کی معاشی ترقی کیلئے حکومت پاکستان کے اقدامات پر بھی روشنی ڈالیں گے۔ وزیراعظم اسرائیلی جارحیت اور وحشیانہ بربریت کے نتیجے مشرق وسطی کی صورتحال، انسانی بحران اور غزہ و لبنان میں تعمیر نو و بحالی کے مسائل پر منعقدہ ڈی۔

بقیہ بقیہ جات 4

وڑائچ، سابق چیئرمین پی بی سی افضل دھرالہ، سابق صدر ہائیکورٹ بار پیر مسعود چشتی، لاہور بار کے صدر منیر حسین بھٹی، سابق وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل فرحان شہزاد، کامران بشیر مغل سمیت پنجاب بار کونسل ممبران کی کثیر تعداد موجود تھی۔ جنرل ہاؤس میں اکثریت سے شمشاد احمد باجوہ کو بطور ممبر جوڈیشل کمیشن فائنل کرلیا گیا۔ سابق ممبر جوڈیشل کمیشن اسد عباسی نے مستعفی دیدیا تھا کیونکہ ان کا نام ججز کی لسٹ میں آچکا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چوہدری بابر وحید کا کہنا تھا کہ شمشاد احمد باجوہ ایماندار اور پروفیشنل اور میرٹ پر کام کرنے والے وکیل ہیں جو 21 دسمبر کو چیف جسٹس آف پاکستان کی سربراہی جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے اجلاس میں بطور ممبر جوڈیشل کمیشن شمولیت اختیار کرکے مثبت کردار ادا کریں گے اور پنجاب بار کونسل کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 5

کیساتھ 1 لاکھ 14 ہزار 860 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 6

ہے کہ ایجنٹوں کو 21 سے 22 لاکھ روپے فی کس دے کر بھیجا تھا۔ خیال رہے کہ چند روز قبل یونان کے جزیرہ کریٹ کے جنوب میں کشتیاں الٹنے کا واقعہ پیش آیا تھا جس میں اب تک 5 پاکستانیوں کی لاشیں مل چکی ہیں، کشتی الٹنے کے واقعے میں بچائے گئے افراد میں سے 47 پاکستانی شامل ہیں جبکہ درجنوں تاحال لاپتہ ہیں۔ سیالکوٹ کی تحصیل پسرور کے رہائشی سفیان اور عابد بھی کشتی حادثے کا شکار ہونے والوں میں شامل تھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے لڑکوں کے چچا نے بتایا کہ یونان کشتی حادثے کا شکار سیالکوٹ کے 2 نوجوان 2 ماہ قبل گھر سے روانہ ہوئے تھے۔ نوجوانوں کے چچا کے مطابق 20 سالہ سفیان کا تعلق پسرور اور چچا تجہ سے جبکہ 15 سالہ عابد کا تعلق مورے کے تجہ پسرور سے ہے، لیبیا تک دونوں نوجوانوں سے رابطہ رہا لیکن وہاں سے روانگی کے بعد رابطہ منقطع ہو گیا تھا۔ ادھر کشتی حادثے میں لاپتا عبدالرحمان کا تعلق گجرات کے گاؤں چک کمالہ سے ہے جن کی والدہ اور نانا غم سے نڈھال ہیں۔ عبدالرحمان کی والدہ اپنے لخت جگر کو دیکھنے کے لیے راہیں تک رہی ہے جبکہ لاپتہ نوجوانوں کے اہلخانہ نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان کے پیاروں کی تلاش کے لیے وہاں کی حکومت سے رابطہ کرے۔

بقیہ بقیہ جات 7

جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی، سروسز چیفس اور مسلح افواج نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پوری بھارتی پلاٹون کو ایک ساتھ سنبھالنے والے لانس نائیک محمد محفوظ شہید کیلئے ملک بھر کی مساجد میں قرآن خوانی اور دعاؤں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ علمائے کرام نے کہا کہ شہدا کی عظیم قربانیوں کی بدولت آج ہمارا ملک قائم و دائم ہے، شہید ہمیشہ زندہ ہوتے ہیں، پاک فوج کے جوان عزت و احترام کے مستحق ہیں، زندہ قومیں اپنے محسنوں کے احسانات کو فراموش نہیں کرتیں۔ لانس نائیک محمد محفوظ شہید دھرتی کا بہادر بیٹا تھا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی، سروسز چیفس اور مسلح افواج نے شہید لانس نائیک محمد محفوظ شہید نشان حیدر کو 53 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 1971ء کی جنگ کے دوران لانس نائیک محمد محفوظ شہید نے بہادری کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت حکومتی پروگرام کو چیلنج کیا۔ درخواست گزاروں کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ پنجاب حکومت کا سرکاری سکولز کو پرائیویٹ کرنے کا اقدام خلاف قانون ہے، سرکاری اسکولز پرائیویٹ ہونے سے فیسوں میں اضافہ کر دیا جائے گا، غریب کے بچے سرکاری اسکولز کی بنیادی تعلیم سے محروم ہو جائیں گے۔ درخواست گزاروں کی جانب سے استدعا کی گئی کہ عدالت پنجاب حکومت کا سکولز کو آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ بند سرکاری اسکولز کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے آؤٹ سورس کیا جا رہا ہے، آؤٹ سورس اسکولز بھی پنجاب حکومت کے زیر اہتمام رہیں گے۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری اسکولز کو آؤٹ سورس کرنے کے خلاف دائر درخواستوں کو خارج کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 9

ان کے گھر کیسے چلیں گے، تحریک انصاف اس بیانیہ سے غیر مقبول ہو رہی ہے، انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سے 9 مئی اور 26 نومبر کو غلطی ہوئی ہے اور انہیں اس کا اعتراف کر کے معاملات کی بہتری کی طرف آنا ہوگا۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کا کام سرحدوں کی حفاظت کرنا ہے جبکہ ہم انہیں سیاست میں ملوث کر لیتے ہیں، ہم سیاستدانوں کو اکٹھے بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 10

ملک میں سول نافرمانی نہ کریں، بانی پی ٹی آئی جب سے جیل میں ہیں ایک ہی بات کی جاتی ہے آگ لگا دو، سڑکیں بند کر دو۔ شرجیل میمن نے مزید کہا کہ علی امین گنڈاپور کس کے ایجنڈے پر چل رہے ہیں؟ آپ کہتے ہیں ہتھیار ہیں، لیکن لڑنا کس سے ہے؟ وفاق سے؟ وفاق کی بجائے دہشت گردوں سے جا کر لڑیں، خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں شام کے بعد پولیس والے باہر نہیں نکلتے۔

بقیہ بقیہ جات 11

ہے۔ حکومت اپوزیشن میں تلخیاں ختم کرنے کے لیے مذاکرات ضروری ہیں۔ اسپیکر ایاز صادق کا کہنا ہے کہ سیاسی ایشوز سمیت کسی بھی معاملے پر مذاکرات میں کردار ادا کرنے کو تیار ہوں۔ ایاز صادق نے یہ بھی کہا کہ گزشتہ روز ایوان میں ہونے والی بحث خوش آئند تھی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز مسلم لیگ ن نے قومی اسمبلی کے فلور پر پی ٹی آئی کو مذاکرات کی مشروط پیشکش کی تھی۔ ن لیگی رہنما رانا ثناء اللہ نے اسپیکر آفس کا رستہ دکھاتے ہوئے کہا تھا کہ اگر آپ سنجیدہ ہیں تو کم سے کم حکومت کو مذاکرات کا پیغام تو بھیجیں۔ جس پر پی ٹی آئی رہنما کے شیر افضل مروت نے بھی سیاسی قائدین کو مل بیٹھنے کا مشورہ دیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ جب تک سیاسی قوتیں ایک ہو کر نہیں بیٹھیں گی، مذاکرات کامیاب نہیں ہو سکتے۔

بقیہ بقیہ جات 12

وطن کیلئے قربانیاں کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ 1971 کی جنگ میں جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے لانس نائیک محمد محفوظ شہید نشان حیدر کو وزیراعظم نے ان کے 53 ویں یوم شہادت پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 1971 میں واہگہ باڈر پر مثالی جوانمردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لانس نائیک محمد محفوظ شہید نشان حیدر دشمن کو پسپا کرتے رہے۔ لانس نائیک محمد محفوظ شہید نے دشمن کے طاقت اور عددی برتری کے نشے کو خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ لانس نائیک محمد محفوظ شہید فرض شناسی اور حب الوطنی کی وہ سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئے جس نے وطن عزیز کو دشمنوں کے ناپاک عزائم سے محفوظ رکھا، لانس نائیک محمد محفوظ شہید کا وطن سے عہد وفا اور ملک کے دفاع کی خاطر اپنی جان تک قربان کر دینے کا جذبہ نسل نو کیلئے مشعل راہ ہے۔ شہباز شریف نے مزید کہا ہے کہ مجھ سمیت پوری قوم کو پاک فوج کے شہداء اور ان کے اہل خانہ پر فخر ہے، پاکستانی قوم افواج پاکستان کی دفاع وطن کیلئے قربانیاں کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 13

فائرنگ کے نتیجے میں 15 افراد کی ہلاکت کے بعد ضلع میں حالات کشیدہ رہے ہیں، فائرنگ کے مختلف واقعات اور روڈ بندش نے عوام کا جینا اجیرن کر دیا۔ 21 نومبر کو ایک قافلے پر حملے کے نتیجے میں 56 افراد کی ہلاکت اور 104 افراد زخمی ہونے کے بعد 22 اکتوبر کو قبائلی لڑائی کا سلسلہ شروع ہو گیا جو 11 دن تک جاری رہا، ان جھڑپوں میں کافی جانی و مالی دونوں فریقین کا ہو گیا۔ پولیس کے مطابق پچھلے 2 ماہ میں فائرنگ کے مختلف واقعات اور قبائلی لڑائی میں 161 افراد جاں بحق جبکہ 220 افراد سے زیادہ زخمی ہو چکے ہیں، ان واقعات کے نتیجے واحد مین شاہراہ اور دیگر آمد و رفت کے راستے ابھی تک بند ہے۔ 70 دنوں سے بند راستوں کی وجہ سے شہر میں اشیائے ضروریات کا فقدان ہے، اشیائے خورد و نوش، ادویات، ایندھن، ایل پی جی، لکڑی، سمیت والوں کا ذخیرہ ختم ہو گیا ہے جبکہ گزشتہ ایک ماہ سے لے کر اب تک شہریوں نے تازہ سبزی اور فروٹ نہیں کھائے ہیں شہری آدھا کلو گھی، چینی، آٹا اور نمک کے لیے ترس رہے ہیں۔ پاک افغان خرلاچی بارڈر جس پر روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں روپے کی تجارت ہوا کرتی تھی۔ بارڈر حکام کے مطابق وہ بھی گزشتہ دو ماہ سے ہر قسم تجارت کے لیے بند ہے۔ ٹریڈ یونین صدر سید مبین حسین نے کہا کہ پاک افغان خرلاچی بارڈر کو فوری طور پر کھول دیا جائے تاکہ عوام کے مشکلات میں کمی آسکے، کشیدہ صورتحال نے عیسائی اور ہندو برادری کو بھی کافی متاثر کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

آئندہ ہفتے ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے جناح ایونیو ایف 8 انٹرچینج منصوبے کا علی الصبح اچانک دورہ کیا اور پراجیکٹ پر پیش رفت اور تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کے فلائی اوور اور انڈر پاس پر بیک وقت کام جاری رکھا جائے، اسے ریکارڈ مقررہ مدت میں مکمل کرنا ہے، کنسلٹنٹس اور ریذیڈنٹ انجینئرز سائٹ پر تعمیراتی کاموں کے اعلیٰ معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ چیئرمین کو بتایا گیا کہ منصوبے کے تمام حصوں پر کام شیڈول کے مطابق تیزی سے جاری ہے، انڈر پاس کے گرڈرز کا کام تکمیل کے قریب ہے، انڈر پاس کے بیلی کنکریٹ کو جلد مکمل کر لیا جائے گا، اس کے علاوہ جناح ایونیو انٹرچینج کے 74 میں سے 70 پائلز کا کام بھی مکمل کیا جا چکا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

ہونے پر وزارت مذہبی امور نے درخواستیں جمع کرانے والے تمام عازمین حج کو اہل قرار دے دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی حکومت نوجوانوں پر خرچ کر رہی ہے تاکہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں اور وہ ملک و قوم کی ترقی کیلئے کردار ادا کر سکیں، بلوچستان کے طلباء و طالبات کا مستقبل تابناک ہے۔ لیپ ٹاپ سکیم میں بلوچستان کا حصہ 14 فیصد سے بڑھا کر کے 18 فیصد کر دیا گیا پاکستان کے تمام اشاریے مثبت ہیں اور معیشت بہتری کی جانب جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیپ ٹاپ حاصل کرنے والے طلباء و طالبات سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر واکس کاسی و دیگر بھی موجود تھے۔ رانا مشہود احمد خان نے لیپ ٹاپ ملنے والے طلباء و طالبات کو لیپ ٹاپ ملنے کے بعد حاصل آسانیوں سے متعلق دریافت کیا۔ رانا مشہود احمد خان نے طلباء و طالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے پریکٹیکل لائف میں جانا ہے لیکن یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ بلوچستان کے طلباء و طالبات کانفیڈنٹ ہیں، پنجاب پہلا صوبہ تھا جس نے یوتھ پالیسی بنائی، دو سال تک یوتھ کو درپیش مسائل کے حوالے سے آگاہی حاصل کی مسائل کا ادراک ہونے کے بعد انڈومنٹ فنڈز قائم کیا، آج ڈیڑھ لاکھ بچوں کی انڈومنٹ فنڈز سے پنجاب حکومت تعلیمی اخراجات ادا کر رہی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پنجاب انڈومنٹ فنڈز کو اب پاکستان انڈومنٹ فنڈز بنا دیا ہے جس سے پورے ملک کے بچے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

بات چیت کسی کی ذات اور کیسز سے متعلق نہیں ہو سکتی۔ ایسی کوئی بات نہیں ہو سکتی جس میں دھونس یا دھمکی ہو۔ یہ سمجھتے ہیں کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ان کے غلام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی حکومت نافرمانی نہیں کر سکتی، تو سول نافرمانی کیسے کرے گی؟ مدارس رجسٹریشن کے معاملے پر حکومت سے نالاں جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے متعلق بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو میدان میں آنے سے پہلے ہر صورت منالیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 18

ملاقات میں اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ کشیدگی کم کرنے کا مشورہ دیا تھا اور جمعرات کے روز متوقع ملاقات میں بھی اسی معاملے پر بات چیت کا امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

ہوں گے، دیگر ارکان میں وزیر خزانہ، وزیر مملکت ریونیو، چیئرمین ایف بی آر، ڈائریکٹر جنرل ویلفیئر شامل ہیں۔ اعلامیے کے مطابق ٹاسک فورس ہاؤسنگ سیکٹر کی ترقی کیلئے فریم ورک کی سفارشات، شہری منصوبہ کی پالیسیوں اور عملی اقدامات پر تجاویز دے گی۔ اعلامیے کے مطابق ٹاسک فورس ہاؤسنگ اور کنسٹرکشن سیکٹر کیلئے قابل عمل فنانسنگ نظام تجویز کرے گی اور ایک ماہ میں وزیراعظم شہباز شریف کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 20

ذمہ دار ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان میں عثمان نامی ملزم کی جیل میں عمر قید کاٹنے کے بعد اپیل سماعت کے لیے مقرر ہوگئی۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی۔ سرکاری پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ اس کیس میں ملزم سزا کاٹ کر جیل سے بری ہو چکا جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے 2017 میں ملزم نے سزا کے خلاف جیل پٹیشن دائر کی تھی۔ جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ اپیل سماعت کے لیے مقرر نہ ہونے پر 2017 سے تمام چیف جسٹس صاحبان ذمہ دار ہیں جب کہ سپریم کورٹ بھی انتظامی طور پر اپیل مقرر نہ ہونے کا ذمہ دار ہے۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ صدر پاکستان، گورنر اور پارلیمنٹ کے پاس عدلیہ سے رپورٹ منگوانے کے اختیارات ہیں، فوجداری کیس پر تفتیش کے لیے محض 350 روپے مختص کیے جاتے ہیں۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ تفتیش اور فوجداری نظام میں اصلاحات کی ضرورت ہے۔ جسٹس شہزاد ملک نے ریمارکس دیے کہ سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد بڑھائی گئی، انسداد دہشت گردی، انٹیلی کورٹ سمیت ماتحت عدلیہ میں ججز تعداد بڑھانے کی ضرورت ہے۔ جسٹس شہزاد ملک نے کہا کہ عام عدالتوں میں ججز اور اسٹاف کی کمی ہے، ججز کی تعداد بڑھانے کیساتھ انفراسٹرکچر بھی مہیا کیا جانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کرنے والوں کو پاکستان میں ہی پکڑا جا سکتا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی دارالحکومت ریاض میں سعودی ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ کا دورہ کیا اور ڈائریکٹوریٹ پاسپورٹ کے قائم مقام ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل ڈاکٹر صالح ال مربع سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاسپورٹ کی وصولی سے اجراء تک کا نظام سہل بنانے اور جعلسازی کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ نے ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ میں ایڈوانس ٹیکنالوجی کا جائزہ لیا اور پاسپورٹ کے جدید نظام کی تعریف کی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پاکستان میں پاسپورٹ نظام کو مزید آسان اور فول پروف بنانے کے لیے سعودی ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ کی معاونت سودمند ثابت ہو سکتی ہے۔ باہمی تعاون سے عوام کو سہولت ملے گی اور دھوکہ دہی سے نجات ملے گی۔ سعودی ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ کے کال سنٹر کی طرز پر پاکستان میں بھی کال سنٹر بنایا جائے گا۔ پاسپورٹ میں ردوبدل اور جعلی کاغذات پر سعودی عرب جانے والے 3700 پاکستانیوں کو سعودی حکام نے ایئرپورٹس پر پکڑا تھا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کنگ فہد سکیورٹی کالج کا بھی دورہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

بچیاں زخمی ہوگئیں، بچیاں گھر سے پڑھنے کے لئے جا رہی تھیں کہ دھماکے کا شکار ہو گئیں۔ بچیوں کی عمر 9 اور 10 سال بتائی گئی ہے۔ دوسری جانب ضلع بھر کی بجلی تیسرے روز بھی بحال نہیں ہو سکی ہے۔ لیسکو حکام کے مطابق بجلی کی مین لائن سیدگی کے مقام پر قبائل نے زنجیر ڈال دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

کی سیاست کا عمل نہیں ہو سکتا، ڈی چوک کے دھرنے سے لے کر ساڑھے تین سالہ دور حکومت اور آج تک تحریک انصاف کی منفی سیاست سے بچہ بچہ واقف ہے، آئی ایم ایف کو چٹھی لکھنا اور فنڈز روکنے کی استدعا کرنا ملک و قوم سے کھلی دشمنی ہے۔ وہ مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ برجیس طاہر نے کہا کہ ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھروں کے لولی پاپ سے کون واقف نہیں، تحریک انصاف نے بدامنی انتشار تفرقہ کے علاوہ کبھی عوام کی بات نہیں کی عوام کو دھوکہ اور لولی پاپ دینے کے سوا کچھ نہیں دیا۔

بقیہ بقیہ جات 24

کیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار اشتہاری ملزمان میں بابر وسیم، تاج رسول، عبد الحسیب، قیصر محمود، مدیم افضل اور ذیشان شامل ہیں۔ ملزمان بابر وسیم، عبدالحسیب اور قیصر محمود گوجرانوالہ پولیس کو مطلوب تھے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم مدیم افضل گجرات جبکہ تاج رسول راجن پور اور ذیشان ملتان پولیس کو مطلوب تھا۔ ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈ نوٹسز جاری کیے تھے۔ ملزمان کو متحدہ عرب امارات سے لاہور ایئرپورٹ لایا گیا اور پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

کی تاریخ تبدیلی کا نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق سردیوں کی چھٹیوں کا آغاز 23 دسمبر سے ہوگا، سکولز 13 جنوری 2025ء کو چھٹیوں کے بعد دوبارہ کھلیں گے، فیصلے کا اطلاق تمام سرکاری و نجی سکولز پر ہوگا۔ حکام کے مطابق صوبہ بھر میں 20 دسمبر کو سکولز معمول کے مطابق کھلیں گے، ضلعی ایجوکیشن اتھارٹیز کو نئے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس سے قبل محکمہ سکول ایجوکیشن نے 20 دسمبر سے 10 جنوری تک موسم سرما کی تعطیلات کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 26

کروڑ یونٹ بجلی پیدا ہوئی جس کی پیداواری لاگت 55 ارب 76 کروڑ روپے رہی۔ ایل این جی سے 23 روپے 20 پیسے فی یونٹ بجلی پیدا کی گئی جبکہ ایران سے 27 روپے 15 پیسے فی یونٹ میں بجلی درآمد کی گئی۔ کوئلہ سے بجلی کی پیداواری لاگت 14 روپے 92 پیسے رہی اور نیوکلیئر ذرائع سے ایک روپے 73 پیسے فی یونٹ بجلی پیدا کی گئی۔ گزشتہ ماہ بجلی کی اوسط پیداواری لاگت 7 روپے 28 پیسے فی یونٹ رہی۔

بقیہ بقیہ جات 27

نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا استقبال کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کنگ فہد سکیورٹی کالج کے مختلف شعبے دیکھے اور اعلیٰ تعلیم کے جدید معیار کو سراہا۔ محسن نقوی نے ڈائریکٹر جنرل کنگ فہد سکیورٹی کالج ڈاکٹر علی ال داخ سے ملاقات کی جس میں ایکسچینج پروگرام کے تحت دونوں ممالک کے گریجویٹس کے سٹڈی ٹورز اور ٹریننگ کرانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کنگ فہد سکیورٹی کالج کے ماسٹر ڈگری کے گریجویٹس کو ایکسچینج پروگرام کے تحت سٹڈی ٹورز پر پاکستان آنے کی دعوت دی۔ پاکستانی گریجویٹس کو مختصر مدت کے ٹریننگ کورسز کنگ فہد سکیورٹی کالج میں کرانے کی تجویز بھی دی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ کنگ فہد سکیورٹی کالج بلاشبہ سٹیٹ آف دی آرٹ ادارہ ہے، سکیورٹی سے متعلق امور پر جدید ترین کالج سعودی قیادت کی جدید و منفرد سوچ کا عملی نمونہ ہے۔ محسن نقوی نے کالج میں قائم فرانزک سائنس انسٹی ٹیوٹ کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں کالج کی سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر داخلہ کو بتایا گیا کہ کنگ فہد سکیورٹی کالج میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس، لیڈرشپ مینجمنٹ اور سکیورٹی اپلیکیشنز میں ماسٹر ڈگری دی جاتی ہے۔ کنگ فہد سکیورٹی کالج انٹرنیشنل یونیورسٹیز کو سکیورٹی سکالرشپ بھی دیتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

عبدالستار ایدھی مرحوم کے فرزند فیصل ایدھی بھی پارہ چنار پہنچے۔ باخبر ذرائع کے مطابق ایدھی ٹرسٹ کے فیصل ایدھی نے پاراچنار پہنچنے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاراچنار میں انسانی بحران کے پیش نظر محکمہ صحت خیبر پختونخوا کی مدد سے ایئر ایمبولینس سروس شروع کر دی گئی جس میں شدید مریضوں اور تشویشناک زخمیوں کو بذریعہ ایئر ایمبولینس پشاور منتقل کیا جائے گا۔ قبل ازیں پارہ چنار پہنچنے پر عمائدین، سیاسی و سماجی اور ایدھی کارکنوں سمیت شہریوں نے فیصل ایدھی کا پرتپاک استقبال کیا۔ فیصل ایدھی کا مزید کہنا تھا کہ ایئر ایمبولینس کے ذریعے کچھ ادویات لے کر آئے ہیں جبکہ مزید ادویات لانے کیلئے کوششیں جاری رہیں گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں کرم سے منتخب موجودہ ایم این اے اور سابق ایم این اے سمیت دیگر اہم رہنماؤں نے ایدھی ٹرسٹ سے مرکزی شاہراہ کی طویل بندش کو مدنظر رکھتے ہوئے انسانی ہمدردی کی بنا ایدھی ایئر ایمبولینس پشاور سے پارہ چنار تک چلانے کے لئے فیصل ایدھی سے رابطہ کیا تھا۔ گزشتہ روز گورنر فیصل کریم کنڈی نے ڈائریکٹر جنرل سول ایوی ایشن، جنرل آفیسر کمانڈنگ اور دیگر متعلقہ حکام سے رابطہ کر کے ایدھی ایئر ایمبولینس کو اجازت دلوادی۔ یاد رہے کہ ضلع کرم میں دو قبائل کے مابین لڑائی اور جلاؤ گھیراؤ کے باعث مرکزی شاہراہ گزشتہ دو ماہ سے بند اور ہر قسم کی آمد و رفت معطل ہے جس کی وجہ سے ضلع میں ادویات، اشیائے خوراک اور ایندھن کی شدید قلت ہے اور اگر یہی صورت حال رہی تو کرم میں انسانی بحران جنم لینے کا خدشہ جنم لے سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

جس شجاعت، دلیری اور بہادری کا مظاہرہ کیا اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ بدھ کو اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ لانس نائیک محمد محفوظ شہید کی قربانی ہمیشہ تاریخ میں سنہری حروف میں یاد رکھی جائے گی، ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں لانس نائیک محمد محفوظ سمیت تمام شہدا کی بے مثال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ تعالیٰ لانس نائیک محمد محفوظ سمیت تمام شہدا کے درجات بلند فرمائیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

دھند کی وجہ سے بند کیا گیا ہے۔ موٹر وے ایم 3 لاہور سے جڑانوالہ تک بند ہے، قومی شاہراہوں پر بھی حد نگاہ انتہائی کم ہونے سے ڈرائیورز کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ترجمان موٹر وے پولیس نے شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دن کے اوقات میں سفر کریں، غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے، تیز رفتاری سے پرہیز کریں اور اگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں تاکہ کسی بھی غیر متوقع صورتحال سے بچا جا سکے۔ سید عمران احمد نے مزید کہا کہ شہری معلومات اور مدد کے لئے ہیلپ لائن 130 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب ملک کے مختلف شہروں میں سموگ کا سلسلہ بھی برقرار ہے، فضائی آلودگی کے اعتبار سے دنیا بھر میں پاکستان کا تیسرا نمبر ہے، مجموعی طور پر ایئر کوالٹی انڈیکس 359 ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

لیے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی ہے جس میں وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں منیر احمد نامی شہری نے درخواست دائر کی جس میں کہا گیا کہ یونان میں کشتی ڈوبنے سے کئی پاکستانی جاں بحق ہوئے ہیں، پہلے بھی اسی طرح کشتیاں ڈوبنے سے پاکستانی جاں بحق ہوئے تھے۔ درخواست گزار کا کہنا تھا کہ حکومت انسانی اسمگلروں کے خلاف کارروائی نہیں کر رہی، انسانی اسمگلروں کے خلاف کارروائی نہ کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت حکومت کو واقعے کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا حکم دے۔ خیال رہے کہ چند روز قبل یونان کے جنوبی جزیرے گاوڈوس کے قریب کشتی الٹنے کے بعد کم از کم 5 تارکین وطن ڈوب کر ہلاک جب کہ کئی لاپتا ہو گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 32

نوٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضابطہ فوجداری کے تحت قتل کا ٹرائل براہ راست ہائیکورٹ نہیں کر سکتی۔ چیف جسٹس نے لکھا ہے کہ سابق چیف جسٹس نسیم حسن شاہ نے بعد میں تسلیم کیا ان پر بیرونی دباؤ تھا، یہ ہماری قوم کی عدالتی تاریخ کا افسوسناک باب ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ جسٹس دراب پٹیل، جسٹس محمد حلیم اور جسٹس صفدر کے جرات مندانہ اختلافی نوٹ سے کیس کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے، تینوں جج اس وقت کے ماحول کے باوجود اپنے موقف پر کھڑے رہے۔ چیف جسٹس نے تحریر کیا کہ تینوں ججز کے اختلافی نوٹس سے صورتحال تبدیل نہیں ہوئی، عدلیہ کی ساکھ اور غیر جانبداری برقرار رہی اور قانون کی حکمرانی کیلئے عزم و وقار عدلیہ کی اہمیت اجاگر ہوئی۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اضافی نوٹ میں کہا کہ میری رائے میں ذوالفقار علی بھٹو کو شفاف ٹرائل سے محروم رکھا گیا، بھٹو کیس جیسے واقعات کا تدارک نہ کیا جائے تو عدالتی نظام کی شفافیت اور عوامی اعتماد کو خطرات لاحق رہتے ہیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو کے قتل کے مقدمے میں صدارتی ریفرنس پر 5 صفحات پر مشتمل اضافی نوٹ جاری کیا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے اضافی نوٹ میں لکھا ہے کہ مجھے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ سمیت دیگر ججز کے نوٹس پڑھنے کا اتفاق ہوا، جسٹس منصور کے نوٹ سے ایک حد تک اتفاق کرتا ہوں، ریفرنس میں دی گئی رائے میں کیس کے میرٹس پر کسی حد تک بات کی گئی ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے نوٹ میں مزید کہا ہے کہ آرٹیکل 186 کے تحت سپریم کورٹ صرف ایڈوائزری دائرہ اختیار رکھتی ہے تاہم فیئر ٹرائل کے سوال پر فیصلے کے پیراگراف سے اتفاق کرتا ہوں، اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ذوالفقار بھٹو کیس میں ٹرائل کورٹ اور اعلیٰ عدالت کی جانب سے فیئر ٹرائل کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا گیا۔ یہ ریفرنس شاید ہمارے سامنے نہ آتا اگر کچھ واقعات اس کا موجب بنے، جسٹس نسیم حسن شاہ کے انٹرویو کے کچھ نکات کو ایڈریس کرنا ضروری ہے، اس وقت کی غیر معمولی سیاسی فضا میں دباؤ نے انصاف کے عمل کو متاثر کیا۔ نوٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ سب عدالتی آزادی کے نظریات سے متصادم تھا، آئینی طرز حکمرانی سے انحراف سیاسی مقدمات میں عدالتی کارروائیوں پر غیر ضروری اثر ڈالتا ہے۔ چیف جسٹس نے نوٹ میں مزید لکھا ہے کہ ایسے حالات میں جسٹس دراب پٹیل، جسٹس محمد حلیم اور جسٹس صفدر شاہ نے جرات مندانہ اختلاف کیا۔

بقیہ بقیہ جات 33

کی فلاح و بہبود کے بل پاس ہونے کی بجائے عوام کے پیسے کو بے دردی سے لوٹا جا رہا ہے۔ ایک طرف حکومت قومی خزانے میں پیسہ نہ ہونے کی وجہ بیرونی قرضوں سے ملک و قوم کو بے تحاشہ مقروض کر رہی ہے جبکہ دوسری طرف وہی پیسہ اپنوں کو نوازنے کیلئے من پسند پروجیکٹس اور ارکان اسمبلی پر نچھاور کیا جا رہا ہے جو قابل مذمت اور ناقابل قبول ہے۔ حکومت عوامی مفادات کی بجائے اپنے تحفظ کیلئے کام کر رہی ہے۔ کرپشن کیسز کا خاتمہ اور حریف مخالفین کو جیلوں میں بند رکھنا جمہوری روایات نہیں بلکہ آمریت کی بدترین مثال ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی لاہور کے ذمہ داران کا اجلاس میں ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں ہوشربا اضافہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سابق ایم پی اے چوہدری محمد شوکت نے نائب امیر جماعت اسلامی لاہور کا حلف اٹھایا اور اجلاس میں استصواب کے بعد مرزا عبدالرشید نے جنوبی لاہور کے امیر کا حلف اٹھایا۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل لاہور اظہر بلال، نائب امراء لاہور، امراء اضلاع لاہور اور دیگر ذمہ داران و عہدیداران موجود تھے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی نے ہمیشہ حق و انصاف اور جمہوریت اور آئین کی بات کی ہے۔ جماعت اسلامی آج بھی عام آدمی اور اس کے حقوق کی توانا آواز ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

کیلئے احکامات جاری کئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور پولیس کے سب انسپکٹر خالق حسین کی پروموشن کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ سپیشل پروٹیکشن یونٹ کے نائب قاصد نعیم عباس کے تبادلے کی درخواست پر اے آئی جی ایڈمن کو ریلیف کی ہدایت کی۔ ریٹائرڈ کانسٹیبل ساجد بٹ کی درخواست پر ڈی آئی جی آئی ٹی کو ریلیف کے احکامات جاری کیے۔ 07 انسپکٹرز کی پروموشن درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو میرٹ کے مطابق ریلیف کی ہدایت کی۔ ٹریفک وارڈن ثاقب ندیم کی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت کی جبکہ انسپکٹر کریم نواز کی پروموشن کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کئے۔

بقیہ بقیہ جات 35

اضافہ کر لیا، اس اقدام کی مذمت کرتے ہیں، حکمران ملک لوٹ کر بھی کھا رہے ہیں تنخواہیں بھی بڑھا رہے ہیں۔ حکمران طبقہ کا مشن ہے قوم کے بچوں کو تعلیم سے محروم رکھو اپنی اولادوں کو پڑھنے کے لیے باہر بھیجو، پنجاب میں تعلیمی اداروں کی این جی اوز کو فروخت قبول نہیں، افسوس عدالت نے اس عمل کے خلاف پٹیشن سننے سے انکار کر دیا، 26 ویں ترمیم کے ذریعے بننے والی عدلیہ فیصلوں کے لیے حکومت کی طرف دیکھتی ہے، ہمیں عدلیہ سے انصاف نہیں ملے گا تو سڑکوں پر عدالتیں لگائیں گے۔ حکمرانوں میں سندھی، مہاجر، پنجابی، پختون کی کوئی تقسیم نہیں، یہ خود متحد عوام کو تقسیم کرتے ہیں۔ فرقہ پرستی، قوم پرستی کے بت توڑے بغیر ملک آزاد نہیں ہو سکتا۔ طلبہ یونین بحال کی جائے، اس کا کنکشن کاٹ کر پورے جمہوری پراسس کو تباہ کر دیا گیا، اسلامی جمعیت طلبہ نوجوانوں میں امید کی کرن ہے، طلبہ میں بیداری کی جدوجہد تیز کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سائنس کالج وحدت روڈ پر اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام حقوق طلبہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی سیکرٹری جنرل اظہر اقبال حسن، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، ناظم اعلیٰ اسلامی جمعیت طلبہ حسن بلال ہاشمی، ناظم جمعیت پنجاب شمالی تصور حسین کاظمی، ناظم پنجاب جنوبی ابوذر غفاری، معاون معتمد عام اسفند یار عزت، ناظم لاہور عبداللہ عباس اور ناظم جامعہ پنجاب انعام الرحمٰن بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 36

تلاوت سے کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف اور پروگرام منیجر راجعہ ڈار نے ماڈریٹر کی خدمات سرانجام دیں۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے خطاب میں بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا اور اقلیتی کوٹوں کے نفاذ کے حوالے سے صوبائی حکومت کے عزم کو دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں مذہبی اقلیتیں اپنے تہوار مکمل آزادی سے منا رہی ہیں اور اس طرح کے سیمینارز بین المذاہب ہم آہنگی کو مزید مستحکم کریں گے۔ صوبائی وزیر نے یہ بھی اعلان کیا کہ مذہبی اقلیتوں کے لیے مینارٹیز کارڈ کا اجراء بہت جلد ہونے جا رہا ہے جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے ہونہار اسکالرشپس شروع کی گئی اور خواتین کے لیے یہ قابل فخر بات ہے کہ ان کی وزیراعلیٰ ایک خاتون ہیں۔ ڈاکٹر فلیحہ زہرا کاظمی نے شمولیتی تعلیم پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں اقلیتی طلبہ کے لیے 2 فیصد نشستیں مختص کی گئی ہیں تاہم تعلیم پر زور دیتے ہوئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ مفتی عاشق حسین نے کہا کہ ہندو، مسلمان، سکھ اور مسیحی جب متحد ہوں گے تو پاکستان مزید خوبصورت بنے گا۔

بقیہ بقیہ جات 37

کیا۔ ان کی شہادت نے نہ صرف اہل خانہ بلکہ پورے علاقے کے لوگوں کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ نماز جنازہ کے دوران پاک فوج کے جوانوں نے شہید کو مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سلامی دی۔ شہید کے اہل خانہ کا کہنا تھا کہ ان کے بیٹے نے وطن کے دفاع میں اپنی جان دی، جس پر انہیں بے پناہ فخر ہے۔ شہید عبدالغفار کی تدفین بھی فوجی اعزازات کے ساتھ ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں علاقے کے افراد اور فوجی افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہید کے بلند درجات کے لیے دعائیں کیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

پارلیمنٹ بالادستی کا تقاضا ہے، پارلیمنٹ کا منظور کردہ بل قانون تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گیند حکومت کے کورٹ میں ہے، اب بھی وقت ہے حکومت فیصلہ کرے ورنہ دیر ہو جائے گی۔ حافظ حمد اللہ نے کہا کہ پارلیمنٹ کے فیصلے فیصل کے حوالے نہ کریں، یا قوم کو بتا دیں ایوان میں فیصلے عوام کے نہیں فیصل کی مرضی سے ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 39

ویلفیئر سے ملاقات کے موقع پر کیا کہ عالمی دہشتگرد اسرائیل کی بیت المقدس پر فوج کشی شرمناک ہے، مجاہدین غزہ کے جذبہ جہاد اور بلند حوصلے کو سراہتے ہیں، مظلوم مسلمانوں کی ہر ممکن طریقے سے مدد کریں گے، فلسطینیوں کی استقامت کو سراہتے ہیں، مسلمانوں کے خلاف اسلام مخالف سرگرمیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ مسلم حکمرانوں کو قراردادوں اور مطالبات تک محدود رہنے کے بجائے عملی اقدامات کرنے ہوں گے۔ اس موقع پر ڈاکٹر خالد القدوسی نے فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت اور بے گناہ فلسطینی مسلمانوں کی شہادتوں اور مجاہدین کے غیر متزلزل عزم و حوصلے کے حوالے سے پاکستان سنی تحریک کی قیادت کو بریفنگ دی۔

بقیہ بقیہ جات 40

عدالت نے ملزمان کامران، عثمان قادری، شاہد خان، شایان سعید، سید دبیر الحسن کی ضمانتیں واپس لینے کی بنیاد پر خارج کر دیں۔ یاد رہے کہ ملزمان کے خلاف تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

اور بیوروکریسی اپنا قبلہ درست کریں عوام کو آخر تک قربانی کا بکرا بنایا جاتا رہیگا۔ مہنگائی کا سارا بوجھ عوام پر ڈالنے کی بجائے حکومتی وزیروں مشیروں، سیاستدانوں، بیوروکریٹس کی مراعات کو محدود کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی اور موجودہ حکمرانوں کی معاشی پالیسیوں کی وجہ سے عوام بدحال ہو چکے ہیں، حکومت نے پاکستان کو آئی ایم ایف کا غلام بنا دیا۔ حکمران عوامی جذبات سے کھیلنے کی بجائے عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کریں۔

بقیہ بقیہ جات 42

حکومت ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرنے کی بجائے مطالبہ کو فوری تسلیم کرے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس کے نظام بگاڑنے والے اپنی جامعات کی خبر لیں جہاں اساتذہ تنخواہوں کے لیے سڑکوں پر ہوتے ہیں آئینی طور پر منظور قانون سے انحراف کے پیچھے بدنیتی چھپی ہے دینی مدارس ملت اسلامیہ کے محسن ہیں جو اسلام کے تحفظ اور اشاعت کے لیے کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں ان مدارس کے پاکیزہ اور مثالی نظام کو بدنام کرنے کی کوششیں کرنے والے ہمیشہ شرمندگی اور ناکامی کا سامنا کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 43

کیا جائے، تیز رفتاری سے پرہیز کریں اور اگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں تاکہ کسی بھی غیر متوقع صورتحال سے بچا جا سکے۔ ترجمان کے مطابق شہری معلومات اور مدد کے لئے ہیلپ لائن 130 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

کنزیومر تک پوری چین کو مانیٹر کیا جائے گا۔ رجسٹریشن یقینی بنانے کیلئے ایک نئی کمپنی کو لائسنس بھی جاری کر دیا گیا۔ فاسٹ موونگ کنزیومر گڈز میں خوراک، مشروبات، دوائیں، گھریلو استعمال کی اشیا اور ڈسپوزیبل آئٹمز وغیرہ شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق پورے ملک میں لارج ٹیکس پیئر یونٹس کو کمپنیوں کا ڈیٹا بھی شیئر کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

مقصد ریاست سے دشمنی اور نظام کو جام کرنا تھا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے پنجاب کے ضلع جھنگ میں رشتے سے انکار پر لڑکی، اس کی والدہ اور بچے پر تیزاب پھینکنے کے حوالے سے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ میرے موکل پر انسداد دہشت گردی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہوا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے انسداد دہشت گردی کے شیڈول میں جرم کا آنا الگ چیز ہے، انسداد دہشت گردی کے تحت کسی جرم کا شیڈول کے زمرے میں لانے کی وجہ سے جلد ٹرائل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام قتل میں عناد مختلف ہوتا ہے، دہشت گردی کے واقعے میں ریاست سے دشمنی وجہ عناد ہوتی ہے، کوئٹہ میں وکلا پر دہشتگردی کا افسوسناک واقعہ ہوا جس کا مقصد عدالتی نظام کو جام کرنا تھا، سانحہ اے پی ایس میں دہشتگردوں کی بچوں سے دشمنی نہیں تھی، اے پی ایس سانحے کا مقصد ریاست سے دشمنی اور نظام کو جام کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر دہشت گرد گروہ اغوا کرے تو تاوان کا پیسہ دہشت گردانہ کارروائیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

فوکل پرسن عظمیٰ کاردار نے مہم میں شامل تمام ٹیموں اور ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا اور والدین پر زور دیا کہ وہ بچوں کو پولیو ویکسین پلوانے میں بھرپور تعاون کریں تاکہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع گجرات میں پانچ سال سے کم عمر کے 982,514 بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 484,463 بچوں کو وٹامن اے کی خوراک دی جائے گی تاکہ ان کی غذائی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ مہم کے کامیاب انعقاد کے لیے 169.5 اہلکاروں پر مشتمل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جن میں موبائل، فکسڈ اور ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں۔ بعدازاں، عظمیٰ کاردار نے ڈی سی آفس گجرات کے کمیٹی روم میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا دورہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عمل میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پنجاب کے دیگر اضلاع کا بھی دورہ کریں گی اور گجرات میں جاری پولیو مہم پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 47

کی ہے کہ ججز سے سکیورٹی واپس لینے کی کوئی بات ہو تو رجسٹرار کے نوٹس میں لایا جائے۔ پشاور ہائی کورٹ میں چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس ایس ایم عتیق شاہ پر مشتمل دو رکنی بینچ نے خیبر پختونخوا میں سکیورٹی صورتحال سے متعلق کیس کی سماعت کی، رجسٹرار پشاور ہائی کورٹ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری اور پولیس افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ رجسٹرار ہائی کورٹ نے عدالت کو بتایا کہ ٹانک کے حوالے سے ایس او پیز ہمارے ساتھ شیئر کیے گئے ہیں، جنوبی اضلاع کے حوالے سے ابھی تک کلیئر نہیں ہے، اجلاس میں بات کریں گے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے کہا کہ یہ ایس او پیز محکمہ پولیس کے ہیں، میں نے تفصیلی رپورٹ جمع کی ہے، رجسٹرار صاحب کے ساتھ کچھ چیزوں پر تھوڑا اختلاف آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹانک اور ڈی آئی خان ہائی رسک ایریاز ہیں، وہاں پر تمام ججز کے ساتھ سکیورٹی ہونی چاہیے، تمام سینئر سول ججز کے ساتھ سکیورٹی کا کہا گیا ہے، سینئر سول ججز اور ایڈیشنل ججز کے ساتھ 1550 سکیورٹی اہلکار تعینات ہیں، ہمارے پاس فنڈز کی کمی ہے اس لیے اس کو مرحلہ وار کریں تو اچھا ہوگا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے کہا کہ رجسٹرار صاحب کہتے ہیں کہ حساس ترین اضلاع کا تعین ہم کریں گے، ہماری تجویز ہے کہ حساس اضلاع کا تعین سی ٹی ڈی کرے تو اچھا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلٹ پروف گاڑیوں کی بات کی گئی وہ بالکل بلٹ پروف گاڑیاں ہونی چاہیے، بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی کے لیے وقت چاہیے۔ چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے کہا کہ جس جج کو سکیورٹی کی ضرورت ہو وہ ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کو آرڈینیشن کمیٹی (ڈی آئی سی سی) کے ساتھ بات کریں گے، ہم نے اے ڈی سی کے کچھ ججز کے تبادلے کیے، ان سے سکیورٹی واپس لی گئی تھی اس لیے ہم نے ان کا تبادلہ کیا۔ چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ ججز سے سکیورٹی واپس لینے کی کوئی بات ہو تو رجسٹرار کے نوٹس میں لائی جائے، ہم آپ کو ایسا کھلا ہاتھ بھی نہیں دے سکتے، حکومت کو معاشی مشکلات ہے اس کا ہمیں احساس ہے۔ رجسٹرار ہائی کورٹ نے کہا کہ فیملی کورٹ میں بھی مسائل آتے ہیں، چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے کہا کہ فیملی کے مسائل ہمارے معاشرے کا سب سے سنجیدہ مسئلہ ہوتے ہیں، آپ مل بیٹھیں اور ان مسائل کا حل نکالیں اور جنوبی اضلاع کی سکیورٹی کے حوالے سے اجلاس کے بعد ہمیں آگاہ کریں۔ عدالت نے سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 48

کون ہوتے ہو یہ تقسیم پیدا کرنے والے؟ وہ مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں شہزاد سعید چیمہ، چوہدری اسلم گل، جمیل تنج اور ڈاکٹر عائشہ شوکت کیساتھ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر بشریٰ منظور مانیکا، احسن رضوی، ذیشان شاہی، عمران کھوکھر ایڈووکیٹ اور رانا اشعر نثار بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 49

پہلے عمران خان سے مذاکرات کرے۔ مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے گفتگو میں پی ٹی آئی کو مشورہ دیا کہ پہلے آپ خود یکسو ہو جائیں، 7 آدمی پہلے خود مل بیٹھیں کہ ہم کیا چاہتے ہیں، پھر وہ خان صاحب کے پاس چلے جائیں اور ان کو سمجھائیں، ہم سے مذاکرات سے پہلے خان صاحب سے مذاکرات کی ضرورت ہے، انہیں قائل کریں کہ اب کیا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورنہ ہوگا یہ کہ وہ آئیں گے، بات چیت کریں گے، مصالحت بھی ہو جائے گی، ہم ان کی بات مان جائیں گے، وہ ہماری بات مان جائیں گے لیکن جب وہ اڈیالہ جائیں گے تو کہا جائے گا تم کون ہو؟ وفاقی وزیر رانا تنویر نے کہا کہ پی ٹی آئی میں سنجیدگی نظر نہیں آتی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک وقت میں بانی پی ٹی آئی سمیت ان کے 6-6 بیانات آتے ہیں، جب ہمیں پتہ چلے گا کہ وہ ٹھہراؤ اور گفتگو کرنے کے لیے تیار ہیں اور سنجیدہ رابطہ چاہتے ہیں تو ہم مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

ایسے مواد کو پی ٹی اے بلاک کرتی ہے، ہم نے اپنے شہریوں کو محفوظ رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے صوبوں کے وزرائے داخلہ کی مدد سے ڈیٹا لے کر ٹارگٹ علاقوں میں انٹرنیٹ بند کیا، پورے ملک کو متاثر نہیں کیا، یہ پہلی بار ہوا ہے، ہم نے آزاد اظہار رائے پر پابندی لگائی ہوتی تو ٹک ٹاک اور فیس بک بھی نہ چلتا۔ وزیر مملکت برائے آئی ٹی نے کہا کہ صرف دو ماہ میں 150 سے زائد ہمارے فورسز کے اہلکار شہید ہوئے، ہماری کوشش ہے کہ ہم ٹیکنالوجی، قومی سلامتی کے ساتھ ساتھ ڈیٹا پروٹیکشن، پرائیویسی کا تحفظ، معاشی اور ٹیکنالوجی کا توازن پیدا کریں، جیسے جیسے معیشت ڈیجیٹلائز ہوتی جائے گی تو ہمیں ڈیجیٹل سیفٹی اور حملوں سے بچنے کے لیے زیادہ کام کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 51

مذاکرات کو ضروری قرار دیتے ہوئے 9 مئی 2023 اور 26 نومبر 2024 کے پرتشدد واقعات پر فوری جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس اسلام آباد میں ہوا جس میں پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور علی محمد خان سمیت دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ پی ٹی آئی ملک میں سیاسی استحکام اور ملکی ترقی کے لیے بات چیت کے لیے تیار ہے، ملکی ترقی کے لیے مذاکرات سے ہی مسائل کا حل نکلے گا، بانی تحریک انصاف چاہتے ہیں کہ ملک آگے چلے اور ترقی کرے۔ اعلامیے کے مطابق پارلیمانی پارٹی اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ تحریک انصاف کے ایم این ایز اور ایم پی ایز پر دباؤ ڈالنا بند کیا جائے، اس دوران اراکین پر دباؤ اور چھاپوں کا سلسلہ جاری رہنے پر ایوان میں بھرپور احتجاج کا فیصلہ کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق پارلیمانی پارٹی نے 9 مئی 2023 اور 26 نومبر 2024 کے پرتشدد واقعات پر فوری جوڈیشل کمیشن تشکیل دینے اور بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 52

انصاف کے کٹہرے سے بچ نہیں سکتا سانحہ اے پی ایس کے شہدا کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا ان کی قربانی اور دہشتگردی کے خلاف اٹھائی جانے والی آواز آج بھی گونج رہی ہے اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے پی ٹی آئی پر قاتلانہ حملے کا کیس بہت اہم ہے، ایک اور کیس ہے جب سامنے آئیگا تو بانی پی ٹی آئی کے پیر کے نیچے سے زمین نکل جائے گی، بات چیت کے ذریعے ہی راہیں بنانی پڑتی ہے اور نکالنا پڑتی ہے ان خیالات کا ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے پاکھا کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا و دیگر تاجر برادری کے نمائندوں سمیت پیپلز پارٹی کے ڈویژنل و ڈسٹرکٹ میڈیا کوآرڈینیٹر محمد طاہر شیخ کے ساتھ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کے دوران ملکی صورت حال پر گفتگو کرتے ہوئے کیا ایم این اے ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ مراد سعید، حماد اظہر سمیت کئی ٹائیگرز کیوں بھگوڑے ہیں کیوں سامنے نہیں آتے بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر نہیں آئیں گے کیونکہ بہت تاخیر ہو گئی ہے فیض حمید کیلئے بانی پی ٹی آئی نے بہت کچھ کیا، 24 نومبر کی کال بھی فیض کیلئے تھی پیپلز پارٹی جمہوری روایات اور قانون و آئین کی پاسداری کے لئے آج بھی جدوجہد کر رہی ہے لیکن کے پی کے کے ترجمان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کے وزیراعظم بننے کے بارے میں خود ساختہ خبریں چلا کر ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

فاؤنڈیشن اعجاز اللہ خان، مرکزی نائب صدر الخدمت ایئر مارشل (ر) ارشد ملک، ڈائریکٹر جنرل کرائسز مینجمنٹ وزارت خارجہ شہزاد حسین، این ڈی ایم اے، حکومتی نمائندوں سمیت دیگر نمایاں شخصیات نے شرکت کی اور انسانی بنیادوں پر امدادی سامان بذریعہ بحری جہاز کراچی پورٹ سے سوڈان کیلئے روانہ کیا۔ اعجاز اللہ خان نے کہا کہ 19 ماہ سے سوڈان کے مخدوش حالات اور سیلاب کے باعث ایک کروڑ سے زائد افراد بے گھر ہو چکے ہیں، قحط کی وجہ سے شہریوں کی صورتحال انتہائی ابتر ہے 25 لاکھ افراد بھوک کی وجہ سے موت کے دہانے پر ہیں۔ ایئر مارشل (ر) ارشد ملک نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن اہل پاکستان کے تعاون کی بدولت خواتین اور بچوں سمیت بے گھر متاثرہ خاندانوں کو امدادی سامان روانہ کر رہی ہے۔ سوڈان کے متاثرہ خاندانوں کو بھیجے گئے امدادی سامان میں ٹن فوڈ، چاول، حفظان صحت کی کٹس، پاؤڈر دودھ اور فیملی پیک شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 54

سمجھایا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ابھی یہ طے کرنا ہے کہ تحریک انصاف مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھانے میں کتنی سنجیدہ ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن اور وزیراعظم کی ملاقات میں مدارس ایکٹ کا معاملہ طے ہو جائے گا، یہ ملاقات عنقریب شیڈول ہے اور اس ملاقات تک مولانا اسلام آباد احتجاج کے لیے نہیں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پی ٹی آئی کی ہلاکتوں کی تحقیقات کے لیے تیار ہیں لیکن پی ٹی آئی ایک بندہ تو سامنے لائے جو کہے کہ فلاں شخص حکومت کی گولی لگنے سے مرا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب نائب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دھوری

متوفی: جاوید علی ولد روشن الدین

وارثان: روشن الدین والد پہلے فوت شدہ، گلزار بیگم والدہ متوفی بعد میں فوت شدہ۔

زندہ: محمد علی، فیصل علی، چوہدری لیاقت علی پسران، ناہید بیگم، بشریٰ بیگم، شازیہ دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 55

رسالانہ بنیاد پر پچیس فیصد اضافہ ہوا۔ رواں مالی سال کے پانچ ماہ میں آئی ٹی برآمدات ایک ارب 53 کروڑ ڈالرز رہیں۔ گزشتہ مالی سال کے پانچ ماہ میں آئی ٹی برآمدات ایک ارب 15 کروڑ ڈالر رہی تھیں۔ ماہرین کے مطابق آئی ٹی کے شعبے کو رعایت دینے اور خلیجی ممالک سے زیادہ آرڈرز ملنے سے برآمدات بڑھیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

ہوئے رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کیلئے کمیٹی بنائی ہے اسے ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ حکومت مل کر بیٹھے اور ہم سے بات کرے۔ مذاکرات میں انتخابات سمیت تمام معاملات پر بات ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ہمیشہ یہی کہا ہے کہ مذاکرات سے اگر معاملات حل ہوتے ہیں تو یہ ضرور ہونے چاہئیں۔ ہمارا ہمیشہ سے مطالبہ ہے کہ ہمارے ساتھ جو زیادتیاں کی گئیں ہیں اس پر جوڈیشل کمیشن بنایا جائے اور ان کی تحقیقات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سینکڑوں بے گناہ لوگوں کو جیلوں میں ڈالا گیا اس لئے 24 نومبر کو اسلام آباد آگئے۔ ہمارا ایک ہی سوال ہے کہ ہمارے لوگوں پر گولی کیوں چلائی گئی۔ ہمارے خلاف مختلف شہروں میں بے بنیاد مقدمات قائم کئے گئے۔ ہمارا جرم اتنا ہے کہ ہم عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہر جبر اور ظلم برداشت کر لیں گے بانی پی ٹی آئی کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے۔ ہمارے لیڈر کو جیل میں قید تنہائی میں رکھا گیا ہے ان سے ملاقاتوں پر پابندی لگائی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

مقامی پولیس کے ساتھ مل کر ان کی شناخت اور ناموں کی تصدیق کی جا رہی ہے۔ ناظم الامور گوڑی ہوا نے بتایا کہ منگل کے روز وین واتو میں آنے والے 7.3 شدت کے زلزلے کے بعد عمارت منہدم ہونے سے 3 چینی باشندے مبینہ طور پر دب گئے تھے۔ وین واتو میں سفارتخانے اور چینی کمپنیوں کا عملہ رات گئے تک پھنسے ہوئے لوگوں کو بچانے کے لئے پہنچا، جس میں سے 2 کو بچا لیا گیا اور ایک ہلاک ہو گیا۔ اسی دن دارالحکومت پورٹ ولا کے وسط میں ایک دکان کی عمارت بھی منہدم ہوگئی جس کے نتیجے میں متعدد افراد دب گئے۔ سفارتخانے نے بعد میں تصدیق کی کہ وہاں بھی ایک چینی ہلاک ہوا ہے۔ ناظم الامور گوڑی ہوا نے بتایا کہ سفارتخانہ وین واتو پولیس کے ساتھ رابطے میں ہے تاکہ دونوں جاں بحق افراد کی شناخت اور ناموں کی تصدیق کی جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 58

اراکین اپنی تجویز لے آئیں، سب کو بیٹھ کر سنیں گے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کا اجلاس چیئرمین امین الحق کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل 2024 کا ایجنڈا زیر غور آیا، چیئرمین کمیٹی امین الحق نے کہا کہ کل اراکین کی خواہش تھی سب کو بل کے حوالے سے وقت دیا جائے، اگر کسی کو اس بل کے حوالے سے کوئی بات کرنی ہے تو بتا سکتے ہیں۔ شرمیلا فاروقی نے کہا کہ قانون آپ بنانے جا رہے ہیں روڈ میپ نہیں ہے، آپ کی باتوں سے بھی کچھ واضح نہیں ہو رہا، عمر ایوب نے کہا کہ ڈیجیٹل نیشن پلان میں ہم اتنی جلدی کیوں کر رہے ہیں؟ اتنی جلدی نہ کریں، ماہرین کو بلائیں، اس پر مزید بات ہونی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 59

آزمائی علاقے، سیاحت کی عالمی منزل اور بڑی قومی حکمت عملیوں کے لئے خدمات کے مرکز کے طور پر اپنے تزویراتی محل وقوع پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ چینی صدر نے کہا کہ ایک جدید صنعتی نظام تیار کرنے کی کوشش کی جانی چاہیے جو ہائی نان کی مخصوص خصوصیات اور طاقتوں سے استفادہ کرے اور سیاحت، جدید خدمات، ہائی ٹیک اور سب سے اعلیٰ کارکردگی کی حامل زراعت جیسی معروف صنعتوں کو فروغ دینے کے لئے کوششیں کی جائیں۔ اہم شعبوں میں اصلاحات کو مضبوطی سے آگے بڑھانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے صدر شی جن پھنگ نے ہائی نان پر زور دیا کہ وہ آزاد تجارتی بندرگاہ کی پالیسیوں کے جامع نفاذ پر توجہ مرکوز کریں، ادارہ جاتی کھلے پن کو بھرپور طریقے سے فروغ دیں اور پہلے درجے کے کاروباری ماحول کو فروغ دیں جو مارکیٹ اور قانون سے ہم آہنگ اور بین الاقوامی معیار کے مطابق ہو۔

بقیہ بقیہ جات 60

انتظامیہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اس رعایت کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ مزید 21 اضافی بندرگاہوں کو ویزے کے بغیر داخلے اور اخراج کے لئے نامزد کیا گیا ہے اور جن علاقوں میں مسافر مختصر قیام کر سکتے ہیں ان میں بھی توسیع کر دی گئی ہے۔ تازہ ترین پالیسی کے تحت روس، برازیل، برطانیہ، امریکہ اور کینیڈا سمیت 54 ممالک کے اہل شہری کسی تیسرے ملک یا علاقے میں جاتے ہوئے مختصر قیام کیلئے ویزے کے بغیر چین میں داخل ہو سکتے ہیں۔ یہ مسافر اب 24 صوبوں، خطوں اور شہروں کے 60 بندرگاہوں میں سے کسی کے ذریعے داخل ہو سکتے ہیں اور 240 گھنٹے تک مقررہ علاقوں میں رہ سکتے ہیں۔ پالیسی ردوبدل کی ایک قابل ذکر خاصیت بین العلاقائی سفر کو متعارف کرانا ہے جو غیر ملکی سیاحوں کو 10 روزہ قیام کے دوران 24 مخصوص صوبائی سطح کے علاقوں میں آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت دیتا ہے۔ چین نے جنوری سے نومبر 2024 کے درمیان تقریباً 2 کروڑ 92 لاکھ 20 ہزار غیر ملکیوں کے دورے ریکارڈ کئے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 86.2 فیصد زیادہ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

قومی کمیٹی کے وائس چیئرمین اور سیکرٹری جنرل وانگ ڈونگ فینگ نے کہا کہ 2025 چین اور یورپی یونین کے مابین باضابطہ سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ کا سال ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین یورپی یونین کے ساتھ طویل میز نظام کو مضبوط اور خوشحال بنانے، باہمی تفہیم کو بڑھانے، وسعت اور تعاون کو مستحکم بنانے، حقیقی کثیر جہتی پر عمل کرنے اور چین-یورپی یونین تعلقات کی مضبوط، مستحکم اور پائیدار ترقی میں بڑا کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ ملاقات سے قبل وانگ ڈونگ فینگ نے ای ای ایس سی کے صدر اولیور روپکے سے ملاقات کی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت قطب نثار (متوفی) ولد عبدالستار ساکن موضع جھگیاں باموں تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع جھگیاں باموں تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ قطب نثار (متوفی) بقضائے الہٰی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ مقبول بی بی (بیوہ)، مدثر نذر، محمد طارق، محمد اویس، محمد ندیم، محمد شہزاد، محمد ناصر، رمشاء بی بی پسران و دختر متوفی قطب نثار ساکنان موضع جھگیاں باموں تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت قطب نثار (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافہ مزدور کی تنخواہ میں اضافے کے برابر کیا جائے ضیاء الدین انصاری

مہنگائی کی آڑ میں ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں 400 فیصد اضافہ مہنگائی کی چکی میں پستی عوام پر سراسر ظلم ہے۔

ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں ہوشربا اضافہ قومی خزانے کو دونوں ہاتھوں سے لوٹانے کی سازش ہے، فیصلہ فوری واپس لیا جائے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافہ ملک کے مزدور کی تنخواہ میں اضافے کے برابر کیا جائے۔ مہنگائی کی آڑ میں ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں 400 فیصد اضافہ مہنگائی کی چکی میں پستی عوام پر سراسر ظلم ہے۔ ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں ہوشربا اضافہ قومی خزانے کو دونوں ہاتھوں سے لوٹانے کی سازش ہے، فیصلہ فوری واپس لیا جائے۔ ملک کا عام مزدور حکومتی اور نجی اداروں میں اعلانات کے باوجود 37 ہزار اجرت سے محروم ہے۔ حکومتی ایوانوں میں عوام باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

لاہور، جماعت اسلامی ڈسٹرکٹ لاہور کے ذمہ داران کے اجلاس میں چوہدری محمد شوکت نائب امیر جماعت اسلامی لاہور اور مرزا عبدالرشید جنوبی لاہور کے امیر کا حلف اٹھا رہے ہیں

گیس کی قیمت میں اضافہ، قوم کے ساتھ کھلواڑ ہے' جاوید قصوری

فارم 47 پر قائم ہونے والی حکومت درحقیقت برسر اقتدار لانے والوں کی غلام ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ سوئی ناردرن کیلئے گیس کی قیمت میں 8.71 فیصد جبکہ سوئی سدرن کیلئے 25.78 فیصد اضافے کی منظوری قابل مذمت ہے، حکومت ایک جانب بجلی کی قیمت میں کمی کے اعلانات کر رہی ہے جبکہ دوسری جانب گیس کی قیمتوں میں اضافہ کر کے کسر کو پورا کیا جا رہا ہے، 25 کروڑ عوام کو گمراہ کر کے حکمران زخموں پر نمک پاشی کر رہے ہیں، موجودہ اتحادی حکومت مکمل طور پر ناکام ثابت ہوئی ہے۔

پاکستان چینی ساختہ سولر پینلز کا تیسرا سب سے بڑا خریدار بن گیا

پاکستان دنیا کی چھٹی سب سے بڑی سولر مارکیٹ گیا

گوادر (این این آئی) پاکستان اب دنیا کی چھٹی سب سے بڑی سولر مارکیٹ ہے، چینی ساختہ سولر پینلز کا تیسرا سب سے بڑا خریدار ہے۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر شہر میں الیکٹرانکس اور سولر سسٹم کا ایک اور واحد تجارتی مرکز دشتی مارکیٹ میں کاروبار چلانے والے محمد بلوچ نے کہا کہ 2024 کے دوران، میرے اسٹور میں سولر سسٹمز کی فروخت میں تقریباً 60 فیصد اضافہ ہوا ہے، اور ساتھ ہی آمدنی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ چینی برانڈز خاص طور پر مقبول ہیں کیونکہ وہ گوادر کے علاقے میں دیگر غیر ملکی برانڈز کے مقابلے پیسے کے لیے اچھی قیمت رکھتے ہیں۔

کراچی کے سوا باقی ملک کیلئے ایک بار پھر بجلی سستی ہونے کا امکان

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی کے سوا باقی ملک کے لیے ایک بار پھر بجلی سستی ہونیکا امکان ہے، سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے بجلی کی قیمت میں 63 پیسے فی یونٹ کمی کی درخواست کردی۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے مسلسل 5 ویں بار ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی کی قیمت میں کمی کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ نومبر 2024 کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی گئی ہے، ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر 31 دسمبر کو سماعت ہوگی۔

امیر مقام کا رئیس الاحرار چوہدری غلام عباس کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام نے رئیس الاحرار چوہدری غلام عباس کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کثیر الجہت شخصیت تھے، چوہدری غلام عباس بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے قابل اعتماد ساتھیوں میں سے تھے اور الحاق پاکستان کے مضبوط داعی تھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو رئیس الاحرار چوہدری غلام عباس کی 57 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔

مدارس بل کے معاملے میں حکومت سیاسی، اخلاقی اور قانونی طور پر ہار چکی، حافظ حمد اللہ

تنظیمات مدارس اور جے یو آئی کو مدارس رجسٹریشن بل میں کوئی ترمیم قبول نہیں، بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنما حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ تنظیمات مدارس اور جے یو آئی کو مدارس رجسٹریشن بل میں کوئی ترمیم قبول نہیں۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مدارس بل کے معاملے میں حکومت سیاسی، اخلاقی اور قانونی طور پر ہار چکی، مدارس رجسٹریشن بل ایکٹ بن چکا ہے، گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔ حافظ حمد اللہ نے کہا کہ یہی جے یو آئی اور تنظیمات مدارس کا حکومت سے مطالبہ ہے، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

سیاچن میں شہید ہونے والے سپاہی عبدالغفار کی فوجی اعزاز کے ساتھ آبائی گاؤں میں تدفین

نماز جنازہ میں علاقے کے افراد اور فوجی افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی

بیل گنج (این این آئی) سیاچن گلیشیئر میں وطن عزیز کے دفاع کے دوران شہید ہونے والے پاک فوج کے سپاہی عبدالغفار کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں بیل گنج میں ادا کر دی گئی۔ شہید کا تعلق پاکپتن کے نواحی علاقے بیل گنج سے تھا، جہاں مقامی افراد نے شہید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شہید عبدالغفار نے سیاچن گلیشیئر میں اپنی ڈیوٹی کے دوران دشمن کی کارروائیوں سے وطن کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

لاہور، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ برٹش ہائی کمیشن بین وارنگٹن کو سوشل ویلفیئر آفس آمد پر پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی ملاقات

پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کو درپیش مسائل کے ازالے کیلئے فوری اقدامات یقینی بنائیں، آر پی اوز، ڈی پی اوز ماتحت سٹاف کی بہترین ویلفیئر کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور پولیس کے سب انسپکٹر خالق حسین کی پروموشن کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کو درپیش مسائل کے ازالے کیلئے فوری اقدامات یقینی بنائیں، آر پی اوز، ڈی پی اوز ماتحت سٹاف کی بہترین ویلفیئر کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ہیلتھ مسائل کا شکار ملازمین کی مدد کیلئے بطور خاص اقدامات کئے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات کے دوران کیا۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف بارے احکامات جاری کر رہے ہیں

کمیٹی کے پاس مذاکرات کا پورا مینڈیٹ ہے' حکومت کنفیوژن پھیلا رہی ہے' فیصل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کیلئے کمیٹی بنائی ہوئی ہے جس کے پاس پورا مینڈیٹ ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس کمیٹی کے پاس مذاکرات کا پورا مینڈیٹ ہے مگر حکومت کی طرف سے کنفیوژن پھیلائی جا رہی ہے۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ حکومت موجودہ سیاسی عدم استحکام کی بینفشری ہے اس لیے وہ ٹیمپر بچے نیچے نہیں لانا چاہتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کوشش کر رہی ہے کہ جب بھی مذاکرات کی بات ہو تو اسے سبوتاژ کیا جائے۔

سرکاری سکولز کو آؤٹ سورس کرنے کیخلاف دائر درخواستیں خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری سکولز کو آؤٹ سورس کرنے کے خلاف دائر درخواستوں کو خارج کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اعتزاز احسن سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی، درخواست گزاروں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت حکومتی پروگرام کو چیلنج کیا۔ درخواست گزاروں کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ پنجاب حکومت کا سرکاری سکولز کو پرائیویٹ کرنے کا اقدام خلاف قانون ہے، سرکاری سکولز پرائیویٹ ہونے سے فیسوں میں اضافہ کر دیا جائے گا۔

عالمی دہشتگرد اسرائیل کی بیت المقدس پر فوج کشی شرمناک ہے' پاکستان سنی تحریک

مجاہدین غزہ کے جذبہ جہاد، بلند حوصلے کو سراہتے ہیں، مظلوم مسلمانوں کی ہر ممکن طریقے سے مدد کرینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی صدر انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری، مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ احمد بلال سلیم قادری الشامی، عقیل انجم جمعیت علما پاکستان، عبدالصمد قندھاری، ڈپٹی سیکرٹری جنرل علامہ نجیب اللہ زہری، جوائنٹ سیکرٹری پاکستان سنی تحریک عبداللہ اکرم قادری، شہباز رضا قادری، عمران قادری سمیت دیگر رہنماؤں نے مرکزی ترجمان حماس ڈاکٹر خالد القدومی، شیخ خالد غزہ حماس شعبہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس میں اہم پیشرفت، مزید 5 ملزمان بیگناہ قرار

ملزمان کامران، عثمان قادری، شاہد خان، شایان سعید، سید دبیر الحسن کی ضمانتیں واپس لینے کی بنیاد پر خارج

لاہور (این این آئی) جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس میں اہم پیشرفت، جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم نے مزید 5 ملزمان کو بے گناہ قرار دے دیا۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے کی سماعت کی، جے آئی ٹی کی جانب سے رپورٹ پیش کی گئی، رپورٹ میں جے آئی ٹی نے مزید 5 ملزمان کو بے گناہ قرار دے دیا۔ دوران سماعت پانچ ملزمان نے ضمانتیں واپس لینے کی استدعا کر دی جس پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

مختلف کاروباری شعبوں کی سیل کو دستاویزی شکل دینے کا فیصلہ

107 کمپنیوں کو 31 دسمبر تک ایف بی آر سسٹم کے ساتھ منسلک ہونے کی ڈیڈ لائن

لاہور (این این آئی) آئی ایم ایف شرائط کے پیش نظر مختلف کاروباری شعبوں کی سیل کو دستاویزی شکل دینے کا فیصلہ کرلیا گیا، 107 کمپنیوں کو 31 دسمبر تک ایف بی آر سسٹم کے ساتھ منسلک ہونے کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فاسٹ موونگ کنزیومر گڈز یعنی زیادہ طلب کی حامل اور جلد فروخت ہونے والی کم قیمت اشیاء والی 107 ایف ایم سی جی کمپنیوں کو ریئل ٹائم ڈیجیٹل انوائسنگ سسٹم سے لنک کیا جائے گا۔ سیلز ٹیکس جنرل آرڈر کے ساتھ مینوفیکچررز کی فہرست بھی تیار کرلی گئی ہے۔ مینوفیکچرنگ سے سپلائی اور اینڈ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

ملک کے بیشتر شہروں میں دھند کا راج، حد نگاہ صفر، موٹر ویز مختلف مقامات سے بند رہی

ایم ون پشاور سے رشکئی، ایم 2 لاہور سے ہرن مینار، ایم 3 لاہور سے جڑانوالہ تک بند رکھی گئی

لاہور (این این آئی) ملک کے بیشتر شہروں میں دھند کے باعث موٹر ویز کو مختلف مقامات سے بند رکھا گیا۔ ترجمان موٹر وے پولیس کے مطابق موٹر وے ایم ون پشاور سے رشکئی، موٹر وے ایم 2 کو لاہور سے ہرن مینار تک جبکہ موٹر وے ایم 3 لاہور سے جڑانوالہ تک بند رکھی گئی۔ موٹر ویز کی بندش کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ حد نگاہ بہتر ہونے پر موٹر ویز کو مرحلہ وار ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا۔ ترجمان موٹر وے پولیس نے شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دن کے اوقات میں سفر کریں، غیر ضروری سفر سے گریز باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

دینی مدارس کا نظام خیر، اصلاح اور خدمت کا نظام ہے' جے یو آئی

دینی مدارس کی رجسٹریشن پر حکومت ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرنے کی بجائے مطالبہ کو فوری تسلیم کرے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دینی مدارس کا نظام خیر، اصلاح اور خدمت کا نظام ہے، مدارس عربیہ اسلامی ثقافت اور روایات کی امین ہیں اور ان کی خدمت ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، دینی مدارس کی رجسٹریشن پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

حکومت اور اپوزیشن کا کردار انتہائی بھیانک ہے' سنی علماء کونسل

ملک میں مہنگائی اور بیروزگاری کے ذریعے عام شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا گیا ہے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کا کردار انتہائی بھیانک ہے، ترقی یافتہ قوموں کی مثالیں دینے والے عوامی فلاح کے لیے طویل المدت مشترکہ منصوبے بنائیں، ملک میں مہنگائی اور بیروزگاری کے ذریعے عام شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا گیا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ہمارے بڑوں نے ملک پاکستان کو سیاستدانوں، بیوروکریٹس اور دیگر قوتوں کی عیاشیوں کیلئے نہیں بنایا تھا، سیاستدانوں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام حقوق طلبہ کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

سانحہ اے پی ایس کا مقصد دشمنی کی وجہ سے ریاستی نظام کو جام کرنا تھا، جسٹس جمال خان مندوخیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے ہیں کہ دہشت گردی کے واقعے میں ریاست سے دشمنی وجہ عناد ہوتی ہے، سانحہ اے پی ایس میں دہشتگردوں کی بچوں سے دشمنی نہیں تھی، اے پی ایس سانحے کا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

والدین بچوں کو پولیو ویکسین پلوانے میں بھرپور تعاون کریں، محترمہ عظمیٰ کاردار

پنجاب حکومت پولیو وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے، فوکل پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب

کھاریاں (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی فوکل پرسن برائے پولیو محترمہ عظمیٰ کاردار نے گجرات کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک سے ملاقات کی اور پولیو مہم کا جائزہ اجلاس بھی منعقد کیا۔ اجلاس کے موقع پر ڈپٹی کمشنر گجرات نے محترمہ عظمیٰ کاردار کو 16 سے 20 دسمبر تک جاری پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں پولیو کے خلاف جاری اقدامات اور مہم کے اہداف پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی فوکل پرسن عظمیٰ کاردار نے کہا پنجاب حکومت پولیو وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے اور مہم کے تمام مراحل کی سخت مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

ٹانک اور ڈی آئی خان میں تمام ججز کے ساتھ سیکیورٹی ہونی چاہیے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیشنل چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے پشاور ہائی کورٹ میں اعتراف کیا ہے کہ ٹانک اور ڈیرہ اسمٰعیل خان (ڈی آئی خان) ہائی رسک علاقے ہیں جہاں تمام ججز کے ساتھ سیکیورٹی ہونی چاہیے جبکہ چیف جسٹس نے ہدایت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پارلیمنٹ میں 80 فیصد ارب پتی ہیں حافظ نعیم الرحمن

پنجاب اسمبلی میں بیٹھے نام نہاد عوامی نمائندوں نے اپنی تنخواہوں میں کئی سو گنا اضافہ کرلیا، اس اقدام کی مذمت کرتے ہیں

اسٹیبلشمنٹ کے بوٹ پالش کر کے فارم 47 سے اقتدار حاصل کرنے والے عوام کے نمائندے نہیں۔ امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ن لیگ، پی پی خاندانی جاگیریں، پارلیمنٹ میں 80 فیصد ارب پتی ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ کے بوٹ پالش کر کے فارم 47 سے اقتدار حاصل کرنے والے عوام کے نمائندے نہیں۔ اسٹیبلشمنٹ پاکستان کو مسجد سمجھ کر حفاظت کرنے والوں کا راستہ روکتی اور لٹیروں کو قوم کے سروں پر سوار کر دیتی ہے۔ عوام بجلی کے بم برداشت کر رہی ہے، لوگ اشیائے خورونوش خریدنے کی سکت نہیں رکھتے، پنجاب اسمبلی میں بیٹھے نام نہاد عوامی نمائندوں نے اپنی تنخواہوں میں کئی سو گنا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

حکمران سرمایہ دارانہ نظام کو پال رہے ہیں، سید حسن مرتضیٰ

چین سے جب تک آلات آئیں گے پنجاب کا کسان تباہ ہو چکا ہوگا' جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی وسطی پنجاب

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ حکمران سرمایہ دارانہ نظام کو پال رہے ہیں اور ملک کو طبقاتی جنگ میں دھکیل دیا ہے، حکمرانوں نے کاشتکار کو چھوٹے بڑے میں تقسیم کر دیا ہے، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

لیگی رہنماؤں کا پی ٹی آئی کو حکومت سے قبل عمران خان سے مذاکرات کا مشورہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو مذاکرات کے لیے سنجیدہ ہونے کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکراتی ٹیم حکومت سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

قومی سلامتی سے بڑھ کر کچھ نہیں، ایکس کو وزارت داخلہ کی ہدایت پر بند کیا، شزہ فاطمہ

دشمن ہر وقت سائبر حملوں کے لیے تیار بیٹھا ہے، ان سائبر حملوں کو ہم نے روکنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ 'ایکس' کا استعمال 2 فیصد سے بھی کم پاکستانی کرتے ہیں، ایکس کو وزارت داخلہ کی ہدایت پر بند کیا گیا، قومی سلامتی سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں ہے۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے شزہ فاطمہ نے کہا کہ دشمن ہر وقت سائبر حملوں کے لیے تیار بیٹھا ہے، ان سائبر حملوں کو ہم نے روکنا ہے، یہاں مذہبی بنیاد پر اور سماجی مواد پر ایشوز ہو جاتے ہیں، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

پی ٹی آئی کا ایک بار پھر 9 مئی، 26 نومبر کے پرتشدد واقعات پر جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے ملک میں سیاسی استحکام اور ترقی کے لیے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

لاہور، وزیر تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد آئی ڈیپ کے 172 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی نے فیض حمید کو بھرپور استعمال کیا، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ

پی ٹی آئی کی 24 نومبر کو ہونے والی بدترین ناکامی کے بعد آج تحریک انصاف مذاکرات کے لئے پر تول رہی ہے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سابق وفاقی مشیر ٹیکسٹائل و ایم این اے ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے فیض حمید کو بھرپور استعمال کیا حالات اور وقت کا جبر دیکھیں پی ٹی آئی کی 24 نومبر کو ہونے والی بدترین ناکامی کے بعد آج تحریک انصاف مذاکرات کے لئے پر تول رہی ہے، آرمی چیف کو کریڈٹ دینا چاہیے کوئی طاقتور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

آئی ٹی کی برآمدات میں مسلسل 13 ماہ اضافے کے بعد پہلی بار کمی دیکھی گئی

نومبر میں آئی ٹی کی برآمدات گزشتہ ماہ کے مقابلے میں 60 لاکھ ڈالر کم رہیں

لاہور (این این آئی) آئی ٹی کی برآمدات میں مسلسل 13 ماہ اضافے کے بعد پہلی بار کمی دیکھی گئی۔ رپورٹ کے مطابق نومبر 2024 میں آئی ٹی کی برآمدات اکتوبر کے مقابلے میں 60 لاکھ ڈالر کم رہیں۔ اکتوبر میں پاکستانی کمپنیز نے آئی ٹی سیکٹر میں برآمدات سے 32 کروڑ 40 لاکھ ڈالرز کمائے۔ آئی ٹی برآمدات میں ماہانہ بنیاد پر دو فیصد کمی او باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

نافرمانی آخری حل ہے دعا کرتے ہیں نوبت نہ آئے، زرتاج گل

بانی پی ٹی آئی سول نافرمانی کا کہیں گے تو قوم مانے گی اور لوگ نکلیں گے

فیصل آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنماء زرتاج گل کا کہنا ہے کہ سول نافرمانی آخری حل ہے دعا کرتے ہیں اس کی نوبت نہ آئے، بانی پی ٹی آئی سول نافرمانی کا کہیں گے تو قوم مانے گی اور لوگ نکلیں گے، 9 مئی پر ن لیگ تھک جائے گی ثابت کچھ نہیں ہو سکے گا۔ فیصل آباد میں انسداد دہشت گردی میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل میرے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے، کاپی پیسٹ نہیں ہوا، وزیر مملکت آئی ٹی

چیئرمین قائمہ کمیٹی امین الحق نے ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل اگلے اجلاس تک مؤخر کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل میرے ہاتھ سے لکھا ہوا ہے، کہیں سے کاپی پیسٹ نہیں ہوا، چیئرمین قائمہ کمیٹی امین الحق نے ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل اگلے اجلاس تک مؤخر کرتے ہوئے کہا کہ بل پر مزید مشاورت کی ضرورت ہے، تمام باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

چین اور یورپی یونین کے درمیان بیجنگ میں 19 ویں گول میز کانفرنس کا انعقاد

چین۔یورپی یونین تعلقات کی مضبوط، مستحکم اور پائیدار ترقی میں بڑا کردار ادا کرنے کو تیار ہے وانگ ڈونگ فینگ

بیجنگ (شنہوا) چین کی اقتصادی و سماجی کونسل (سی ای ایس سی) کے صدر وانگ ڈونگ فینگ نے بیجنگ میں 19 ویں چین۔ یورپی یونین گول میز کانفرنس میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ یہ اجلاس سی ای ایس سی اور اس کی یورپی ہم پلہ تنظیم یورپی اقتصادی وسماجی کمیٹی (ای ای ایس سی) کے مابین منعقد ہوا۔ چینی عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

تعلیمی بورڈز کے امتحانی نظام میں بے ضابطگیوں کی روک تھام کیلئے آن لائن پورٹل قائم کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے کے تعلیمی بورڈز کے امتحانی نظام میں بے ضابطگیوں کی روک تھام کیلئے ایک اہم قدم اٹھایا ہے جس کے تحت شکایات کے حل کے لیے آن لائن پورٹل قائم کیا گیا ہے جس کے ذریعے والدین اور طلبہ اپنی شکایات درج کروا سکیں گے۔ بی آئی ایس ای کمپلینٹ سیل ڈاٹ گورنمنٹ پر طلبہ اور والدین امتحانات میں ہونے والی کسی بھی غیر قانونی سرگرمی یا نقل کے متعلق شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور میں جائنٹ سوشل اینڈ کلچرل ایکشنز پراجیکٹ کی تقریب

تقریب کا انعقاد محکمہ انسانی حقوق نے برگد کے اشتراک سے کیا، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی خصوصی شرکت

پنجاب بھر میں مذہبی اقلیتیں اپنے تہوار مکمل آزادی سے منا رہی ہیں اور اس طرح کے سیمینارز بین المذاہب ہم آہنگی کو مزید مستحکم کریں گے، رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور میں محکمہ انسانی حقوق اور فلاحی تنظیم برگد کے باہمی اشتراک سے ”جائنٹ سوشل اینڈ کلچرل ایکشنز پراجیکٹ“ کے موضوع پر ایک تقریب منعقد کی گئی، جس میں صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ وائس چانسلر یونیورسٹی ہوم اکنامکس پروفیسر ڈاکٹر سیدہ فلیحہ، وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر، برگد کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر صبیحہ شاہین اور دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز قرآن پاک، بائبل، بھگود گیتا اور گرو گرنتھ صاحب سے مقدس آیات کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

پی ٹی آئی نے ایک قدم آگے بڑھایا ہے، رانا ثنا اللہ

ہم بھی مذاکرات کے ذریعے آگے بڑھنے کو تیار ہیں، مشیر برائے سیاسی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے ایک قدم آگے بڑھایا ہے ہم اس کو سراہتے ہیں، ہم بھی مذاکرات کے ذریعے آگے بڑھنے کو تیار رہیں۔ ایک انٹرویو میں وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مذاکرات کے لیے ہماری طرف سے بھی کمیٹی بنے گی لیکن اسپیکر آفس بہترین فورم ہے اور ابھی تک انہوں نے اسپیکر کے ذریعے کوئی پیغام نہیں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

سوڈان کے مخدوش حالات سے متاثرہ خاندانوں کیلئے 90 ٹن امدادی سامان روانہ

لاہور (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان نے سوڈان کے مخدوش حالات اور سیلاب سے متاثرہ بے گھر خواتین اور بچوں کیلئے 90 ٹن امدادی سامان روانہ کر دیا، اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں سوڈانی سفیر صالح محمد احمد محمد صدیق، چیئرمین ڈیزاسٹر مینجمنٹ و مرکزی نائب صدر الخدمت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

I.T ENTRY Test
QUETTA CHAPTER
OUR GOAL IS TO PRODUCE

کوئٹہ، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چین کا سنکیانگ اور بیلاروس کا دارالحکومت منسک نئے فضائی روٹ سے منسلک

ارمچی (شنہوا) چین کے شمال مغربی سنکیانگ ویغور خود مختار علاقے کے دارالحکومت ارمچی اور بیلاروس کے دارالحکومت منسک کو ملانے والے نئے فضائی روٹ کا آغاز ہو گیا ہے۔ سنکیانگ کے ہوائی اڈے کے حکام کے مطابق یہ بیلاروس کی بیلاویہ ایئر لائنز کی جانب سے چین میں شروع کیا جانے والا پہلا فضائی روٹ ہے۔

چینی وزیر خارجہ کی سی آئی سی اے وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت

بیجنگ (شنہوا) چین کے وزیر خارجہ وانگ ای نے ویڈیو لنک کے ذریعے ایشیا میں تعامل اور اعتماد سازی کے اقدامات (سی آئی سی اے) کے حوالے سے کانفرنس کے 7 ویں وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کی۔ کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ (سی پی سی) کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن اور وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا کہ سی آئی سی اے کے بانی رکن کی حیثیت سے چین نے سی آئی سی اے کے امور میں فعال طور پر حصہ لیا۔

وین واتو زلزلے میں 2 چینی باشندے جاں بحق ہوئے، سفارتخانہ

مقامی پولیس کے ساتھ مل کر ان کی شناخت اور ناموں کی تصدیق کی جا رہی ہے

سووا (شنہوا) وین واتو میں چینی سفارتخانے کے ناظم الامور گوژی ہوا نے کہا ہے کہ وین واتو میں زلزلے کے باعث جاں بحق ہونے والے 2 چینی باشندوں کی شناخت ہوئی ہے جن کا تعلق صوبہ فوجیان ہے۔ شنہوا کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

ہائی نان چینی جدیدیت کا اپنا باب خود رقم کرے، چینی صدر

ہائی نان آزاد تجارتی بندرگاہ کو ایک اہم راہداری بنائے جو نئے دور میں چین کی وسعت کا باعث بنے

سانیا (شنہوا) چین کے صدر شی جن پھنگ نے ہائی نان پر زور دیا کہ وہ ہائی نان آزاد تجارتی بندرگاہ کو ایک اہم راہداری بنائے جو نئے دور میں چین کی وسعت کا باعث بنے اور چینی جدیدیت کا اپنا باب رقم کرنے کی کوشش کرے۔ سی پی سی ہائی نان کی صوبائی کمیٹی اور صوبائی حکومت کی کارکردگی رپورٹ کا مشاہدہ کرنے کے بعد اپنے خطاب میں چینی صدر نے کہا کہ ہائی نان کو اصلاحات اور کھلے پن کے جامع استحکام کے لئے ماحولیاتی تحفظ کے قومی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

چین نے ویزے کے بغیر مختصر قیام میں 240 گھنٹے تک توسیع کر دی

مزید 21 اضافی بندرگاہوں کو ویزے کے بغیر داخلے اور اخراج کے لئے نامزد کیا گیا ہے

بیجنگ (شنہوا) چین نے ویزے کے بغیر مختصر قیام کے حوالے سے اپنی پالیسی میں نمایاں نرمی کا اعلان کیا ہے جس میں اہل غیر ملکی مسافروں کے قیام کا دورانیہ 72 اور 144 گھنٹے سے بڑھا کر 240 گھنٹے یا 10 دن کر دیا گیا ہے۔ قومی امیگریشن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

CENTRAL PUNJAB
پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب
twitter.com/PPPPunjab_SM
facebook.com/PPPCPSMT

لاہور، پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ و دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں



25 دسمبر یوم قائد کے عظیم الشان موقع پر

روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 22 دسمبر 2024 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000/0322-4181870